ماہنامہ

لاہور

جون


# راہنمائے عملیات

Rs.20

روحانی، عملیاتی اور نجومی دنیا کی حقیقی روایتوں کا امین۔۔ ایک پاکیزہ ماہنامہ



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Software



# لوح خوش قسمتی

آپ اگر خوش قسمتی کے طالب ہیں اور زندگی میں درپیش مختلف مسائل کے حل کے لیے موثر اور زود اثر روحانی و عملیاتی مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ماہر عملیات و نجوم **خالد اسحاق راٹھور**، ایڈیٹر ماہنامہ **راہنمائے عملیات** سے خاص کوکبی حالتوں یعنی کواکب کی سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کروالیں۔

**ہدیہ چاندی پر 1700 روپے**

free copy
khalidrathore.com
UrduTech
Document Processing Solutions

پبلشر و چیف ایڈیٹر

شائستہ خالد راٹھور

ایڈیٹر

خالد اسحاق راٹھور

فون

6374864 صرف شام 5 تا رات 8 بجے تک

**email / internet**

kirathor@pimail.com.pk

http://rehnuma-e-amalyat.webjump.com

آفس

مکان 2، گلی 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

[illegible]ت

فی شمارہ 20 رو[illegible]

زر سالانہ 230 روپے [illegible] ملک 20 ڈالر

ترسیل زر

اندرون ملک بذریعہ منی آرڈر، خالد اسحاق راٹھور، مکان 2، گلی 11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور

بیرون ملک **For bank draft**
Khalid Ishaq Rathor, Account No.8735-6, National Bank of Pakistan, Civil Secretariat, Lahore, Pakistan
**Phone 92-42-6374864**



# وقت ملاقات

شام 5 تا رات 8 بجے صرف



| | |
|---|---|
| جون | قیمت 20 روپے |
| جلد 3 | شمارہ 4 |



**وقت کی پابندی کریں**


ایڈیٹر **خالد اسحاق راٹھور**

## فہرست مضامین


| | | | |
|---|---|---|---|
| اعداد کی روشنی میں یہ ماہ | ۲ | السحر العجیب فی جلب الحبیب | ۴۴ |
| ماھانہ حالات | ۴ | بارہ مصالحے سولہ سنگھار | ۴۶ |
| کرشمہ رمل | ۹ | شرف قمر | ۴۸ |
| آکڑہ نکالنے کا طریقہ | ۱۲ | اوج زہرہ | ۴۸ |
| مراقبہ | ۱۳ | برج جوزا | ۴۹ |
| مشاہدہ غیب | ۱۶ | کورسز | ۵۳ |
| حاضری مطلوب | | عربی کتب | ۵۳ |
| شعبہ تعلیم | ۱۸ | [illegible]ن | ۵۳ |
| ابھار عطارد | ۲۰ | خالد روحانی [illegible] | ۵۴ |
| اسباق الاعداد | ۲۴ | نظرات جون | ۵۵ |
| کلید اسرار | ۲۹ | زنانہ حساب | ۵۶ |
| عملیات خواجہ معین الدین چشتی | ۳۲ | | |
| مراۃ النجوم | ۳۸ | | |



پبلشر و چیف ایڈیٹر شائستہ خالد راٹھور نے الامین ٹریڈرز پرنٹرز ۲۵ ملک جلال دین وقف گنپت روڈ سے چھپوا کر شائع کیا



free copy
khalidrathore.com

# آپ کا ماہ

## جون

## علم اعداد کی روشنی میں

از: خالد اسحاق راٹھور

یوں تو آپ ہر ماہ پیش آمدہ واقعات کے بارے میں علم نجوم کی پیش گوئیاں پڑھتے ہیں۔ تاہم اب آپ اعداد کے ذریعے بھی فطرت کے رازوں کو جانتے ہوئے آمدہ ماہ کے حالات سے باخبر ہو سکتے ہیں۔۔۔۔ اعداد کی روشنی میں حالات جاننے کے لیے دو طریقے مفید ہیں۔ اول آپ کی تاریخ پیدائش کا جو مفرد عدد ہے۔ وہی آپ کا ذاتی عدد ہے۔ اس کے تحت دیئے گئے حالات ماہ رواں کے لیے آپ پر لاگو ہوں گے۔۔۔۔ دوسرا طریقہ ذاتی عدد معلوم کرنے کا یہ ہے کہ نام کا مفرد عدد معلوم کر لیں۔ یہی آپ کا ذاتی عدد ہوگا اور اس کے تحت آپ اپنے حالات معلوم کریں۔ تاہم جن لوگوں کو درست تاریخ پیدائش معلوم ہے ان کے لیے پہلا طریقہ زیادہ مفید ثابت ہوگا۔

**تاریخ پیدائش کا عدد معلوم کرنا:**

تاریخ پیدائش 11-11-1911

مفرد عدد=1+1+1+1+1+9+1+1

=16=1+6=7

**نام کا مفرد عدد:**

نام: اک بر

اعداد: 1+2+2+2

=7

**جدول**

| | |
|---|---|
| ا،ی،ق،غ | 1 |
| ب،پ،ک،گ،ر،ڑ | 2 |
| ج،چ،ل،ش | 3 |
| د،ڈ،م،ت،ٹ | 4 |
| ہ،ن،ث | 5 |
| و،س،خ | 6 |
| ز،ژ،ع،ذ | 7 |
| ح،ف،ض | 8 |
| ط،ص،ظ | 9 |

### ذاتی عدد ایک(1) کے حاملین کے لیے ماہ جون

ازدواجی حوالے سے اچھا وقت ہے۔ اچھے اور خوشگوار حالات سے واسطہ پڑے گا۔ ملازمت پیشہ افراد کے لیے بھی یہ وقت عزت و مرتبہ اور فوائد لانے کا باعث ہوگا۔ تاہم اس وقت ایک بات کا خاص دھیان رکھیں اپنی کامیابی پر فخر کرنا اور بات ہے مغرور ہو جانا اور۔ جتنا تحمل، صبر اور شکر کا جذبہ آپ میں پیدا ہوگا۔ اتنا ہی معاملات میں زیادہ بہتری پیدا ہوگی۔ اس وقت معاملات کو عدالت سے باہر طے کرنا آپ کے لیے زیادہ بہتر ثابت ہوگا۔ قانونی چارہ جوئی سے بچیں حادثے کا خطرہ ہے۔ محتاط رہیں۔

### ذاتی عدد دو(2) کے حاملین کے لیے ماہ جون

یہ وقت آپ کے مالی اور معاشی حالات میں تبدیلی لائے گا۔ اب یہ آپ پر منحصر ہے کہ آپ کس کس سمت میں کامیابی کے حصول کے لیے محنت کرتے ہیں۔ کاروبار سے منسلک ہیں یا نوکری سے یہ امر لازم ہے کہ فوائد یا بہتری پیدا ہوگی۔ ریس جوا اور لاٹری جیسے امور بھی مددگار ہوں گے۔ اس ماہ اپنی اور شریک حیات کی صحت کا خیال رکھیں۔ ناخوشگوار دن دیکھ سکتے ہیں۔ تاہم غیر شادی شدہ افراد اس ماہ اپنے رشتے کی تلاش پر توجہ دیں۔ محبت اور شادی کا واضح امکان ہے۔ وہ لوگ جن کے معاملات حکومت کے ساتھ طے ہونے میں مشکلات آرہی تھیں ان کو مستعدی کے ساتھ اس وقت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے مقاصد کے حصول کے لیے کام کرنا چاہیے۔

### ذاتی عدد تین(3) کے حاملین کے لیے ماہ جون

یہ وقت متضاد حالات لیے ہوئے ہے۔ ایک طرف خوشی اور دوسری طرف کچھ مسائل بھی۔ پہلے مسائل کی بات کریں تو یہ بات واضح ہے کہ آپ کا رویہ بہت سے مسائل پیدا کرنے کا باعث یا ان کو حل کرنے کا باعث ہوگا۔ مشورہ آپ کے لیے یہ ہے کہ اپنے مزاج پر قابو رکھیں لڑائی جھگڑے اور فساد سے بچیں۔ بیرون ملک جانے کے خواہش مند یا بیرون ملک کاروبار کرنے والوں کے لیے بہتر مواقع پیدا ہوں گے۔ صرف روزگار ہی نہیں تعلیم کے حوالے سے بھی بیرون ملک جانا مفید ثابت ہوگا۔ حکومت کا تعاون اور مدد حاصل رہے گی۔ خاندان کے مسائل اور جھگڑوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ صحت کا خیال رکھیں اور قانونی لڑائی سے اپنے آپ کو دور رکھیں۔

### ذاتی عدد چار(4) کے حاملین کے لیے ماہ جون

یہ ماہ کچھ اچھی خبریں لے کر نہیں آرہا۔ بہت سے پرانے مسائل

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy khalidrathore.com

دوبارہ زندہ ہو سکتے ہیں۔ خصوصاً زمین اور جائداد کے معاملات پریشانی کا باعث ہوں گے۔ اگر آپ حق لینا چاہیں گے تو اس کی قیمت بھی ادا کرنا ہوگی۔ معاملہ کچھ بھی ہو حالات ایسے ہی ہوں گے۔ مخالفین بیرونی مدد (پولیس، طاقتور لوگ، معاش) کے ذریعے آپ کو دبانے کی کوشش کریں گے۔ اپنے ذہن کو پُرسکون رکھنے کی کوشش کریں۔ اگلا ماہ بہت سے جاری مسائل کا حل لے کر آئے گا۔ البتہ مالی اور معاشی میدان میں کامیابی کے امکانات ہیں۔ سو اپنی زیادہ توجہ اس امر کی ہی طرف رکھیں تاکہ زیادہ سے زیادہ وسائل اکٹھے کر سکیں۔

## ذاتی عدد پانچ(5) کے حاملین کے لیے ماہ جون

کامیابی یا حصول مقاصد کے لیے اگر آپ اپنے دوستوں یا ملنے والوں پر بھروسہ کر کے بیٹھے رہے تو پھر منزل دور ہوتی چلی جائے گی۔ یہ لوگ آپ کا منزل تک ساتھ نہ دیں گے بلکہ راستے میں چھوڑنے اور دھوکہ دینے کا باعث ہوں گے۔ اس ماہ ایسے تمام کام جہاں محنت کی بجائے قسمت کا زیادہ عمل دخل ہو ناکامی اور نقصان لے کر آئیں گے۔ یعنی شیئرز اور انعامی سکیمیں مالی نقصان کا باعث ہوں گی۔ اس ماہ خاندانی مسائل کا بھی سامنا ہوگا۔ خاندانی اور گھریلو جھگڑے غیر متوقع طور پر سامنے آئیں گے اور پریشانی کا باعث ہوں گے۔ ماہ کے آخر میں توقع کی جا سکتی ہے کہ مالی حالات بہت حد تک خوشگوار شکل اختیار کر چکے ہوں۔

## ذاتی عدد چھ(6) کے حاملین کے لیے ماہ جون

محبت کے متوالوں اور شادی کے خواہش مندوں کے لیے یہ وقت کامیابی کی خبریں لا رہا ہے۔ جتنی محنت کریں گے اتنا ہی پھل ملے گا۔ صحت عمومی طور پر اچھی رہے گی۔ ماسوائے اس کے کہ کوئی حادثہ نہ پیش آ جائے۔ یوں سفر کرنا مفید ثابت ہوگا بلکہ طویل اور بیرون ملک سفر زیادہ اچھے مواقع لائے گا۔ زندگی کے مختلف معاملات کے حل کے لیے دوسروں کے مشورے حاصل کرنا تو برا نہیں مگر ان پر عمل کرنا اس وقت فائدہ مند نہ ہوگا۔ خصوصاً اس وقت ذاتی معاملات اور کاروبار وغیرہ میں دوسروں کو عمل دخل کا موقعہ نہ دیں۔ ذاتی سوچ بچار اور مسلسل توجہ ہی بہتر ثابت ہوگی۔

## ذاتی عدد سات(7) کے حاملین کے لیے ماہ جون

اخراجات آمدن سے زیادہ ہوں گے۔ خصوصاً شروع کے دنوں میں۔ اگر آپ نے احتیاط کا دامن نہ پکڑا تو پھر یکے بعد دیگرے بہت سے مسائل آپ کے سامنے آکھڑے ہوں گے۔ بہت ممکن ہے کہ دفتری اور کاروباری معاملات میں کچھ مسائل درپیش آئیں۔ یہ وقت محتاط گزر عمل کا متقاضی ہے جذباتیت سے کام نہ لیں ورنہ زیادہ الجھنیں پیدا ہوں گی۔ اس ماہ ایک اہم بات پر توجہ دیں یعنی جنس مخالف سے محتاط رہیں۔ یہ شعبہ بظاہر ہے تو مزے دار اور بعض لوگوں کو اس میں لطف بھی بہت آتا ہے مگر یہ وقت ایسے کاموں کے لیے بالکل موزوں نہیں۔ حکومت سے کسی بھی قسم کی مخالفت یا حکومت کاموں میں رکاوٹ ڈالنا موجب پریشانی ثابت ہوگا۔

## ذاتی عدد آٹھ(8) کے حاملین کے لیے ماہ جون

یہ وقت سفر لائے گا جو کہ فائدہ مند بھی ہوگا۔ اور اولاد کی طرف سے محتاط رہیں بہت ممکن ہے ان کی طرف سے مسائل کا سامنا ہو۔ اولاد پر اگر آپ نے توجہ نہ دی تو وہ آپ کی عزت اور وقار پر حرف لانے کا باعث بھی بن سکتی ہے۔ بہت ممکن ہے کہ کسی ایسے ذریعے سے آمدن یا دولت کا حصول ہو جہاں سے آپ کو یا تو بالکل توقع نہ تھی یا بالکل معمولی امکانات تھے۔ اس ماہ زیادہ ذہنی منصوبے بنانے کی بجائے عمل پر توجہ دیں۔ ذہن کو زیادہ مصروف رکھنے سے سوائے ذہنی پریشانی کے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ ازدواجی حوالے سے اچھا وقت ہے۔

## ذاتی عدد نو(9) کے حاملین کے لیے ماہ جون

اس عدد کے تحت آنے والے بے روزگار افراد کو اس ماہ حصول روزگار کی سعی تیز تر کر دینی چاہیے۔ کامیابی کے کافی امکانات ہیں۔ کاروبار یا روزگار میں ترقی کرنا چاہتے ہیں تو پرانے طریقے یا طرز عمل میں جدت پیدا کریں یہی آپ کی کامیابی کا زینہ ثابت ہوگی۔ تاہم مادی معاملات میں اپنے قریبی افراد اور رشتے داروں پر نظر رکھیں۔ یہ خرابی کا باعث بن سکتے ہیں۔ اس عدد کے تحت آنے والے مرد و زن کو جنس مخالف سے محتاط طرز عمل اختیار کرنا چاہیے۔ یوں غیر شادی شدہ افراد کی منگنی یا شادی وغیرہ کا واضح امکان ہے۔ اخراجات میں اضافہ ممکن ہے جبکہ آمدن میں تقابلی طور پر اضافہ نہ ہوگا۔ سو چادر دیکھ کر پاؤں پھیلائیں۔

**اس سلسلے کے بارے میں اپنی آرا ہمیں ارسال کریں۔ کیا آپ اسے جاری رکھنے کے حق میں ہیں یا نہیں؟**

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

# ماہ جون

# ماھانہ حالات

## علم نجوم کی روشنی میں

انجم: شہباز انجم۔

| | |
|---|---|
| برج حمل | 21مارچ تا20اپریل |
| سیارہ | مریخ |
| حروف | ا،ل،ع،ی |

1-7

برج حمل کے حامل افراد کے لیے ماہ جون کا پہلا ہفتہ ذرائع آمدن میں اضافہ کا باعث ہو سکتا ہے اس کے علاوہ اسی مہینے میں برج حمل اور میزان کے تحت آنے والے لوگ فائدہ دیں گے ان کے ساتھ مل کر کام کرنا بہتری لے کر آئے گا۔ برج میزان کے تحت آنے والے لوگ مشکل وقت اور اندرون ملک سفر میں بھی آپ کے معاون ہونگے۔

8-14

اس ہفتے میں آپ کو اپنی مصروفیات کم کرنا ہونگی کیونکہ 12'11'10'9 تاریخوں کے دنوں میں آپ کی قسمت شاید بہتر طریقے سے آپ کا ساتھ نہ دے سکے اس لیے کسی جگہ شراکت اور سرمایہ کاری وغیرہ نہ کریں پریشانی میں اضافہ ہوگا۔ اس لیے بہتر ہوگا کہ اس ہفتے میں آپ پلاننگ وغیرہ کریں اور عملی کاموں کی طرف زیادہ نہ جائیں۔ 8 تاریخ کا دن بھی اہم ہوگا۔

15-22

اس ہفتے کی 18'17 تاریخ اہم ہوگی۔ چونکہ مقابلہ کی نظر آپ کے لیے پریشانی لے کر آئے گی۔ ذرائع آمدن اور کاروبار نوکری کی وجہ سے گھر میں ایک نئی بحث شروع ہوگی لیکن 19 تاریخ کے بعد نوعیت کچھ بدل جائے گی ممکن ہے کہ پیار محبت سے معاملات حل ہو جائیں سفری امور سے بھی آپ کی توجہ ہٹ جائے گی۔

23-30

یہ ہفتہ آپ کے لیے بہتر گزرے گا اس ہفتے میں 24 تا 27 تاریخوں کے دن اہمیت کے حامل ہونگے آپ کے ذہن میں نئی قسم کی پلاننگ آئے گی۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 3'6'9 ہیں لہذا ان سے آپ انعامی سکیموں میں فائدہ لے سکتے ہیں۔ اس مہینے میں آپ اپنی آمدنی میں خاطر خواہ اضافہ کرنے کی کوشش میں رہیں گے تاکہ صورت حال کچھ مثبت ہو۔

| | |
|---|---|
| برج ثور | 21اپریل تا20مئی |
| سیارہ | زہرہ |
| حروف | ب |

1-7

برج ثور کے حامل افراد کے لیے جون کے مہینے میں برج اسد، عقرب اور دلو کے تحت آنے والے افراد کے ساتھ ملنے جلنے کا موقع ملے گا اس ہفتے میں 1'2'7 تاریخیں آپ کے لیے اہمیت کی حامل ہونگی اور آپ کو نئے کاموں میں حصہ لینے کا موقع ملے گا اور ایک سے زیادہ ذرائع آمدن متوقع ہیں۔

8-14

اس ہفتے میں آپ کو سفر کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے اور شریک حیات کے ساتھ تلخی پیدا ہو سکتی ہے لہذا 11 سے 14 تاریخوں کو بہت زیادہ کاموں میں الجھنے کی کوشش نہ کریں اور کسی نئی جگہ پر کاروباری شراکت کے لیے نہ جائیں لیکن ان تاریخوں کے بعد نحوست دور ہو جائے گی۔

15-22

اس ہفتے میں 16 تاریخ کا دن اہمیت کا حامل ہوگا چونکہ قمر برج قوس سے نکل کر جدی میں داخل ہوگا اور بعض سیارگان سے نحس نظر بنائے گا اس لیے آپ اپنے ملنے والے افراد سے اس ہفتے میں خاص طور پر احتیاط برتیں۔ ہمسائے اور رشتہ دار اہمیت حاصل کریں گے۔

23-30

اس ہفتے میں 26'27'28'29 تاریخوں کو قسمت آپ پر مہربان ہوتی نظر آتی ہے۔ آپ سماجی اور اخلاقی قدروں کی پاسداری کریں گے۔ اس ماہ میں

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

آپ کے لیے نمبر 1'4'7 ہیں ان سے آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ انا پسندی اور سست روی کی وجہ سے آپ اس مہینے میں اپنی کامیابیوں کو گنوانے کی کوشش نہ کریں۔

| | |
|---|---|
| برج جوزا | 21 مئی تا 20 جون |
| سیارہ | عطارد |
| حروف | ک، ق |

1-7

برج جوزا کے حامل افراد کے لیے جون کے مہینے کا پہلا ہفتہ مختلف کاموں کی طرف دھیان لے کر آئے گا۔ 1'2'3'4'6 تاریخوں میں مختلف کام نحوست کا شکار رہیں گے۔ جدی، سرطان اور دلو کے تحت آنے والے افراد آپ کو اس مہینے میں فائدہ دے سکتے ہیں اور پہلے ہفتے میں آپ کو پلاننگ کرنے کا موقع ملے گا۔

8-14

اس ہفتے کے دوران آپ آمدنی کو بڑھانے کی غرض سے اپنے دوستوں کے ساتھ اپنا اثر رسوخ استعمال کریں گے اور اس کا نتیجہ مثبت نکلے گا۔ 13 اور 14 تاریخ کو صحت پر خاص طور پر توجہ دیں ملازمت میں تبدیلی کے امکانات ہیں اس لیے اگر کوشش کریں تو کسی نئی جگہ جانے کا موقع مل سکتا ہے۔

15-22

اس ہفتے کی 15'16'17 تاریخیں اہم ہیں لوگوں کے ساتھ شراکت کرنے کا موقع مل سکتا ہے۔ اگر بیرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو کام بن سکتا ہے۔ قانونی پیچیدگیوں سے بچنے کی کوشش کریں۔ جائیداد بیچنے میں نقصان کا سامنا ہوگا۔ شریک حیات کی طرف سے کوئی مصیبت آسکتی ہے۔

23-30

24 تاریخ کا دن اہم ہوگا اس دن قمر برج حمل میں تسدیس اور تثلیث کی نظر بنائے گا جس کا مثبت نتیجہ نکل سکتا ہے۔ لیکن 28'29'30 تاریخیں نحوست کا باعث ہونگی مختلف کاموں کی طرف آپ کی توجہ بٹتی رہے گی۔ اس مہینے میں آپ کے لکی نمبر ؟؟؟؟ ہیں ان سے آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں یاد رہے کہ سیارہ شمس 22 تاریخ کے بعد آمدن میں اضافے کا باعث ہوگا۔

| | |
|---|---|
| برج سرطان | 21 جون تا 20 جولائی |
| سیارہ | قمر |
| حروف | ح، ھ |

1-7

برج سرطان کے حامل افراد کے لیے جون کے مہینہ میں برج جوزا اور قوس فائدہ پہنچائیں گے اور آپ کی وابستہ امیدیں پوری ہونگی۔ اس ہفتے کی 3'4'5 اور 6 تاریخیں بہتری لے کر آئیں گی لیکن ان تاریخوں میں اپنے اخراجات کو کنٹرول کریں اور غیر ضروری کاموں میں نہ پڑیں۔

8-14

اس ہفتے میں آپ کی مصروفیات کچھ خاص رنگ لے کر آئیں گی اور آپ بہت کوشش کریں گے کہ کسی طرح سے آمدن میں اضافہ ہو جائے۔ آپ گھریلو کاموں میں دلچسپی لیں گے گھر کے بڑے افراد کے ساتھ آپ کا رویہ خاصا اہمیت کا حامل ہوگا۔

15-22

اس ہفتے میں 17 تاریخ کو سیارہ مریخ برج سرطان میں آئے گا اور آپ بڑھ چڑھ کر کاموں میں دلچسپی لیں گے۔ آپ کی طبیعت میں خاصا جوش و خروش پایا جائے گا۔ 19 تاریخ کو سیارہ زہرہ برج سرطان میں آئے گا اور یہ آپ کو قدرے آسائش پسندی کی طرف لے کر جائے گا۔ سستی اور کاہلی پیدا ہوگی۔

23-30

اس ہفتے میں آپ کے حالات کچھ بہتری کی طرف گامزن ہونگے کچھ نئے کاموں میں آپ کی مصروفیت بڑھے گی۔ گھر والوں اور دوستوں کے ساتھ سفر کا موقع ملے گا۔ 22 تاریخ کو ستارہ شمس برج سرطان میں آئے گا اور اپنی روشنی سے آپ کو منور کرنا شروع کرے گا۔ اس ہفتے میں آپ کے لکی نمبر ؟؟؟ ہیں آپ ان سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج اسد | 21 جولائی 20 اگست |
| سیارہ | شمس |
| حروف | م |

1-7

برج اسد کے حامل افراد کے لیے جون کے مہینے کا پہلا ہفتہ خوشگوار گزرے گا اور اس ہفتے کی 5'6'7'8 تاریخیں آپ کے لیے بہتری لے کر آئیں گی ان تاریخوں میں آپ کی وابستہ امیدیں پوری ہوتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں۔ 4 تاریخ کا دن خاص طور پر اہمیت کا حامل ہوگا۔

8-14

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy khalidrathore.com Document Processing Solutions

اس ہفتے میں 13 تاریخ کو قمر برج عقرب میں آئے گا جو گھریلو امور کی طرف آپ کی توجہ مرکوز کرے گا۔ اس ماہ میں برج ثور اور برج عقرب کے حامل افراد سے آپ کو تعاون مل سکتا ہے۔ دوستوں کی طرف سے بھی تعاون کی توقع ہے۔ آپ کی عزت و وقار میں اضافہ کا باعث ہو سکتے ہیں۔

15-22

اس مہینے میں 17 تاریخ کو سیارہ مریخ برج سرطان میں داخل ہو گا اور 19 تاریخ کو سیارہ زہرہ بھی برج سرطان میں آئے گا لہٰذا آپ کو اخراجات کا سامنا ہو سکتا ہے اور لوگوں کی طرف سے مخالفت کا سامنا بھی ہو سکتا ہے۔ 22 تاریخ کا دن ازدواجی معاملات میں پریشانی لا سکتا ہے۔

23-30

اس ہفتے میں 23 تاریخ کو برج سرطان میں سیارہ عطارد استقامت میں آئے گا اور روپے پیسے کے معاملے میں مثبت تبدیلی لے کر آئے گا۔ کاروباری حالت میں کچھ پیش رفت ہو گی۔ بیوی کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ کاروباری معاملات میں شراکت کرنا فی الحال بے سود ہو گا۔ اس لیے ایسے ارادے کو ترک کر دیں۔

| | |
|---|---|
| برج سنبلہ | 21 اگست تا 20 ستمبر |
| سیارہ | عطارد |
| حروف | پ، غ |

1-7

برج سنبلہ کے حامل افراد کے لیے جون کے مہینے میں برج جوزا اور ان کے اپنے ہی برج کے لوگ فائدہ دیں گے۔ ان کے تعاون سے آپ کاروباری حلقے کے لوگوں میں مقبول ہو سکتے ہیں۔ اس ہفتے میں 2'3'5 اور 7 تاریخیں آپ کے لیے فائدہ لے کر آئیں گی۔

8-14

اس ہفتے میں 8 تاریخ کو قمر برج سنبلہ میں آئے گا اور سیارہ عطارد سے تسدیس بنائے گا۔ لہٰذا آپ 9 اور 10 تاریخ کو بھی مالی پوزیشن اور بننے کاموں میں پلاننگ کر کے فائدہ حاصل کر سکتے ہیں۔ 13 اور 14 تاریخ کو اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے بہتر نہ ہو گا۔

15-22

اس ہفتے میں عمر سے بڑے افراد اور دوستوں سے وابستہ امیدوں میں اتار چڑھاؤ آئے گا اور بعض کام ہوتے ہوتے رہ جائیں گے۔ 22'21 تاریخیں بہتر نہ ہوں گی ان دنوں میں لوگوں کے ساتھ تعلقات کو خراب نہ کریں ورنہ مشکلات میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

23-30

اس ہفتے کی 24'23 تاریخ ازدواجی معاملات کے لحاظ سے اہم ہو گی۔ شریک حیات کے رشتے داروں سے حالات خراب ہونے کی توقع ہے۔ 26'25 تاریخ کو دماغی پریشانیوں سے بچنے کی کوشش کریں۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 2'3'5 ہیں۔ انعامی سکیموں میں آپ ان سے مدد لے سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج میزان | 21 ستمبر تا 20 اکتوبر |
| سیارہ | زہرہ |
| حروف | ر، ت، ط |

1-7

برج میزان کے حامل افراد کے لیے جون کے مہینے میں برج ثور اور ان کے اپنے ہی برج کے لوگ فائدہ مند ہوں گے اور اس ہفتے میں 2 تاریخ خاصی اہمیت کی حامل ہو گی۔ چونکہ قمر برج جوزا میں داخل ہو گا اور آپ مختلف کاموں سے فائدہ اٹھا سکیں گے اور بہتری کی راہ کچھ ہموار ہو گی۔

8-14

اس ہفتے میں 9 تا 12 تاریخ تک حالات آپ کی فیور میں رہیں گے اور آپ کی عزت شہرت میں اضافہ ہو گا یہ بہتر وقت ہو گا کہ آپ لوگوں سے ملیں اور اپنا کام نکلوانے کی کوشش کریں اور خاص طور پر مالی مفادات کو بھی مد نظر رکھیں۔

15-22

اس ہفتے میں سیارہ شمس، زہرہ اور مریخ اپنے بروج کو تبدیل کریں گے جس کی وجہ سے آپ کی زندگی میں کچھ تبدیلیاں رونما ہوں گی اور ان میں سے بیشتر میں آپ کو فائدہ حاصل ہو گا۔ اس کے علاوہ اس ہفتے کی 17 اور 20 تاریخیں خاصی اہمیت کی حامل ہوں گی۔

23-30

اس ماہ کا آخری ہفتہ پہلے کی نسبت الٹ ہو جائے گا۔ 24 تا 27 تاریخ کو مختلف کاموں میں التوا آئے گا اس دوران کاروباری معاملات میں قدرے ہوشیاری چالاکی سے کام لیں اور کسی بڑی جگہ پر سرمایہ کاری نہ کریں۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 2'4'6 ہیں ان سے آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

| | |
|---|---|
| برج عقرب | 21 اکتوبر تا 20 نومبر |
| سیارہ | پلوٹو / مریخ |
| حروف | ظ، ذ، ض، ز، ن |

1-7

برج عقرب کے حامل افراد کے لیے جون کے مہینے میں برج حوت اور برج سنبلہ کے تحت آنے والے افراد کامیابی کی راہ ہموار کریں گے۔ اس میں آپ کے دوست ایک اہم رول ادا کریں گے۔ 1'2 تاریخ میں کچھ پیش رفت ہو گی۔ ازدواجی معاملات اہمیت اختیار کر سکتے ہیں۔

8-14

اس ہفتے میں 10 تا 14 تاریخیں خاصی اہم ہوں گی۔ آپ کو اپنے اخراجات کو کنٹرول کرنا ہوگا۔ اور خاص طور پر ان دنوں میں جلد بازی میں کوئی اہم فیصلہ نہ کریں بلکہ کسی کی مدد حاصل کریں اور باہمی مشاورت سے آگے بڑھنے کی کوشش کریں۔

15-22

اس ہفتے میں چند سیارگان آپ کو نحوست کے دور سے نکالنے میں مددگار ثابت ہونگے اور خاص طور پر 19 تاریخ کے بعد نحوست کا دور ختم ہوتا دکھائی دیتا ہے۔ اور آپ بہتر حکمت عمل سے کام کریں گے۔ اور آپ کی طبیعت کا ہیجان کچھ کم ہوگا۔

23-30

اس ہفتے میں 25'26'27'28 تاریخوں کو اپنے گردو پیش کے لوگوں پر نظر رکھیں کسی پر بہت زیادہ اعتماد آپ کو نقصان کی طرف لے کر جا سکتا ہے۔ اس لیے ان تاریخوں میں اپنی مصروفیات کو کچھ کم کریں۔ اس ماہ میں 3'5'7 آپ کے لکی نمبر ہیں ان سے آپ انعامی سکیموں میں فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج قوس | 21 نومبر تا 20 دسمبر |
| سیارہ | مشتری |
| حروف | ف |

1-7

برج قوس کے حامل افراد کو جون کے مہینے میں برج جدی اور برج سرطان کے حامل افراد سے فائدہ ہو سکتا ہے۔ یہ آپ کو مالی معاملات میں فائدہ پہنچانے کی کوشش کریں۔

8-14

اس ہفتے میں 9 تاریخ اور 13'14 تاریخ آپ کو فائدہ دے سکتی ہے۔ چونکہ قمر برج قوس میں آرہا ہوگا اور آپ کے ارادوں کو بلند کرے گا اور آپ ایک مرتبہ جس کام کی ٹھان لیں گے کر کے ہی چھوڑیں گے۔ رشتہ، منگنی، نکاح وغیرہ کے لیے یہ مہینہ کافی کارآمد ثابت ہوگا۔ سیارہ زہرہ، شمس اور مریخ شادی کروانے میں معاون ہونگے۔

15-22

اس ہفتے میں کافی تبدیلیاں متوقع ہیں اور ان کے لیے تاریخوں کا انتخاب یہ ہے۔ 15'16'18 تاریخوں میں آپ کے حالات کچھ بدلنے کے امکانات ہیں۔ وہ لوگ جو کسی جگہ سرمایہ کاری کرنے کے لیے رکے ہوئے تھے اب سرمایہ کاری کرنے کے لیے ان کے پاس اہم موقع ہے۔

23-30

اس ہفتے میں کچھ کاموں میں التوا آئے گا اور بعض کام ہوتے ہوئے رہ جائیں گے۔ 27'28'29'30 تاریخیں نحوست کا باعث ہوں گی ممکن ہے جس مقصد کے لیے آپ کام کر رہے ہوں وہ مقصد حل ہی نہ ہو۔ اس مہینے میں آپ کے لکی نمبر 1'2'3 ہیں۔ ان سے آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج جدی | 21 دسمبر تا 20 جنوری |
| سیارہ | زحل |
| حروف | ج، خ، گ |

1-7

برج جدی کے حامل افراد کے لیے جون کے مہینے میں برج حمل اور برج میزان کے لوگ کافی مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ یہ آپ کے گھریلو معاملات جائیداد کے تنازع کے حل اور آپ کے عزت و وقار اور کیریئر سے ہوگا۔ آپ ملازمت میں بھی اہم رول ادا کر سکتے ہیں۔ اس ہفتے کے اہم دن 2'3'4'5 ہیں۔

8-14

اس ہفتے میں قمر برج سنبلہ سے اپنا سفر شروع کرے گا جو کہ آپ کے لیے بہتری کا باعث ہو سکتا ہے آپ کو ملازمت اور شریک حیات کے ساتھ سفر کا موقع بھی مل سکتا ہے۔ اس ہفتے میں آپ کے عزت و وقار کو نقصان ہو سکتا ہے لہذا احتیاط کریں۔ 13'14 تاریخ کو سفر نہ کریں۔ امیدیں پوری نہ ہونگی۔

15-22

نجوم، پامسٹری، [illegible] جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔

اس ہفتے میں 16'17'18'19 تاریخوں کو آپ کو بھرپور طریقے سے آگے بڑھنا چاہیے۔ ترقی کی راہیں ہموار ہونگی لوگوں کی طرف سے آپ کو اچھا ریسپانس مل سکتا ہے۔ شائد کسی طرف سے آپ کو شادی کی آفر ہو جائے۔ مالی لحاظ سے بھی یہ ہفتہ خاصی اہمیت کا حامل ہے۔

23-30

اس ہفتے میں آپ کے گھر والے کوئی اہم فیصلہ آپ کے متعلق کر سکتے ہیں دوستوں کی مدد سے آپ کی حیثیت اور مرتبے میں اضافہ ہوگا۔ اس ماہ میں آپ کو اپنی صحت کی جانب بھی خاصی توجہ دینی چاہیے۔ لیکن آخری ہفتے تک طبیعت سے خاصا بوجھ کم ہو جائے گا۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 3'6'9 ہیں۔ ان سے آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| برج دلو | 21 جنوری تا 20 فروری |
| سیارہ | یورانس / زحل |
| حروف | س، ش، ث |

1-7

برج دلو کے حامل افراد کے لیے جون کے مہینے میں برج اسد اور برج عقرب کے تحت آنے والے افراد کاروباری اور ازدواجی معاملات اس کے علاوہ شراکتی امور میں بہتری لے کر آئیں گے۔ اس ہفتے کی 1'4 اور 7 تاریخ اہم ہوگی۔ قمر برج سرطان میں آئے گا ملازمت میں تبدیلی لا سکتا ہے۔

8-14

اس ہفتے میں آپ کو کافی لوگوں سے مدد ملنے کے امکانات ہیں آپ کو چاہیے کہ آپ اپنے دوست احباب سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کریں۔ آپ کو دعوت وغیرہ میں شرکت کا موقع بھی مل سکتا ہے اس کے علاوہ جنس مخالف کی کشش بھی آپ کو اپنی طرف کھینچے گی۔

15-22

اس ہفتے میں چند سیارگان برج سرطان میں داخل ہونگے جو آپ کی پریشانی میں کمی کا باعث بنیں گے خاص طور پر ملازمت کے حصول کے سلسلے میں چونکہ آپ کو ایک سے زیادہ جگہوں سے ملازمت کی آفر بھی آ سکتی ہے۔ اس ہفتے کی 16 تاریخ اور 19'20'21'22 تاریخیں بہتر ہوں گے۔ صحت کا خاص طور پر خیال رکھیں۔

23-30

اس ہفتے کی 25 تاریخ خاص طور پر اہمیت کی حامل ہو گی۔ قمر برج حمل میں داخل ہوگا۔ اور سیارہ مریخ سے چوتھے گھر کی نظر بنائے گا۔ جس کے کچھ منفی اثرات آپ پر مرتب ہو سکتے ہیں۔ اس ماہ میں آپ کے لکی نمبر 1'4'7 ہیں ان سے آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ سرخ رنگ کی اشیاء کا صدقہ خیرات آپ کی مشکلات میں کمی کا باعث ہوگا۔

| | |
|---|---|
| برج حوت | 21 فروری تا 20 مارچ |
| سیارہ | نپچون / مشتری |
| حروف | د، چ |

1-7

برج حوت کے تحت آنے والے افراد کے لیے جون کے مہینے میں برج جدی اور سرطان کے تحت آنے والے افراد فائدہ دے سکتے ہیں اندرون ملک سفر اور قریبی جانے والوں سے وابستہ امیدیں پوری ہونگی۔ اس ہفتے میں 6 اور 7 تاریخ خاصی اہمیت کی حامل ہونگی۔

8-14

اس ہفتے میں 8'9'10 تاریخوں میں آپ کو کچھ مشکلات پیش آ سکتی ہیں۔ لہٰذا ان دنوں میں آپ کو اپنی مصروفیات کو کنٹرول کرنا ہوگا۔ آپ کے گھریلو امور میں بھی اتار چڑھاؤ آ سکتا ہے۔ شریک حیات کی طرف سے بھی کچھ تلخیوں کا سامنا ہو گا جسے برداشت کرنا آپ کے بس سے باہر ہو تا جائے گا۔

15-22

اس ہفتے میں 18'19 تاریخوں کو اخراجات اور پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔ آپ کی توجہ گھریلو امور سے نکل کر اولاد کی جانب مبذول ہو گی۔ اچانک دولت حاصل کرنے کی خواہش بڑھے گی اور ممکن ہے کہ آپ انعامی سکیموں، ریس، لاٹری جیسے کاموں میں دلچسپی لیں۔ 21'22 تاریخ بہتر ہو گی۔

23-30

اس ہفتے میں 23'24 تاریخوں کو آپ نئی پلاننگ کریں گے اس کے لیے آپ کو اندرون ملک سفر کے مواقع بھی ملیں گے اور ممکن ہے کہ یہ سفر آپ کے لیے بہتری لے کر آئیں۔ اس ہفتے میں آپ کے لکی نمبر 2'4'6 ہیں انعامی سکیموں کے لیے آپ ان سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ دوستوں کی مدد سے بھی کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
LunaTech Document Processing Solutions

# کرشمہ رمل

از: ملازم حسین: اسلام آباد۔

(قسط نمبر 1)

## (باب حاضرات آسیب و جنات)

کرشمہ رمل ناچیز کی ایک زیر ترتیب کتاب ہے۔ یہ کتاب تقریباً سات سو صفحات پر مکمل ہو گی۔ 'راہنمائے عملیات' کے قارئین کے لیے اس کے کچھ باب قسط وار پیش کیے جا رہے ہیں سب سے پہلے کرشمہ رمل کا وہ حصہ پیش کیا جا رہا ہے۔ جو حاضرات آسیب و جنات، ہمزاد و موکلات ارواح کے بارے میں ہے۔

ہیرے کی قدر جوہری ہی کرتے ہیں۔ جو لوگ اس فن کی گہرائی سے واقف ہیں۔ ان کو یہ اندازہ لگانا مشکل نہ ہو گا۔ کہ ہم نے کس قدر فراغ دلی اور فیاضی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان رازوں کو افشاء کیا ہے۔ جن کو علماء رمل نے نااہلوں سے پوشیدہ رکھا ہے۔ یہ دعوی کرنا تو غلط ہو گا کہ یہ کتاب یکتائے فن ثابت ہو گی البتہ یہ طے ہے کہ یہ کتاب جب مکمل ہو کر منظر عام پر آئے گی۔ تو اس کو ارباب فن قدر و منزلت کی نظروں سے دیکھیں گے۔ اور خادم و ناچیز کی فیاضی اور وسعت قلب کے قائل ہوں گے۔

کرشمہ رمل کا یہ باب ان لوگوں کے لیے ایک خاص تحفے کی حیثیت رکھتا ہے۔ جو لوگ علم الرمل کے ساتھ ساتھ علم الحاضرات کا شوق بھی رکھتے ہونگے۔ کیونکہ اس باب میں ہم ایسے زود اثر اور قیمتی فارمولے پیش کریں گے جو کہ ایک تو مریضوں کے بارے میں ہیں۔ مریض پر کس چیز کے اثرات ہیں؟ جادو سحر جناب سایہ بزرگ ہمزاد یا تعویذات رجعت وغیرہ --- لوگوں پر جنات کا آنا یا گھروں میں قابض ہونا آسیبی مریض پر حاضرات ہو گی یا کہ نہیں؟ بندش کاروبار دکان کو کہ جنات کی وجہ سے ہو یا کی گئی ہو۔ گھر میں کسی بزرگ کی قبر کا ہونا۔ اس کے علاوہ ایسے لوگوں کے بارے میں تشخیص کے طریقے لکھے جائیں گے۔ جن پر حاضرات ہو سکتی ہے۔ یا ایسے لوگ جنکا اندر کا انسان (ہمزاد) بیدار ہوتا ہے۔ یا کئی لوگوں پر کسی بزرگ کا سایہ ہوتا ہے --- یا کوئی بزرگ آتے ہیں وغیرہ --- زائچہ میں کسی شخص کی تکرار یعنی ایک سے زیادہ بار مختلف گھروں میں آنا اور پھر اس کا پڑھنا ہی اصل راز ہے۔ اس لیے یہ علم قدرے مشکل ہو گیا ہے۔

مثلاً شکل حمرہ

جنات سے منسوب ہے۔ اگر یہ شکل خانہ چہارم میں آئے۔ تو جنات سائل کے گھر میں قابض ہیں۔ اگر یہ شکل خانہ نہم میں مکرر ہو تو جنات کے اثرات سائل پر ہیں۔ جو کہ اس کے گھر میں ہیں۔ اگر یہی شکل خانہ ہشتم میں مکرر ہو تو سائل کو ڈر خوف بھی لگتا ہے۔ اور سائل پر ان جنات کی حاضرات بھی ہو سکتی ہے۔ وغیرہ۔

ایک جگہ پر ہم صرف ان ہی اشکال کے منسوبات کا ذکر کریں گے۔ جنکا تعلق حاضرات آسیب و جنات جادو سحر تعویذات بندش وغیرہ کے ساتھ ہے۔

**منسوبات اشکال**: منسوبات بہت ہی زیادہ ہیں۔ جن کی مفصل تشریح کتاب میں لکھی گئی ہے۔

**حمرہ** ☳ نحس ثابت بادی غربی مذکر برج حمل ستارہ مریخ دن منگل۔ جناب، ڈر خوف، خون کے چھینٹے، موت و الزام، چوری، بندش، گوشت، سایہ، راہزن، حاضرات آسیب و جنات، خود کشی، غیر طبعی موت، اور قتل۔

**انکیس** ☳ برج جدی ستارہ زحل نحس داخل مونث، مردہ، قبر، خزانہ، سانپ، نظر بد بیماری، بدکار و بد صورت و سیاہ و قبرستان، کنواں۔

**طریق** ☳ برج سرطان ستارہ قمر، منقلب عنصر آب حالت زندہ شکل دراز قد، سفید۔ حاضرات ارواح و ہمزاد و موکلات و تعویذات، جادو سحر بندش، علم الرمل کا دارومدار صرف اسی شکل پر ہے۔ اور اسی شکل سے دائرہ ابدح ترتیب دیا گیا ہے۔ مفصل تشریح کتاب میں لکھی گئی ہے۔

**اجتماع** ☳ برج جوزا ستارہ عطارد عنصر باد سعد ممتزج حالت زندہ دن بدھ، رمال و نجوم و آسیب و جنات بندش، جادو سحر۔

**جماعت** ☳ برج سنبلہ سیارہ عطارد سعد متخرج دن بدھ کتب خانہ مدرسہ بندش رکاوٹ جادو سحر، یہ شکل مردہ ہے۔ شکل طریق کی ضرب سے یہ شکل بنتی ہے۔

### رمال کے لیے چند اہم نکات

کسی بھی مریض یا سائل کی تشخیص کرنے سے قبل رمال کے لیے

نجوم 'پامسٹری' اعداد 'جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy khalidrathore.com Unitech Document Processing Solutions

جن باتوں کا جاننا ضروری ہے۔ انکا مختصر طور پر ذکر کیا جاتا ہے۔

1) رمال کو چاہیئے کہ جب بھی کوئی آپسی مریض آپ کے پاس آئے۔ تو قرعہ ڈلوانے سے قبل اگر اس کی جیب یا گلے میں کوئی تعویذ ہو تو اس کو اتروا دیں۔ ورنہ رمال کو کسی بھی سائل یا مریض کی تشخیص کرنے میں مایوسی ہو گی۔ یہ ایک خاص نکتہ تھا۔ جس کا جاننا ہر رمال کے لیے ضروری ہے۔


2) اگر کسی سائل یا مریض کا زائچہ بند آئے۔ یعنی خانہ میزان میں جماعت یا طریق آجائے تو اسی زائچہ سے سائل یا مریض کی تشخیص کرے۔ ورنہ نیا زائچہ لگانے پر احکامات قطعی غلط آئیں گے۔ اور رمال کو مایوسی ہو گی۔ جس شخص کا جی چاہے وہ تجربہ کر سکتا ہے۔


3) اگر کسی سائل سے قرعہ ڈلوانے سے قرعہ کے اوپر قرعہ آجائے تو جانو کہ اس وقت سائل کا طالع سخت نحوست میں ہے۔ اور سائل کسی زبردست بندش کا شکار ہے، اور کوئی ذی روح رمال کو تشخیص کرنے میں رکاوٹ کا باعث بن رہی ہے۔ رمال کو چاہیئے کہ وہ سائل سے دوبارہ قرعہ ہرگز نہ ڈلوائے۔ اصل میں یہی راز ہیں۔ ورنہ مایوسی یا کسی نقصان کا امکان ہے بہتر ہوگا کہ دوسرے روز قرعہ ڈلوایا جائے جن کو علماء رمل نے پوشیدہ رکھا ہے۔ چونکہ اسطرح کے راز کتابوں میں نہیں ہیں۔ اس لیے یہ علم قدرے مشکل ہو گیا ہے۔

دیکھو ایک سائل کے ہاتھ سے قرعہ ڈلوایا گیا۔ قرعہ کے اوپر قرعہ آیا۔ سائل اس وقت کسی زبردست بندش کا شکار ہے۔ اور کوئی ذی روح سائل کے اوپر مسلط ہے۔ جو کہ تشخیص کرنے میں رکاوٹ کا باعث بن رہی ہے۔ رمال کو چاہیئے کہ سائل سے دوبارہ قرعہ ہرگز نہ ڈلوائے۔ ورنہ خطا ہو گی۔ میرا کام ان رازوں کو افشاء کرنا ہے جن کو علمائے رمل نے پوشیدہ رکھا ہے۔



ایک سائل آیا۔ اور اس نے کہا کہ میرے گھر میں سکون نہیں ہے۔ کیا وجہ ہے؟ سائل کے ہاتھ سے قرعہ ڈلوایا گیا





سائل کے خانہ چہارم میں حمرہ شکل آئی ہے جو کہ جنات سے منسوب ہے۔ سائل کو بتایا گیا کہ آپ کے گھر میں جنات قابض ہیں۔ اور گھر میں سکون نہیں ہے۔ ہر کام میں بندش اور رکاوٹ ہے۔ اور آپ کا دل اس گھر میں نہیں لگتا۔ جتنی دیر آپ اس گھر میں رہتے ہیں۔ آپ کی طبیعت بوجھل سی رہتی ہے۔ سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں۔ آپ یہ گھر چھوڑ کر کسی دوسرے جگہ پر جانے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ جتنی دیر آپ گھر سے باہر رہیں گے سکون محسوس کریں گے اور آپ کی طبیعت بھی ٹھیک رہے گی۔ لیکن گھر میں جا کر دل پریشان ہو جاتا ہے۔ اور گھر میں دل ہرگز نہیں لگتا سائل نے بتایا کہ جو کچھ آپ نے بتایا ہے۔ یہ باتیں دو سو فیصدی درست ہیں۔ اللہ نے ہمیں سب کچھ دیا ہے۔ لیکن اس گھر میں سکون نہیں ہے۔ یہ بات آپ کی پتھر پر لکیر ہے کہ میں جتنی دیر گھر میں رہتا ہوں میرے سر اور کندھے بھاری رہتے ہیں۔ اور طبیعت بوجھل سی رہتی ہے۔

شکل حمرہ کو دیکھو۔ اگر خانہ چہارم میں آئے تو جنات سائل کے گھر میں قابض ہیں۔ اگر یہی شکل خانہ نہم میں مکرر ہو تو جنات کے اثرات سائل کے اوپر ہیں۔ جو کہ اس کے گھر میں قابض ہیں۔ اور سائل کے اوپر ان جنات کی حاضرات و سکتی ہے۔ (حاضرات کے طریقے آپ آگے پڑھیں گے۔ انشاء اللہ)

اگر شکل حمرہ سائل کے خانہ ۱، ۹ میں آئے تو سائل کے اوپر جنات مسلط ہیں اور سائل کے سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں۔ اور سائل کو سائے بھی نظر آتے ہیں۔ اور آوازیں بھی سنائی دیتی ہیں۔ سائل پر ان مسلط شدہ جنات کی حاضرات ہو سکتی ہے۔ اگر یہی شکل خانہ ہشتم میں بھی مکرر ہو تو سائل کو ڈر خوف بھی لگتا ہے۔

اگر سائل کے طالع میں شکل حمرہ آئے۔ اور خانہ چہارم میں بھی مکرر ہو اور خانہ نہم میں ان شکلوں میں سے کوئی شکل آئے تو سائل کے اوپر جنات کے صرف اثرات ہیں مسلط نہیں اس لیے حاضرات نہ ہو گی۔

دیکھو گذشتہ صفحہ پر ایک سائل کا زائچہ لگایا گیا۔ اشکال خانہ ۱، ۲، ۳ میں آئی ہیں۔ جن کا تعلق خروج سے ہے۔ خانہ اول طالع سائل دوئم غائب سوئم نقل و حرکت سے یہ ان دلائل سے کیا گیا کہ سائل کا قیام ایک جگہ پر نہیں ہے۔ یعنی دل نہیں لگتا۔ اور کسی دوسری جگہ پر جانے کا ارادہ رکھتا ہے۔ لیکن جا نہیں سکتا کیونکہ سائل کے گھر سے رکاوٹ ہے۔ جو کہ جنات کی طرف سے ہے۔ سائل کے خانہ نہم جو کہ باطنی طالع ہے۔ اس میں شکل جماعت آئی ہے۔ جس کا تعلق اثرات سے ہے۔ اور سائل کا سر اور کندھے وزنی رہتے ہیں۔ سائل پر چونکہ گھر میں جنات کی وجہ سے صرف اثرات ہیں۔ اس لیے حاضرات نہیں ہو سکتی۔

**بند زائچہ**

رمل کی تمام پرانی کتب میں یہ بات لکھی ہوئی ہے کہ اگر خانہ میزان میں جماعت آجائے۔ تو زائچہ بند کہلاتا ہے۔ اور

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں


free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

اس کے احکامات تسلی بخش نہیں ہوتے یا تو از سر نو نیا زائچہ لگایا جائے یا بند زائچے کا انقلاب کیا جائے۔ عاجز کی تحقیق کے مطابق یہ بات سو فیصدی غلط ہے کہ بند زائچے کے احکامات درست نہیں ہوتے۔ تجربات کرنے سے یہ باتیں درست ثابت نہیں ہوئیں بلکہ اکثر جگہ پر مایوسی ہوئی ہے۔ اس سے دوسری بات یہ ثابت ہوتی ہے کہ کسی ایک شخص کی بھی ذاتی تحقیق نہیں ہے۔ بس لوگوں نے محض اپنی شہرت کے لیے کتب نقل کر کے لکھ ڈالی ہیں۔ اس لیے کتابوں میں لکھی ہوئی باتوں کا یقین کر لینا سراسر بے وقوفی اور نادانی کی بات ہے۔ اگر کتابیں پڑھ کر ہی آدمی عامل بن سکتا تو پھر استاد کی ضرورت ہی نہ رہتی۔ میری تحقیق کے مطابق ایسے لوگ جو کسی بندش کا شکار ہوتے ہیں یا ایسے لوگ جن پر جادو سحر کے اثرات ہوتے ہیں یا ان پر جنات وغیرہ مسلط ہوتے ہیں یا جن کے گھروں میں جنات قابض ہوتے ہیں ایسے لوگوں کے زائچے اکثر بند آتے ہیں۔

**نکتہ** ازروئے کتب اگر بند زائچہ نہ پڑھا جائے۔ اور یہ جان کر اس کو نظر انداز کر دیا جائے کہ زائچہ بند ہے اور اس کے احکامات درست نہیں ہوتے اور سائل سے دوبارہ زائچہ ڈلوایا جائے تو نئے زائچہ کے احکامات مطلق غلط آئیں گے۔ اور رمال کو تشخیص کرنے میں مایوسی ہوگی۔ جس شخص کا جی چاہے وہ ہمارے دریافت کیے ہوئے فارمولوں کو آزما سکتا ہے۔ ہم نے یہ فارمولے اپنی بات کے لیے دریافت کیے تھے اور ان کو دریافت کرنے کے لیے سینکڑوں جنات سے بھی مدد لی گئی ہے۔ جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب کی محبت کو دیکھتے ہوئے ان فارمولوں کو عام کیا جاتا ہے۔ تاکہ ہر شخص اس علم سے مستفید ہو سکے۔ مجھے افسوس ہے کہ یہ علم صرف ان لوگوں کو کام دے گا۔ جو اس علم میں پہلے مہارت رکھتے ہیں۔ نئے لوگوں کو یہ علم کام نہ دے گا۔

ایک سائل کا زائچہ کشید کیا گیا۔ دیکھو خانہ میزان میں جماعت ہے۔ یہ زائچہ بند ہے۔ اب اگر کتابوں کی رو سے اس زائچے کو نظر انداز کر دیا جائے۔ اور یہ جان کر کہ اس کے احکامات درست نہیں ہوتے سائل سے دوبارہ قرعہ ڈلوایا جائے تو مطلق تشخیص نہ ہوگی۔






دیکھو سائل کے خانہ نہم میں شکل ہے جو کہ جنات سے منسوب ہے جنات سائل کے اوپر مسلط ہیں۔ اور اس کو نظر بھی آتے ہیں۔ جب سائل سے پوچھا گیا تو اس نے یہ بات تسلیم کی کہ مجھے کئی لوگ بزرگوں کے روپ میں نظر آتے ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

ایک شخص آیا۔ قرعہ اس کے ہاتھ سے ڈلوایا گیا دیکھو زائچہ بند ہے۔ حکم اس کا یہ ہے کہ سائل کسی زبردست آسیبی اثرات کی وجہ سے بندش کا شکار ہے۔






سائل کا طالع سخت نحوست میں گھرا ہوا ہے۔ سائل ہر وقت پریشان اور سرگرداں رہتا ہے۔ اور ارادہ خودکشی کا کرتا ہے۔ سائل کے سر اور کندھوں پر اتنا وزن رہتا ہے کہ سائل چل پھر بھی نہیں سکتا۔ کبھی کبھی سائل کو تین لوگ ڈراونی شکل میں نظر آتے ہیں جو کہ سائل کے گھر کے بائیں طرف رہتے ہیں۔ سائل کے گھر کے دائیں جانب قبرستان ہے۔ سائل کا گھر میں بہن بھائیوں اور بیوی سے جھگڑا رہتا ہے۔ سائل کے بہن بھائیوں کا طالع بھی سخت نحوست میں ہے اور وہ بھی بندش کا شکار ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)۔

یہ ان دلائل سے کہا گیا۔ دیکھو شکل حمرہ طالع میں آتی ہے جو کہ جنات خودکشی وغیرہ سے منسوب ہے۔ سائل کے خانہ نہم میں شکل اجتماع آتی ہے جو کہ اثرات سے منسوب ہے۔ زائچہ میں شکل حمرہ کی تکرار تین مرتبہ ہے۔ یہ جنات کی تعداد ہے۔ خانہ سوئم بہن بھائی نقل و حرکت اور سائل کے گھر سے بائیں جانب سمت شمال اور خانہ پنجم سائل کے گھر سے دائیں جانب کا علاقہ سمت جنوب سے منسوب ہے۔

سائل کے اوپر جو جنات مسلط ہیں۔ ان کی سائل پر حاضرات ہو سکتی ہے۔ حاضرات کے طریقے آپ انشاء اللہ اگلی قسط میں پڑھیں گے۔

خزینہ اعداد (ترمیم شدہ)
شائع ہو گئی ہے۔ قیمت 50 روپے

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# آکڑہ نکالنے کا طریقہ

از: زیڈ آئی سیٹھی، کراچی۔

## برائے 750 روپے کے پرائز بانڈ

یہ جو وقت جا رہا ہے۔ روپے پیسے کا ہے۔ پیسہ اگر آپ کے پاس ہے تو غیر بھی اپنے بن جاتے ہیں۔ اس دور میں سب کی خواہش ہے کہ ہم راتوں رات کروڑ پتی بن جائیں۔ یہ خواہش ہمیں ہر اچھے برے کام کروانے پر مجبور کرتی ہے۔ بعض لوگ تو اس خواہش کے لیے ایسے ایسے ناجائز کام کر گئے کہ پھانسی کا پھندا ان کے گلے تک پہنچ گیا۔ میں تو کہتا ہوں آپ سے اپنی ضرورت کے مطابق خواہش کریں تو اللہ پاک ضرور دے دیتا ہے۔

ہمارے ملک میں ایسے لکی چانس ضرور ہیں جس سے آپ راتوں رات لاکھ پتی، کروڑ پتی بن سکتے ہیں۔ وہ ہے حکومت پالیسی انعامی بانڈ۔ اگر آپ کے پاس وافر رقم ہے تو آپ پرائز بانڈ لے کر رکھ لیں۔ انعامی بانڈ لے کر رکھنے پر نہ تو کوئی پابندی ہے اور نہ ہی کوئی جرم۔ 2000ء نئی صدی کے موقع پر حکومت پاکستان نے نئے انعامی بانڈ متعارف کرائے ہیں۔ سابقہ بانڈ کی سیریز ایک سے لے کر لاکھ تک تھی۔ جبکہ اب 01 سے لے کر 10 لاکھ تک کر دی گئی۔ حکومت پہلے پرائز بانڈ پر 12 فی صد مارک دیتی تھی۔ اب جبکہ 6 فی صد مارک اپ کر دی گئی ہے۔ پہلے آپ کا انعام ٹائمنر میں لگ سکتا تھا۔ اب جبکہ ہر سیریز میں علیحدہ انعام ہوگا۔ امید ہے حکومت انعامات کا سلسلہ وہی کر دے گی جو پہلے تھا۔

قارئین کی خدمت میں انعامی بانڈ کا لکی نمبر برائے آکڑا کا طریقہ پیش خدمت ہے جو کہ ایک حسابی فارمولہ اور علم الاعداد کی روشنی میں ہے۔ آپ بھی آزمائیں ہو سکتا ہے۔ لکی نمبر نکالنے میں کامیابی حاصل کر سکیں اور راتوں رات لاکھوں کے مالک بن جائیں۔ میں نے فی الحال یہ طریقہ 750 روپے والے پرائز بانڈ پر آزمایا ہے۔ جس سے میرے کافی دوستوں کے انعام بھی لگے۔ سب سے پہلے یہ دیکھیں 750 روپے انعامی بانڈ نے اس قرعہ اندازی سے پہلے کون سا فرسٹ نمبر مارا تھا۔ اسٹیٹ بنک کی لسٹ دیکھی تو نمبر یہ تھا 367030۔ سب سے پہلے آپ ایک سے لے کر نو تک نمبر لکھ لیں 0'1'2'3'4'5'6'7'8'9 اب دیکھیں پہلے نمبر میں کون سے ایسے نمبر ہیں جو کہ اس میں نہیں ہے۔ آپ نکلا ہوا نمبر لکھیں 367030 جو نمبر اس میں نہیں ہیں۔ وہ اس طرح لکھیں 985421

اب آپ ان نمبر کو ایک اوپر سے اور ایک نیچے سے ہندسہ کو لیں جیسا کہ مثال میں ہے۔ اور ان کو علیحدہ لکھ لیں اور موجودہ قرعہ اندازی میں یہ آکڑے کھیل جائیں

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3 | 6 | 7 | 0 | 3 | 0 |
| 9 | 8 | 5 | 4 | 2 | 1 |
| 39 | 68 | 75 | 04 | 32 | 01 |

یعنی کہ آپ کے 6 آکڑے بن گئے 01-32-04-75-68-39

17-4-2000 کو 750 والے کی دوبارہ قرعہ اندازی ہوئی تو فسٹ نمبر 752300 آیا۔ اور 75 کا آکڑہ آگیا۔ انعام جیتنے والے نے جیت لیا۔

اس طرح کا ایک اور طریقہ پیش کر رہا ہوں۔ آپ کوشش کریں۔ تو انعام نکالنے میں کامیابی حاصل کر لیں گے۔ دیکھیں پہلا نمبر 367030 ان کو تمام دہائی میں مفرد کریں تو یہ بن جاتے ہیں 19۔ اب 367030 کو آپ 19 پر تقسیم کریں۔ تقسیم کرنے سے 7 باقی بچا اب یہ دیکھیں جواب کیا آیا۔ مثال سامنے ہے جواب آیا 19317۔ اگر آپ کا باقی دہائی میں بچتا ہے تو وہی آکڑہ بنے گا۔ ورنہ یہ دیکھیں جو باقی بچا ہے۔ 7 کا ہندسہ جواب والے ہندسہ میں ہے۔ جواب دیکھا 19317 کا ہندسہ ہے۔ اس کو چھوڑ کر باقی اعداد کے مفرد نکالیں۔ یہ بنے 14 اور اس کے بن گئے 5 اس کو باقی کے ساتھ لگا دیں۔ اور آنے والی 750 والے کے لیے صرف وہی آکڑہ الٹا سیدھا کھیلیں۔ یہ بن گیا 75۔ اور دوسری قرعہ اندازی میں 75 کا ہی آکڑہ لگا۔ جیتنے والوں نے انعام جیت لیا۔ یہ طریقہ میں نے صرف 750 روپے والے انعامی بانڈ میں آزمایا ہے۔ جیسے کوئی نئی ریسرچ ہمارے سامنے آئی انشاء اللہ ہم آپ تک پہنچاتے رہیں گے۔ آئندہ قسط میں آپ کو علم الاعداد کی روشنی میں اپنے نام اور بچوں کے نام کا انعامی بانڈ کا لکی نمبر نکالنے کا طریقہ پیش کریں گے۔ ہو سکتا ہے آپ کا انعام اپنے بچوں کے نام کے نصیب سے لگ جائے اور آپ راتوں رات دولت سے مالا مال ہو سکیں۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
UrduTech Document Processing Solutions

# مراقبہ

از: پروفیسر حکیم رفعت اشفاق چوہان، گوجرانوالہ۔

## نئے پڑھنے والوں کے لیے تحفہ خاص

محترم قارئین آپ اور ہم سب اپنی زندگی میں روزانہ ہی مراقبہ کرتے ہیں مگر اس حالت کو مراقبہ کی اصطلاح سے نہیں پہچانتے عام طور پر لوگوں کے ذہن میں یہ بات سما چکی ہے کہ مراقبہ بہت مشکل تجربہ ہے جس میں بہ مشکل کامیابی ہوتی ہے مگر میرے نزدیک مراقبہ ذہنی یکسوئی کا نام ہے۔ ذہن کو ایک مرکز پر لے آنا ہی مراقبہ کی کنجی ہے۔

مثلاً ہم اپنے کسی پسندیدہ ناول کے مطالعہ میں مصروف ہوتے ہیں۔ اور ناول میں یکسوئی کے ساتھ کھو جاتے ہیں اور ہمیں وقت گزرنے کا احساس ہی نہیں ہوتا۔ اسی طرح کسی بھی خیال میں کھو جانا ہی مراقبہ ہے۔ لیکن جو مراقبہ ہمیں بزرگان دین نے تعلیم فرمایا ہے وہ دینی مراقبہ ہے۔ جس میں انسان عالم بالا کی سیر کرتا ہے۔

مراقبہ کی بہترین صورت یہ ہے کہ جب ہم نماز ادا کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کے حضور کھڑے ہوں تو ذہن میں پختہ تصور کے ساتھ کھڑے ہوں کہ ہم واقعی اللہ کے حضور کھڑے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ ہمیں دیکھ رہا ہے۔ مکمل تصور جما کر نماز ادا کریں۔ اس طرح نماز سے بہت زیادہ ذہنی اور جسمانی سکون ملتا ہے۔ قارئین آج کی محفل میں مراقبہ کی آسان مشقیں اور اس سے جسمانی امراض سے شفاء کے لیے چند طریقہ کار پر روشنی ڈالوں گا۔

آپ نے اکثر دیکھا ہوگا چھوٹے بچے کو جب اکیلا چارپائی پر لٹا دیں تو چت لیٹا چھت کی طرف دیکھتا رہتا ہے کچھ وقت کے بعد بازو اوپر اٹھا کر ہاتھوں سے کوئی چیز پکڑنے کی کوشش کرتا ہے۔ حالانکہ چھت اپنی جگہ پر موجود ہوتی ہے۔ مگر بچے کے تصور میں چھت اس کے بالکل قریب آ گئی ہوتی ہے۔ اسی طرح جب آپ مراقبہ کے لیے ذہن کو ایک مرکز پر لے آئیں گے تو آپ کا باطن بیدار ہو جائے گا۔

### مراقبہ کے لیے مناسب ماحول

ارد گرد کا ماحول پُر سکون ہونا چاہیے۔ مکمل خاموشی ہو۔ کمرے میں نسبتاً اندھیرا ہو۔ کمرے میں تازہ ہوا کا گزر ہو۔ کمرے میں نشست کا ایسا طریقہ اختیار کریں کہ آپ کے جسم کو زیادہ سے زیادہ سکون ملے۔ آپ کا ذہن الجھنوں سے صاف ہونا چاہیے۔

### مراقبہ کرنے کا طریقہ:

مراقبہ میں بیٹھنے کے لیے بے شمار طریقہ کار ہیں۔ مثلاً دو زانو ہو کر بیٹھنا۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔ کرسی پر بیٹھ کر۔ چت لیٹ کر۔ یہ سب طریقہ کار ٹھیک ہیں۔ مگر میرا معمول آلتی پالتی مار کر بیٹھنا ہے اور وہی طریقہ آپ کے گوش گزار کروں گا۔

### شرائط مراقبہ:

مطلوبہ جگہ پر پُر سکون ہو کر بیٹھ جائیں مراقبہ کرتے وقت نہ تو آپ کا پیٹ بالکل خالی ہو اور نہ بھرا ہوا۔ مراقبہ کرنے والے احباب کو زیادہ نیند کے مزے لینا منع ہے۔ مراقبہ ہمیشہ رات کے وقت کریں۔ لیکن یہ شرط صرف باطن بیدار ہونے تک ہے۔ جھوٹ سے اجتناب کریں۔ کسی کو ہاتھ و زبان سے

free copy
khalidrathore.com

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

تکلیف مت دیں۔ کھانا ہمیشہ بھوک رکھ کر کھائیں۔ نماز کی پابندی کریں۔ اور دیگر احکامات اسلام پر عمل کریں تو انشاء اللہ آپ کا باطن بہت جلد بیدار ہو جائے گا۔

## اصول مراقبہ:

مطلوبہ جگہ پر آلتی پالتی مار کر بیٹھ جائیں بازو گھٹنوں پر رکھ لیں۔ گردن بالکل سیدھی رکھیں۔ نظر 60 درجہ پر رکھیں یعنی اپنے بالکل سامنے دیکھتے ہوئے آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائیں اور اپنے دماغ کو ایک مرکز پر لائیں۔ اپنی آنکھوں کے سامنے اسم اللہ کا تصور روشن کریں یوں تصور کریں کہ اسم اللہ سے روشنی نکل رہی ہے۔ کچھ ہی دیر بعد آپ کا تصور پختہ ہوتا جائے گا پھر واقعی اسم اللہ سے روشنی نکلنا شروع ہو جائے گی اور یکدم آپ کو کمرہ روشن نظر آنا شروع ہو جائے گا۔ آپ آنکھوں کو بالکل مت کھولیں بلکہ اپنے آپ کو اس روشنی کے حوالہ کر دیں۔ یہی وقت ہوگا جب آپ کا مثالی جسم ظاہر کو چھوڑ کر باطن میں داخل ہو جائے گا پھر آپ کے لیے فاصلے کوئی اہمیت نہیں رکھتے آپ ہوا میں پرواز کر سکیں گے۔ کوئی دیوار آپ کا راستہ نہیں روک سکے گی۔ آپ جہاں جی چاہے لمحوں میں پہنچ جائیں گے۔ اپنے آپ کو ہوا سے بھی ہلکا محسوس کریں گے۔ بعض احباب کا باطن جلد نہیں کھلتا اس کی ایک بڑی وجہ یہ ہوتی ہے کہ آدمی کا ذہن ایک مرکز پر قائم نہیں رہتا۔ جس کے لیے آپ کو چند مشقیں بتا رہا ہوں۔ ان پر عمل کر کے آپ جلد کامیاب ہو سکتے ہیں۔

### مشق نمبر 1:

ایک آرام دہ کرسی پر بیٹھ کر اپنے بازو کرسی کے بازوؤں پر رکھ کر آنکھیں بند کر لیں۔ اب آپ نے تمام دن جو کام کیا ہے جہاں جہاں گئے ہیں تمام منظر اپنی آنکھوں کے سامنے لائیں۔ آہستہ آہستہ تمام مناظر یاد کریں جب یہ مشق کر لیں تو پھر چند دن پہلے کا کوئی واقعہ یاد کریں اور اسے اپنی آنکھوں کے سامنے دھرائیں حتی کہ آپ آہستہ آہستہ اپنے لاشعور کو ایک سال گزرے واقعہ کو سامنے لانے پر مجبور کر دیں بار بار ڈائریکشن دینے پر لاشعور آپ کے سامنے وہ واقعہ لے آئے گا۔

### مشق نمبر2:

مطلوبہ جگہ پر اپنے سامنے ایسے فرد کو بٹھائیں جس کی آواز آپ کو اچھی لگتی ہو اور آپ اس کی بات بھی مانتے ہوں۔ وہ آپ کو آہستہ آہستہ ڈائریکشن دیتا جائے اور آپ آنکھیں بند کر کے ویسا ہی محسوس کریں یا پھر خود ہی اپنے ذہن میں الفاظ دھرائیں۔ مثلاً میں کرسی پر بیٹھا ہوں بار بار یہ جملہ اپنے ذہن میں دھرائیں حتی کہ آپ کو بند آنکھوں سے اپنا جسم کرسی پر بیٹھا نظر آ جائے۔ اسی طرح آپ مختلف ڈائریکشن دے سکتے ہیں کہ میں پارک میں کھڑا ہوں یا گھر کے کسی بھی حصہ میں کھڑا ہوں وغیرہ۔ لیکن یہ الفاظ زبان سے نہیں ادا کرنے ذہن سے ادا کرنے ہیں اس طریقہ کار پر آپ عمل کر کے انشاء اللہ کامیاب ہو جائیں گے۔ روزانہ ہدایات بیس تا پچیس منٹ تک دیں۔

## مراقبہ کے ذریعے جسمانی امراض کا علاج

قارئین مراقبہ کے ذریعہ آپ بہت سے امراض کا علاج خود کر سکتے ہیں۔ بیماریوں سے نجات حاصل کرنے کے لیے ماہرین مراقبہ مختلف قسم کے رنگوں کا مراقبہ تجویز کرتے ہیں۔ اس کی تفصیل میں جانے کی بجائے آپ کو یہ بتاتا ہوں کہ کس رنگ کے مراقبہ سے کس مرض سے شفا ملتی ہے۔

### نیلی روشنی کا مراقبہ:

نیلی روشنی کے مراقبہ سے دماغی امراض، گردن، کمر درد، ڈپریشن، احساس محرومی، کمزور قوت ارادی سے نجات ملتی ہے۔

### زرد روشنی کا مراقبہ:

معدہ کی خرابی آنتوں کی دق، پیچش، قبض، بواسیر، معدہ کا السر کے لیے مفید ہے۔

### نارنجی روشنی کا مراقبہ:

سینے کے امراض مثلاً سل دق، دائمی کھانسی، دمہ وغیرہ کے لیے مفید علاج ہے۔

### سبز روشنی کا مراقبہ:

ہائی بلڈ پریشر، خون میں گرمی سے پیدا ہونے والے جلدی امراض، خارش، چھپاکی وغیرہ۔

### سرخ روشنی کا مراقبہ:

لو بلڈ پریشر، گھٹیا، دل کا گھٹنا، جسم میں کمزوری محسوس ہونا، دماغ میں مایوس کن خیالات کا جمع ہونا، موت کا خوف محسوس ہونا وغیرہ۔

### جامنی روشنی کا مراقبہ:

مردوں کے جنسی امراض اور خواتین کے رحم سے متعلق امراض کے لیے مفید ہے۔

### گلابی روشنی کا مراقبہ:

مرگی، دماغی کی کمزوری، دماغی دورے، ڈر اور خوف وغیرہ۔

### نوٹ:

رنگوں کا مراقبہ کرتے وقت یہ تصور کریں کہ روشنی کی لہریں آپ کے جسم پر پڑ کر جسم میں جذب ہو رہی ہیں۔ آخر میں خلوص دل سے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالی آپ کو کامیابی عطا فرمائے۔ آمین۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

# علوم مخفی کا خزانہ
## خالد اسحاق راٹھور کی دو منتخب کتب

## رعایت

سالانہ خریداروں کو تمام کتب پر 10% خصوصی رعایت دی جاتی ہے۔ ڈاک خرچ 20 روپے

### مستحصلہ قارد الکلام

علوم مخفی سے تعلق قائم ہونے کے بعد جو قواعد میرے علم اور تجربے میں آئے ان میں مستحصلہ کے حل کا سب سے بہترین اور ذاتی استعمال کا کلیہ آپ کے سامنے بلا خلل پیش کیا ہے۔ آزمائش شرط ہے (قیمت ۵۰ روپے)

### علم الحروف

علم الحروف کے موضوع پر ایسی واحد دستیاب کتاب جو اپنے اندر حروف سے متعلق نئے اور تجربہ شدہ روحانی اعمال کے ایسے کرشمے و قواعد لیے ہوئے ہے جو آپ کو چونکا دیں گے ایک لاجواب تحریر۔ (قیمت ۱۰۰ روپے)

### روحانی مشورے

روزمرہ مسائل کے حل کے آسان قابل عمل اور آزمودہ روحانی اور عملیاتی مشورے، قرآنی اور رسول ﷺ سے منسوب دعائیں اس کتاب کی سب سے بڑی خوبی ہے۔ اس لیے ہر گھر میں اس کی موجودگی ضروری ہے۔ (قیمت ۳۸ روپے)۔

### تل شناسی

انسانی جسم کا کوئی حصہ ایسا نہیں جس پر تلوں کے اثرات کو زیر بحث نہ لایا گیا ہو۔ اپنی نوعیت کے واحد کتاب۔ (قیمت ۵۰ روپے)

### خزینہ اعداد (ترمیم شدہ)

علم اعداد پر اس سے بہتر اور جامع کتاب آج تک آپ کی نظروں سے نہ گزری ہو گی۔ ایک دعویٰ نہیں حقیقت ہے۔ ضرور پڑھیں۔ (قیمت ۵۰ روپے)

### خالد روحانی جنتری

ہر گھر، فرد اور ماہر علوم مخفی کی ضرورت ایک جامع اور آسان فہم جنتری ہے پڑھنے کے بعد آپ اس کی تعریف کیے بغیر نہ رہ سکیں گے (قیمت ۵۵ روپے)

### ساعات حقیقی

ساعت معلوم کرنے کے درجن بھر طریقوں کے علاوہ ساعات معلوم کرنے کا مصنف کا ذاتی قاعدہ اس کتاب کا بنیادی موضوع ہے۔ کتاب میں تفصیلی جدولیں بھی دی گئی ہیں۔ جن کی مدد سے پاکستان اور دنیا کے ہر مقام کی ساعت ایک منٹ سے بھی کم وقت میں معلوم ہو سکتی ہے۔ حالات زندگی اور مختلف احکام بیان کرنے کے قواعد بھی شامل ہیں۔ (قیمت ۹۰ روپے)

### بانڈ ریس اور لاٹری کے نمبر

معمولی سمجھ بوجھ یا علم والے فرد سے لے کر ماہر فن تک ہر فرد اس کتاب سے استفادہ کر سکتا ہے۔ اعداد، نجوم، جفر، رمل، ساعت، فالنامے، استخارے وغیرہ کے ذریعے انعامی نمبر وغیرہ معلوم کرنے کے مجرب کلیے (قیمت ۱۰۰ روپے)

### اسباق دست شناسی

دست شناسی کے موضوع پر یوں تو لاتعداد کتب دستیاب ہیں۔ لیکن اس کتاب کی خوبی یہ ہے کہ بغیر استاد کے یہ ایک راہنما کا فریضہ انجام دیتی ہے اور کوئی بھی فرد اس کے ذریعے علم دست شناسی سیکھ سکتا ہے۔ ہر اس طالب علم کی بنیادی ضرورت جو اس فن کے رموز سے آشنا ہونا چاہتا ہے۔ (قیمت ۶۰ روپے)

### ۱۰ سالہ جنتری ۲۰۰۱ تا ۲۰۱۰

ہر نجومی اور عامل کی ضرورت ایک ایسی جنتری جس میں ۲۰۰۱ تا ۲۰۱۰ تک تمام کواکب کی رفتاریں دی گئی ہیں۔ ہندی نجوم کے لیے بھی استعمال ہو سکتی ہے۔ (قیمت ۱۵ روپے)

راٹھور پبلشرز، 2/11، محمد نگر، نزد جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو، لاہور



free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

از: ساجد فاروق سلطان، فیصل آباد۔

# مشاہدہ غیب

وہ اور ہوتے ہیں جو لوٹ لیتے ہیں گلوں کا شباب
ہم تو گلشن کو بہاروں سے سجا دیتے ہیں

اپریل کا شمارہ جس جس کو دیا وہ پڑھ کے پھڑک اٹھا۔ میرے احباب میں اکثر اس کی تعریف میں رطب اللسان ہو گئے۔ البتہ ایک شخص --- میرا من --- میرے اندر یوں گویا ہوا۔ کیا مسلمان صرف حب و بغض کے عمل کرنے کو رہ گیا ہے (گو کہ ان اعمال نے بے شمار لوگوں کو خوشیاں دی ہیں) کیا آج کا مسلمان صرف بچے پیدا کرنے کے لیے جدوجہد کر رہا ہے۔ اس کا موجودہ عملی و علمی تحقیق و جستجو میں حصہ کیوں نہیں۔

قارئین کرام! میں دعوے سے کہتا ہوں کہ جس قدر روحانی و ماورائی علوم کا خزانہ ہمارے پاس موجود ہے اتنا تو کسی دوسری قوم کے پاس نہیں لیکن دوسری طرف دیکھئے ماورائی علوم کی فراوانی کے باوجود ہم اس قدر مفلوک الحال ہیں۔ ہم لوگ کام کیا کرتے ہیں۔ شمارہ بازار میں آتا ہے۔ اس کو خریدتے ہیں۔ گھر لا کر اپنی بیاض کھولتے ہیں اور بیاض بھرنا شروع کر دیتے ہیں اللہ اللہ خیر سلہ۔ یا کوئی شامت اعمال کا مارا۔ عاشق و بے مراد و نامراد جو کتابوں سے عمل پڑھ پڑھ کر اس قدر شکوہ ناکامی کرتا ہے کہ اس کا یقین ہی اللہ کے حوالے ہو چکا ہوتا ہے۔ گو راہنمائے عملیات جہاں اس کو عمل میں کامیابی سے ہمکنار کرتا ہے وہاں یقین کی دولت سے بھی سرفراز کرتا ہے۔ لیکن --- بات وہی ڈھاک کے تین پات۔ عمل میں کامیابی کے بعد حضرت عاشق کسی اور ہی راہ پر گامزن ہو چکے ہوتے ہیں بجائے اس کے کہ وہ مزید تحقیق و جستجو کریں۔ ماورائی علوم سیکھیں۔ تسخیر کائنات میں اپنا رول ادا کریں۔

قارئین ہمارے اسلاف نے ہماری حاکمیت اور تسخیر کائنات کے بڑے بڑے خزانے ترکہ میں چھوڑے ہیں۔ لیکن ہم نے ہیرے کو پتھر کہہ کر اس سے منہ موڑ لیا ہے اور اس خزانے سے مستفیض ہونے کی صلاحیت کو ہی گنوا دیا ہے۔

دوستو بزرگو: گیارھویں والے پیر کا لوگوں کو یا تو نام یاد ہے یا ان کے نام کی دیگیں اور نیازیں چڑھانا پتہ ہے۔ حالانکہ وہ مرد حق الحق غوث الاعظم محی الدین عبدالقادر جیلانی ایک ایسے عظیم سائنس دان تھے جو فطرت و کائنات کے قوانین کو جانتے تھے اور ان کے وجود مسعود سے ان فطری قوانین کے استعمال کو طریقہ ملا ہے اور انہوں نے ان قوانین کو سمجھنے کی جو راہ متعین کی ہے وہاں آج کی سائنس جی ہاں نام نہاد سائنس کھربوں ڈالر خرچ کر کے بھی نہیں پہنچ سکتی۔ شیخ عبدالقادر جیلانی کا ایک قول مبارک ہے "زمین و آسمان کا وجود اس روشنی پر قائم ہے جس کو اللہ کا نور مہیا کرتا ہے۔ اگر نوع انسانی کا ذہن مادہ سے ہٹ کر اس روشنی میں مرکوز ہو جائے تو وہ یہ سمجھنے پر قادر ہو جائے گا کہ انسان کے اندر عظیم الشان ماورائی صلاحیتیں ذخیرہ کر دی گئی ہیں۔ جن کو استعمال کر کے نہ صرف وہ زمین پر پھیلی ہوئی اشیا کو اپنا مطیع و فرمانبردار بنا سکتا ہے بلکہ ان کے اندر کام کرنے والی قوتوں اور لہروں کو حسب منشا استعمال بھی کر سکتا ہے پوری کائنات اس کے سامنے ایک نقطہ یا دائرہ بن جاتی ہے۔ اس مقام پر انسان مادی وسائل کا محتاج نہیں رہتا۔ بلکہ وسائل اس کے سامنے سربسجود ہو جاتے ہیں" (ترجمہ و تلخیص)۔

یہی وجہ تھی کہ آپ کا ذہن مادے کی نفی کر چکا تھا۔ اور آپ اپنی حقیقت اور روح سے واقف ہو چکے تھے۔ روحانیت میں آپ کو شہباز لامکاں کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اسی لیے آپ کا قول ہے "یہ دنیا میری ہتھیلی پر رائی کے دانے کے برابر ہے"۔

آپ کے اوپر بیان کردہ قانون کو سائنس کہیں اب جا کر دریافت کر پائی ہے اور اب یہ جان پائی ہے کہ ہر موجود شے میں برقی اور مقناطیسی لہریں موجود ہیں۔ مختلف اشیاء میں یہ بہترین مختلف تناسب اور مقداروں میں کام کرتی ہیں۔ جب کہ ان لہروں کو ایک بنیادی قوت زندگی مہیا کرتی ہے۔ یہی لہریں جو زندگی اور زندگی کے تمام عوامل و حرکات کو قائم رکھے ہوئے ہیں۔

موازنہ اب آپ خود کیجئے۔

آیئے ماورائی علوم و طاقتوں کے حصول کی کوشش کریں۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com

لیکن سب سے پہلے آپ کو ان قوتوں کی موجودگی کا یقین ہونا چاہیے۔ لیکن یہ یقین ہمارے مشاہدے کے بغیر مکمل نہیں ہوتا۔ یعنی غیب کی طاقتوں کو پانے کے لیے ان کا مشاہدہ لازمی ہے۔ اس مشاہدے کے لیے آپ 'جاگیئے' جی ہاں جاگیئے --- مسلسل جاگیئے --- کم از کم 90 گھنٹے کے لیے جاگیئے۔ ان 90 گھنٹوں میں آپ کی ایک لمحہ کی آنکھ نہ لگے۔ اس دوران ذہن سے یہ بات قطعاً نکال دیں کہ زیادہ جاگنے سے بندہ بیمار ہو جاتا ہے۔ اب آپ جاگ ہی چکے ہیں تو سونے کا کیا فائدہ۔ ہمیشہ کے لیے اپنی نیند کا دورانیہ ڈھائی سے تین گھنٹے کا کر دیجئے۔

دوسرا کام:

یا حیی یا قیوم کا ورد کیجئے اٹھتے بیٹھتے جاگتے سوتے کم از کم چوبیس گھنٹوں میں گیارہ ہزار بار۔ اس سے آپ کے اندر روشنیوں کا ذخیرہ ہوگا۔ یقین کی طاقت میں اضافہ ہوگا۔ قوت ارادی قوی ہوگی۔ ذہن کی پرواز لمحہ بہ لمحہ بلند ہوگی۔

تیسرا کام:

مراقبہ کریں۔ کیونکہ مسلسل جاگنے اور یا حیی یا قیوم کے ورد سے آپ کے اندر روشنیوں کا اس قدر ذخیرہ ہو جائے گا کہ اگر آپ کا شعور آپ کا ذہن مضبوط نہ ہوا تو آپ مجذوب بن جائیں گے۔ آپ ایک بات زمین کی کہیں گے اور دوسری آسمان کی۔ کیونکہ آپ کی شعوری سکت زیادہ نہ ہونے سے آپ کا ذہن ڈانواں ڈول ہو جائے گا۔ جس طرح کہ گیس کو غبارہ میں بھر کر اس کو ہوا میں نہ چھوڑا جائے بلکہ اس میں گیس بھرتی رہے تو وہ غبارہ پھٹ جاتا ہے۔ اسی طرح مراقبہ انسانی ذہن کو خلاء میں لے جاتا ہے۔ جگہ اور وقت کی پابندیاں توڑ دیتا ہے۔ اور شعوری طاقت میں اضافہ کرتا ہے تو وہاں غیب کی دنیا بھی دکھلاتا ہے۔

پھر جہاں غیب کی دنیا دکھاتا ہے وہ ذہن یکسو ہونے کی وجہ سے کائنات میں تصرف بھی فراہم کرتا ہے۔ قصہ مختصر اس پروگرام پر عمل کرنے سے جہاں ماورائی طاقتوں کا مشاہدہ ہوتا ہے وہاں ان پر تصرف بھی ملتا ہے۔ عموماً پانچویں یا ساتویں روز سے مشاہدات شروع ہو جاتے ہیں۔

قارئین آپ بھی ماورائی علوم کے متعلق اپنا سینہ کھنگالیں کیونکہ علم پھیلانے سے گھٹتا نہیں بلکہ بڑھتا ہے۔

از: عامل مجید الماس، کراچی۔

# حاضری مطلوب

ساعت شمس میں ایک ہزار بار یہ عزیمت پڑھیں۔ جو تحریر کر رہا ہوں۔ (ایک ہزار) یاالف یا موا کیل حق یابدوح، پڑھ کر پانی پر دم کریں اس پانی میں ایک چراغ تانبے کا بنا ہوا 21 بار آگ پر سرخ کر کے اسی پانی میں بجھائیں۔ یہ چراغ بھی ساعت شمس میں تیار کیا گیا ہو۔ سب کام اس ساعت شمسی میں ہونا چاہئے۔ پانی اسی قدر ہی لیں کہ بجھاؤ میں جذب ہو جائے۔ زیادہ نہ بچے یہ اس کی شرط ہے۔ بعدہ یہ نقش چراغ میں ساعت شمس میں کندہ کرے۔ عامل خود یہ سارے کام کرے۔ اور چراغ کو محفوظ رکھے۔ جس محبوب کو مسخر کرنا مقصود ہو تو اس نقش کا فتیلہ بنا کر اس میں نام مطلوب مع والدہ کے لکھ کر رکھے اور چراغ کے سامنے بیٹھ کر تصور مطلوب سے اوپر والی عزیمت اکیس بار پڑھے۔ اکیس دن تک چراغ جلائے دوران عمل خوشبو اور لوبان کا بخور جلائے مطلوب خواہ کتنا ہی دور ہوگا۔ خدمت میں حاضر ہوگا۔ یہ عمل شمس کی ساعت میں تیار ہوتا ہے اور یہ مطلوب کے دل میں آگ لگا دیتا ہے۔ یہ میرا آزمایا ہوا عمل ہے۔ کئی دفعہ آزما چکا ہوں پھر قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں پہلے 21 دن میں عامل عمل کرے ؟؟ پھر آدھ گھنٹہ میں مطلوب حاضر ہو۔ یا کوئی اطلاع دے نقش یہ ہے:-

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲۷ | ۱۲۲ | ۱۲۹ |
| ۱۲۸ | ۱۲۶ | ۱۲۴ |
| ۱۲۳ | ۱۳۰ | ۱۲۵ |

یاالف - حق یابدوح

اس نقش میں سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس کے کونے میں یا لطیف کے اعداد قائم ہیں اور اسم الٰہی خود اس کے خانہ اول میں قائم ہے یہی وجہ ہے کہ عمل ہمیشہ کام کرتا ہے۔ اور کبھی ناامید نہیں کرتا۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
UniTech Document Processing Solutions

از : محمد شہزاد احمد شہزاد ، بوریوالہ۔

# شعبہ تعلیم

## طالب علموں کے لیے خصوصی مضمون

میں سب سے پہلے جناب خالد اسحاق راٹھور صاحب کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ جنہوں نے ہمارے محبوب رسالے راہنمائے عملیات میں مجھ ناچیز کو جگہ دی اور میرے مضمون 'شادی کب ہو گی؟' اور 'ازدواجی زندگی کیسی رہے گی؟' شائع کیے۔ آج میں اپنے طالب علم بھائیوں کے لیے ایک اہم مضمون لکھنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ آج کل کے والدین چاہتے ہیں کہ ہمارے بچے ڈاکٹر یا انجینئر بنیں۔ مگر یہ ممکن نہیں ہوتا۔ بچے والدین کے دباؤ کی وجہ سے سائنس مضامین رکھ تو لیتے ہیں مگر ان کا رجحان کسی اور طرف ہوتا ہے۔ اور ان میں سے بہت کم اپنے ارادوں میں کامیاب ہوتے ہیں باقی ناکام و نامراد رہتے ہیں۔ اس لیے میں اس مضمون میں بچوں کے رجحان طبعی کے بارے میں روشنی ڈالنے کی کوشش کروں گا۔ کہ ان کا پیدائشی زائچہ کون سے مضامین کی طرف ان کا رجحان ظاہر کرتا ہے۔

(i) زائچہ میں پانچواں گھر علم و عقل اور تعلیم سے منسوب کیا جاتا ہے۔ اگر اس گھر میں عطارد ہو تو اکاؤنٹنگ، ریاضی، بزنس ایڈمنسٹریشن، کمپیوٹر اور صحافت اور اگر زہرہ ہو تو آرٹ ادب، طب، موسیقی، نقاشی، مشتری ہو تو تاریخ، قانون دانی، فلسفہ، مذہبی علوم، بینکنگ، مریخ ہو تو عملیات، نجوم، ٹیکنیکل علوم، قمر ہو تو کیمسٹری، نرسنگ، ہوٹلنگ، بزنس اور میوزک شمس ہو تو انجینئرنگ، فزکس، سیاسیات، الیکٹرونکس، اکنامکس، ایڈمنسٹریشن، اگر زحل ہو تو بیالوجی، نفسیات، زراعت، انشورنس اور مکینکل انجینئرنگ کے مضامین کی طرف رجحان طبع کی نشان دہی کرتے ہیں۔

(ii) پانچویں گھر کا مالک طالع میں ہو تو ریاضی، نیچرل سٹڈی، ایڈمنسٹریشن، عسکری علوم کے موضوعات کی طرف زیادہ رجحان ہو گا۔

(iii) پانچویں گھر کا مالک دوسرے گھر میں ہو تو آرٹ، اکنامکس ڈرائنگ اور باغبانی کی طرف رجحان ہو گا۔

(iv) پانچویں گھر کا مالک تیسرے گھر میں ہو تو اکاؤنٹنگ، بزنس، ایڈمنسٹریشن، کمپوٹر، صحافت کی طرف رجحان ہو گا۔

(v) پانچویں گھر کا مالک چوتھے گھر میں تو نرسنگ، تاریخ، جغرافیہ اور زراعت کی طرف رجحان ہو گا۔

(vi) پانچویں گھر کا مالک پانچویں میں ہو تو آرٹ، میوزک، ادب، ایجوکیشن اور مصوری کی طرف رجحان ہو گا۔

(vii) پانچویں گھر کا مالک چھٹے گھر میں ہو تو طب، جراحت، معاشیات اور لٹریچر کی طرف رجحان ہو گا۔

(viii) پانچویں گھر کا مالک ساتویں گھر میں ہو تو قانون، کمرشل آرٹ، فزکس کی طرف رجحان ہو گا۔

(ix) پانچویں گھر کا مالک آٹھویں گھر میں ہو تو دستکاری کیمسٹری، مکینکل انجینئرنگ کی طرف رجحان ہو گا۔

(x) پانچویں گھر کا مالک نویں گھر میں ہو تو مذہبی علوم، قانون، میڈیسن، صحافت اور جغرافیہ کی طرف رجحان ہو گا۔

(xi) پانچویں گھر کا مالک دسویں گھر میں ہو تو زبان دانی، ڈاکٹری، ایڈمنسٹریشن، تاریخ اور انڈسٹریل اکنامکس کی طرف ہو گا۔

(xii) پانچویں گھر کا مالک گیارھویں گھر میں ہو تو بیالوجی، سوشل ورک، لسانیات، عمرانیات، نفسیات، فلسفہ اور الیکٹریکل انجینئرنگ کی طرف رجحان ہو گا۔

(xiii) پانچویں گھر کا مالک بارھویں گھر میں ہو تو بینکنگ سپورٹس، علوم مخفی، سیاحت اور سنگ تراشی کی طرف رجحان ہو گا۔

(xiv) چوتھے گھر میں نحس سیارے ہو تو تعلیمی سلسلہ درمیان میں ٹوٹ جائے۔

بقیہ صفحہ ۲۸

free copy
khalidrathore.com

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔

## بائیو ردم رپورٹ

بائیو ردم ایک جدید تحقیق ہے۔ اس کے مطابق وقت پیدائش سے انسان جسمانی، ذہنی اور جذباتی پہلوؤں سے ایک خاص حیاتیاتی ارتعاش سے گزرنا شروع ہو جاتا ہے۔ یہ حیاتیاتی دور / ارتعاش باقاعدہ ایک خاص وقفے سے بڑھتا اور کم ہوتا رہتا ہے۔ بائیو ردم رپورٹ دراصل ان تینوں حیاتیاتی ادوار کو بیان کرتی ہے۔ اس رپورٹ میں ہر دن کی حیاتیاتی یا بائیو ردم کی تفصیل الگ الگ دیتے ہیں۔ آپ کا کون سا دور اس وقت اچھی حالت میں ہے اور کون سا کمزور حالت میں۔ اس تفصیل کی روشنی میں آپ اپنی روزمرہ زندگی اور اہم معاملات زندگی بہترین طریقے سے طے کر سکتے ہیں۔ بطور مثال آپ دیکھتے ہیں کہ میرا یہ حیاتیاتی دور آج اچھا ہے تو اس سے متعلق کام کریں اور اگر کوئی حیاتیاتی دور خراب ہے تو اس سے متعلق کاموں سے باز رہنے کی کوشش کریں۔ اس بارے میں تفصیل اور طریقہ کار آپ کو روزانہ بائیو ردم رپورٹ کے ساتھ ملے گا۔ اس رپورٹ کی مدد سے آپ اپنے ملنے اور چاہنے والوں کے مزاج اور رویے کو بھی با آسانی سمجھ سکتے ہیں۔ اور اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یعنی جب ان کا مزاج اچھا ہو ان سے ملاقات یا امید پوری ہونے کی زیادہ توقع ہو گی۔ اور ایسے ہی بہت سے دیگر امور میں بھی یہ فائدہ مند ہے۔

**فیس:** رپورٹ ایک سال 200 روپے۔ دو سال 350 روپے۔ تین سال 400 روپے۔ ڈاک خرچ 20 روپے۔ سالانہ خریداروں کے لیے 10% خصوصی رعایت۔

## ادوار زندگی

### سیانہ / نریانہ

پاکستان انڈیا اور دنیا کے بہت سے ممالک میں ماہرین نجوم ادوار / دشا سسٹم سے مدد لیتے ہیں۔ یہ ایک موزوں اور کامیاب طریقہ کار ہے۔ تاہم ادوار کا استخراج کرنا ایک طویل اور تھکا دینے والا عمل ہے۔ لیکن اب خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے تحت دوستوں کی یہ مشکل حل کر دی گئی ہے۔ آپ معمولی فیس کے عوض یہ ادوار حساب کی معمولی غلطی سے بھی محفوظ اور سو فی صد درست استخراج کروا سکتے ہیں۔ یہ ادوار تاریخ پیدائش سے لے کر ۷۰ سال کی عمر کے لیے استخراج کیے جاتے ہیں۔

**نجومی دوستوں کے لیے خصوصی رعایت**
**۳ مختلف ادوار بیک وقت استخراج کروانے پر 25% خصوصی رعایت۔**

☆ دور اکبر۔ دور اصغر اور دور صغیر برائے ۷۰ سال۔ یہ قریباً ۲۰ صفحوں پر مشتمل سفید کاغذ اور لیزر پرنٹ میں دستیاب ہوں گے۔ فیس صرف ۵۰۰ روپے۔

**جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ جس پر آپ کا پتہ تحریر ہو ارسال کریں ورنہ جواب سے معذرت۔**

☆ دور اکبر۔ دور اصغر۔ دور صغیر اور دور صغیر اصغر برائے ۷۰ سال۔ یہ قریباً ۵۰ صفحات پر مشتمل ہوں گے۔ ان میں دور کی تبدیلی کے دن کے ساتھ تبدیلی کا گھنٹہ اور منٹ بھی تحریر کیا گیا ہو گا۔ سفید کاغذ اور لیزر پرنٹ میں دستیاب ہوں گے۔ فیس ۱۰۰۰ روپے۔

**رعایت:** سالانہ خریداروں کو ۱۰% خصوصی رعایت۔

## سالانہ خریدار اور رعایت

**صرف ۲۳۰ روپے میں**

مفت: ایک ذاتی سوال کا جواب ہر ماہ بذریعہ جوابی خط
مفت: زائچہ پیدائش
رعایت: کتب کی قیمت پر ۱۰% رعایت
رعایت: زائچہ جات کی فیس پر ۱۰% رعایت
رعایت: بائیو ردم رپورٹ کی فیس پر ۱۰% رعایت
رعایت: ادوار کی فیس پر ۱۰% رعایت

## نقش اعظم
### صد در صد

100x100

نقش صد در صد دس ہزار (۱۰،۰۰۰) خانوں پر مشتمل ہوتا ہے اس کا تیار کرنا عام فرد کی سوچ سے بالاتر ہے۔ تاہم خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے تحت اب ہر فرد اپنے لیے یہ نقش معظم تیار کر سکتا ہے۔ آپ دو طریق پر اس خدمت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

**اول:** ادارے کا تیار کردہ نقش معظم اور اس کی چال کی کاپی ۲۰۰ روپے ادا کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ نقش بالترتیب راہنمائے عملیات میں بھی دیا جا رہا ہے۔

**دوم:** اپنے ذاتی حوالے یعنی اپنے نام اور والدہ کے نام معہ خاص مقصد / مقاصد وغیرہ کے حوالے سے معقول معاوضہ ادا کر کے نقش معظم تیار کروا سکتے ہیں۔

اس نقش معظم سے آپ یہ فوائد حاصل کر سکتے ہیں:۔ تسخیر خلق، رجوع، رزق، عزت، وقار، صحت، اولاد، عمومی خوش حالی اور قلبی سکون، غلبہ دشمن، ادائیگی قرض، مقدمے میں کامیابی، آفات ارضی و سماوی سے حفاظت، مکان و عمارت کی حفاظت، روزمرہ امور میں کامیابی اور لاتعداد دوسرے معاملات میں حصول برکت کے لیے۔

## جفر جامع سیکھیں

کیا آپ جفر جامع سیکھنے کے خواہش مند ہیں؟ اگر آپ کا جواب ہاں میں ہے تو معمولی فیس کے عوض آپ اس عظیم علم کو حاصل کر سکتے ہیں۔ جفر اور دوسرے کورسز کے پمفلٹ کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

## کوپن برائے سوال

سوال ارسال کرنے سے قبل درج ذیل ہدایات پڑھ لیں

[illegible]

**ہمیشہ جوابی لفافہ ارسال کریں**

free copy khalidrathore.com Processing Solutions

از: پامسٹ سید اعجاز حسین شاہ، حویلی لکھا۔

# ابھار عطارد

ہاتھ کی چوتھی انگلی جسے چھوٹی انگلی کہتے ہیں۔ اس کے نیچے ابھرا ہوا گوشت کا پیڈ نما حصہ 'ابھار عطارد' کہلاتا ہے۔

اس ابھار کا عمیق مطالعہ بہت ضروری ہے۔ کیونکہ یہ ابھار انسان کی مثبت اور منفی دونوں خصوصیات کے بارے میں آگاہ کرتا ہے۔ انگشت عطارد لمبی اور اس کی پہلی پور انگشت شمس کو چھوے تو ایسا ابھار، عطارد کی مثبت خصوصیات کی عکاسی کرتا ہے۔ اس ابھار کے زیر اثر افراد 'عطارد صفت' ہوں گے۔ اس ابھار کو مرکری کا ابھار بھی کہتے ہیں۔

مرکری رومی زبان کا لفظ ہے۔ جس طرح ابھاروں کے متعلق پہلے مضمون میں ذکر کیا تھا کہ اہل یونان اور روم والے مختلف دیوتاؤں کی پوجا کرتے تھے۔ ان دیوتاؤں سے انھوں نے مختلف خصوصیات منسوب کی ہوئی تھیں۔ ان دیومالائی قصوں میں 'ہرمس اور یونانی دیوتا ہرکولیس' کا بھی ذکر ملتا ہے۔ یہ پروں والے دیوتا تھے۔ اہل یونان اور بابل ونینوا کے قدیم باشندے یہ خیال کرتے تھے کہ یہ دیوتا ان کے پاس خدا کا پیغام لے کر آتے ہیں۔ مرکری کو 'ہرمس دیوتا' سے منسوب کیا جاتا ہے۔

ابھار عطارد کے تفصیلاً مطالعہ کے لیے ہم اسے تین حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔

(i) ابھار کا زیادہ پھیلاؤ
(ii) ابھار کا میانہ پھیلاؤ
(iii) ابھار کا پچکا ہونا۔

## (i) ابھار کا زیادہ پھیلاؤ

عطارد کا ابھار کافی بڑا اور اپنی جگہ پر پھیلا ہوا محسوس ہو تو یہ ایک منفی علامت ہے۔ ایسے افراد بڑے چرب زبان ہوتے ہیں۔ اپنی شعبدہ بازی کو استعمال کر کے لوگوں کو دھوکہ دیتے ہیں۔ اپنی باتوں کو اس طرح بڑھا چڑھا کر پیش کرتے ہیں کہ سادہ لوح لوگ ان کے چنگل میں پھنس جاتے ہیں۔ یہ لٹیرے انہیں لوٹ کر راہ فرار اختیار کرتے ہیں۔ ایسے فراڈی پیر جو اپنی چرب زبانی سے علمی قابلیت کا اظہار کرتے ہیں۔ اپنے ہاتھوں پر پھیلا ہوا ابھار عطارد رکھتے ہیں۔ ایسے افراد کو رموز علوم پر عطائی مہارت تو ہو سکتی ہے لیکن ان علوم کی بنیادی معلومات کی واقفیت حاصل کرنا ان کے لئے ضروری ہوتی ہے کیونکہ ایسے افراد میں تھوڑی قابلیت کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنا ان کی منفی قابلیت کا حصہ ہوتی ہے۔ ایسے افراد اپنے مکر و فریب سے اپنی پوشیدہ قوتوں، روحانی علوم کا ماہر ہونے کا خوب ڈھنڈورا پیٹتے ہیں۔

جب لوگ ایسے افراد کے چنگل میں پھنس جاتے ہیں تو پھر ان کو وہ ایسے زخم لگاتے ہیں کہ انسان کا ان علوم کی حقانیت سے اعتبار تک اٹھ جاتا ہے۔

ایسے افراد کا سلسلہ صرف روحانی علوم تک نہیں۔ بلکہ یہ فراڈی لوگ زندگی کے ہر شعبے میں ہمیں نظر آتے ہیں۔ عملی زندگی کے دوران ایسے افراد جن کا ابھار عطارد بہت زیادہ ابھرا ہوا ہو، عطارد کی انگلی چھوٹی ہو، اور ہاتھ پر منفی علامات جیسے جالی، کراس، تل وغیرہ ہوں تو لین دین کے معاملے میں ایسے افراد سے احتیاط برتنی چاہیے۔

ایسے افراد کے سلسلے میں ایک بات یاد رکھیں کہ ایسے افراد سست طبیعت ہوتے ہیں۔ بغیر کام کے دولت حاصل کرنا پسند کرتے ہیں۔ یہی وطیرہ فراڈی لوگوں کا ہوتا ہے۔ وہ بغیر محنت روپیہ حاصل کرنا پسند کرتے ہیں۔ آرام طلب طبیعت اور پھر اپنے آپ کو بنا سنوار کر رکھنا۔ بغیر محنت کے سہولتوں کا حصول ممکن نہیں ہوتا۔ ایسے افراد اپنی عادات کو تبدیل نہیں کہ وہ محنت کریں اور سب کچھ حاصل کریں۔ نتیجتاً وہ ایسے کام کرنا پسند کرتے ہیں۔ جہاں تھوڑی محنت سے زیادہ کمالیں۔ اس لئے وہ اپنی ہوس سے مجبور ہو کر لوگوں کو لوٹتے ہیں اور اپنا کام نکالتے ہیں۔

## (ii) ابھار کا میانہ پھیلاؤ

ابھار عطارد مناسب ابھرا ہوا ہو، انگشت عطارد لمبی ہو ایسے افراد کو مکمل عطارد کے زیر اثر افراد کہیں گے۔ ایسے افراد بڑے ذہین ہوتے ہیں۔ تمام مشہور کھلاڑی، سیاستدان، وکلا، ادیب، فلاسفر غرضیکہ تمام شعبہ ہائے

نجوم 'پامسٹری' اعداد 'جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

حیات کے ماہر افراد اپنے ہاتھوں پر عطارد کا نمایاں ابھار رکھتے ہیں۔ ایسا ابھار جو نہ بہت زیادہ ابھرا ہوا اور نہ ہی پچکا ہوا ہو۔ مرکیورین ذہنی طور پر بہت چست اور اعلیٰ صلاحیتوں کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کا ذہن انھیں ہر وقت کسی نہ کسی مثبت سرگرمی کے لیے بے چین کیے رکھتا ہے۔ ایسے افراد اس جگہ اپنے آپ کو بہتر طور پر ایڈجسٹ کر سکتے ہیں۔ جہاں بھرپور دماغی صلاحیتوں کا استعمال ہو۔ نئے نئے منصوبوں کو سوچنا اور انھیں عملی جامعہ پہنانا انھیں کا کام ہے۔

ایسے افراد فیلڈ ورکرز کے ساتھ مل کر کام کو سر انجام دینے اور اپنے کام میں مگن ہو کر ایام حیات گزارتے ہیں۔ ان کے ساتھ کام کرتے ہوئے بعض لوگ ہچکچاتے ہیں کیونکہ ایسے افراد نہ صرف خود مصروف رہتے ہیں بلکہ اپنے ساتھ کام کرنے والوں کو بھی مصروف رکھتے ہیں۔ اس طرح ماتحت عملہ کوتاہی کرنے کا مرتکب نہیں ہوتا۔ مرکیورین افراد دنیا کے ہر شعبے میں کام کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ایسا فرد ادیب ہو گا تو اپنی تحریروں میں اس طرح قدرتی رنگ بھرے گا کہ انسانی کردار ہمیں اس کے مضامین میں چلتے پھرتے نظر آئیں گے۔ جب قدرتی مناظر کا ذکر ہو گا تو اس طرح درختوں، پھولوں، پھلوں اور سبزہ کا تذکرہ کرے گا کہ انسان تصورات میں اپنے آپ کو اس ماحول میں لے جائے گا۔

شاعر ہو گا تو اپنی شاعری کے ذریعے لوگوں کے دلوں کو گرمائے گا۔ ایسے سیاستدان جو سیاست کی سمجھ بوجھ رکھتے ہیں۔ اپنے ہاتھوں پر عطارد کی لمبی انگلی اور نمایاں ابھار رکھتے ہیں۔ وہ عوام کی فلاح کے لئے کچھ کرنا پسند کرتے ہیں۔ وہ نہ صرف سیاستدان ہوتے ہیں بلکہ بہترین مقرر بھی ہوتے ہیں۔ انھیں اگر عوام کا نبض شناس مقرر کہا جائے تو بے جا نہ ہو گا۔ ایسے افراد عوام کے جذبات کو بھڑکا کر انھیں اپنے حق میں کرنے کا فن خوب جانتے ہیں۔ ان کے ایک اشارے پر لوگ ان کے پیچھے لگ جاتے ہیں۔ مشہور سیاسی لیڈر ذوالفقار علی بھٹو مرحوم اپنے ہاتھ پر نمایاں ابھار عطارد اور لمبی انگشت عطارد رکھتے تھے۔

اسی طرح دنیا کے تمام عمدہ کھلاڑی اپنے ہاتھوں پر نمایاں ابھار عطارد رکھتے ہیں کیونکہ یہ ابھار جنسی و جسمانی اعضاء کی نشوونما کے متعلق بھی معلومات فراہم کرتا ہے۔ عمدہ ابھار کے مالک اچھی صحت کے مالک ہوتے ہیں۔ اپنے آپ کو خوب بنا سنوار کر رکھتے ہیں۔ شوخ و چنچل حسینائیں اور جسمانی طور پر خوب صورت جسم کے مالک نوجوان جو اپنی صحت پر ناز کرتے ہیں۔ اپنے ہاتھوں پر نمایاں ابھار عطارد دیکھ سکتے ہیں۔

مرکیورین افراد ایک جگہ ٹک کر یا بیکار رہ کر زندگی نہیں گذار سکتے۔ کاروبار سے منسلک ہوں تو کاروبار میں نئی نئی تبدیلیاں کرتے رہتے ہیں۔ جدت پسندی کے قائل ہوتے ہیں کاروباری نکات خوب سمجھتے ہیں۔

یہ ابھار چھوٹے سفروں سے بھی متعلق ہے۔ اس لئے کاروبار سے منسلک لوگ ایسے کاروبار کریں جہاں انھیں ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا مقصود ہو اس کاروبار میں بہتر رزلٹ پائیں گے۔ کیونکہ ایسے افراد سیر و سیاحت کے بھی شوقین ہوتے ہیں۔ اس طرح سیر کے ساتھ ساتھ ان کا کاروبار بھی چلتا رہے گا۔ امپورٹ ایکسپورٹ ان کے لیے بہترین کاروبار ہے۔

ان میں مشاہدہ کرنے کی حس دوسروں سے بہتر ہوتی ہے۔ مضبوط قوت فیصلہ کے مالک ہوتے ہیں۔ جس تیزی سے سوچتے ہیں۔ اسی تیزی سے عمل کرنا پسند کرتے ہیں۔ نہ صرف دولت کماتے ہیں بلکہ دولت کی قدر و قیمت کا احساس کرنا بھی جانتے ہیں۔

اعلیٰ درجے کے ہنر مند اور پیدائشی منصوبہ ساز جو اپنے شعبوں کی باریکیوں کو جانتے ہیں۔ اسی طرح نئی نئی سکیمیں سوچنے اور انھیں عملی جامہ پہنانے، سائنسی تحقیق، سرجن اور تشخیص امراض کے ماہر، نئی نئی ایجادات کرنے کے شائق، عاشقانہ کی بجائے مشفقانہ جذبات کے حاملین، پیدائشی اداکار غرض کہ تمام عظیم لوگ اور اپنے شعبوں کے ماہر سب مرکیورین ہوتے ہیں۔

## (iii) ابھار کا پچکا ہونا

جب ہاتھ کی چھوٹی انگلی کے نیچے ہتھیلی میں اس ابھار پر گوشت کی بجائے بالکل ہموار جگہ ہو ایسے افراد میں ابھار عطارد سے منسوب خصوصیات کا فقدان ہو گا۔ ایسا شخص کاروباری اور ذہنی صلاحیتوں سے تہی دامن ہو گا۔ سائنسی اور مرموز علوم سے اسے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی۔ کم درجے کی سوچ کا مالک ہوتا ہے۔ اس لئے ترقی نہیں کر سکتا۔ ایسے افراد کو نہ خود آگے بڑھنے کا شوق ہوتا ہے اور نہ ہی ان کی قسمت یاوری کرتی ہے۔ ایسے افراد مڈل تعلیم حاصل کرتے ہیں۔ بلکہ یوں کہا جائے کہ اساتذہ کرام اور والدین ان پر زبردستی تعلیم مسلط کرتے ہیں۔ انھیں خود تعلیم حاصل کرنے کا شوق نہیں ہوتا۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

دست شناسی کے عملی مشاہدے کی غرض سے جب میں نے سکولوں کے وزٹ کئے تو ایسے بچے تو تعلیم کے لحاظ سے پسماندہ بچوں میں شمار ہوتے تھے۔ جن پر اساتذہ کرام اپنی محنت کرنے کے باوجود ان میں تبدیلی پیدا نہیں کر سکے تھے۔ ان بچوں کے ہاتھوں پر عطارد کا ابھار پست اور پچکا ہوا تھا۔ جب میں نے ان کے والدین سے رابطہ کیا تو پتہ چلا کہ جب یہ بچے سکول سے چھٹی کے بعد گھر آتے ہیں تو پڑھنے کو ان کا دل بالکل نہیں چاہتا ہے۔ رات کو جب انھیں پڑھنے کے لئے زبردستی بٹھایا جائے تو جلد ہی اکتاہٹ کا اظہار کرنے لگتے ہیں۔ کتب کا مطالعہ انھیں سونے پر مجبور کر دیتا ہے۔ ایسے بچوں کا نفسیاتی علاج کر کے اور یوگا کی ورزشوں کے ذریعے ذہنی صلاحیتوں میں بہتری لائی جا سکتی ہے۔

ادنیٰ درجے کے ملازمین جیسے چپڑاسی، کھیتوں میں کام کرنے والے مزدور پیشہ افراد، کنڈیکٹر، ڈرائیور اور چھوٹے موٹے کام کر کے روزی کمانے والے اپنے ہاتھوں پر پست ابھار عطارد رکھتے ہیں۔ ایسے لوگ وہ کام کرنا پسند کرتے ہیں جہاں زیادہ ذہنی تھکن نہ ہو۔ تمام کام جذبات کے زیر اثر انجام دیتے ہیں۔ انسانی اقدار کی پاسداری کا احساس نہیں رکھتے۔ جو مل گیا اسی پر گزر اوقات کر لی۔ مستقبل کی منصوبہ بندی کا انھیں کوئی احساس نہیں ہوتا۔ بہت جلد غصے میں آجاتے ہیں۔

تنہائی انھیں بالکل پسند نہیں ہوتی۔ مل جل کر زندگی گزارنے میں خوش رہتے ہیں۔ بلکہ مشاہدہ میں یہ بات بھی آئی ہے کہ ایسے افراد اپنی بات چیت میں بعض اوقات غلیظ گالیوں کا بھی استعمال کرتے ہیں اور اس کا انھیں احساس تک نہیں ہوتا کہ وہ غلط حرکت کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ انھیں اگر بہتر ماحول میسر آجائے تو ان کی عادات بدل سکتی ہیں اور وہ بھی معاشرے کے مفید رکن بن کر زندگی گزارنے کا ڈھنگ سیکھ سکتے ہیں۔

## منفی خصوصیات اور ابھار عطارد

جس طرح ابھار عطارد انسان کی مثبت خصوصیات کے حوالے سے پہچانا جاتا ہے اسی طرح انسان کی منفی سوچ اور رجحانات کا پتہ چلانے کے لئے بھی اس ابھار کی مدد لی جاتی ہے۔ جب یہ ابھار پست ہو اور اس پر کراس یا جال کا نشان ہو انگشت عطارد ٹیڑھی ہو اور اس کا جھکاؤ ہتھیلی کی طرف ہو تو ایسا شخص مکمل عطارد کی منفی خصوصیات کا حامل ہوگا۔ ایسا شخص انتہائی دھوکہ باز، بات بات پر جھوٹ بولنا، لوگوں کو ناجائز تنگ کرنا، انسانی اقدار کی پامالی کرنا ایسے افراد کا شیوہ ہوتا ہے۔ دنیا کی کوئی رذالت ایسی نہیں جو اس میں نہ ہو۔ ڈاکو اور لٹیرے اپنے ہاتھوں پر پست ابھار رکھتے ہیں ان میں اکثریت کے ہاتھ ابتدائی قسم کے ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان میں انسانی جذبات کی کمی ہوتی ہے اور وہ رحمدلی سے کوسوں دور، لوگوں کو تنگ کر کے خوشی محسوس کرتے ہیں۔ اسی طرح پیدائشی جھوٹے، منافق اور خوشامدی لوگ، اپنے آپ کو بڑا ظاہر کرنے والے، عالم دین بن کر مذہبی جذبات کو بھڑکانے والے اور علم کی جھوٹی نمائش کر کے لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنے والے لوگ اپنے ہاتھوں پر بہت ابھرا ہوا ابھار رکھتے ہیں۔ بہت سی دوسری منفی علامات کے ساتھ پست ابھار ہمیشہ انسان کے منفی پہلوؤں کی عکاسی کرتا ہے۔

## ابھار عطارد اور علامات

### کراس

ابھار عطارد پر کراس کا نشان ہمیشہ سے منفی علامت کے طور پر جانا جاتا ہے۔ پرانے اور نئے دست شناس تمام ہی اسے منفی علامت کے طور پر تشخیص کرتے رہے ہیں اور میں نے بھی اسے ہمیشہ غلط، بددیانت، جھوٹے اور منافق لوگوں کے ہاتھوں پر اس علامت کو دیکھا ہے اور اپنے پیشرو دست شناسوں کی بیان کی ہوئی باتوں کو بالکل درست پایا ہے۔ اپنی عملی زندگی کے دوران اگر ہمیں کسی شخص کے ہاتھ پر یہ علامت نظر آئے تو اس سے اپنے تعلقات محدود کر لینے چاہئیں۔

### جالی

اس علامت کو بھی تمام دست شناس منفی علامت کے طور پر جانتے ہیں۔ اس علامت کے حاملین پر بھی کسی قسم کا اعتبار نہیں کرنا چاہیے۔ غیر اعتباری اور چوری کی علامت ہے۔ ایسے افراد دانستہ اور غیر دانستہ طور پر اپنے آپ کو برائی میں ملوث کئے رکھتے ہیں۔ منفی ہاتھ پر تو یہ علامت اپنے بھرپور اثرات دکھاتی ہے۔ بعض دست شناس اسے کاروباری پریشانیوں کی علامت بھی سمجھتے ہیں۔ بہر حال یہ حقیقت ہے کہ ایسا فرد آسودہ زندگی نہیں گزارتا ہے۔

### تل

سیاہ تل بھی ہمیشہ اپنے منفی اثرات سے انسانی صحت اور کاروبار پر

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

برے اثرات مرتب کرتا ہے۔ اس ابھار پر اس کی موجودگی سے انسان کی عملی زندگی میں بار بار رکاوٹوں سے واسطہ پڑتا ہے۔ نتیجتاً انسان کو تباہی سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔

## مربع

اس ابھار پر مربع کی علامت انسان کو مالی و جسمانی تحفظات فراہم کرتا ہے۔ انسان پر مصیبت آتے آتے رہ جاتی ہے اور انسان بخیریت اپنی زندگی کے ایام گزارتا ہے۔

## مثلث

مثلث کی علامت ہمیشہ مثبت علامت کے طور پر جانی جاتی ہے۔ اپنے ہاتھوں پر اس علامت کے حاملین اپنی زندگی میں بے پناہ کامیابیاں حاصل کرتے ہیں۔ قدرت کی خاص عنایات ان کے لئے کامرانیوں کا سبب بنتی ہیں ایسے افراد کاروباری اور سماجی زندگی کا خوب لطف اٹھاتے ہیں اور مادی طور پر خوشحال زندگی گذارتے ہیں۔

## جزیرہ

جزیرہ بھی ہمیشہ منفی علامت کے طور پر جانا جاتا ہے۔ اس ابھار پر جزیرہ اعضائے تولید میں خرابی بارے نشان دہی کرتا ہے۔ اس علامت کے حاملین کو کسی مستند ڈاکٹر یا حکیم سے رجوع کر کے اپنا علاج کروانا چاہیئے۔ بعض دست شناس اسے مالی نقصانات کی علامت بھی گردانتے ہیں۔

## ستارہ

ستارہ ہاتھ کے مختلف حصوں پر مختلف اثرات کی نشان دہی کرتا ہے۔ یہ ہاتھ میں مثبت اور منفی دونوں حوالوں سے جانا جاتا ہے۔ ابھار عطارد پر ستارہ کا نشان مثبت علامت کے طور پر پڑھا جاتا ہے۔ ایسے افراد زندگی میں کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ انہیں یہ کامیابی بڑھاپے میں نصیب ہوتی ہے۔ گو کہ اس علامت کے حاملین اپنے حلقہ احباب میں ہمیشہ عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔ لیکن ایسی کامیابی جس سے انسان خود مطمئن ہو اور دوسرے افراد اس پر رشک کریں بڑھاپے میں نصیب ہوتی ہے۔ پرانے دست شناس ستارہ کو منفی علامت کے طور پر جانتے تھے ان کے نزدیک ایسا شخص ناقابل اعتبار اور چور ہوتا ہے۔

## تین عمودی لکیری

اس علامت کو ڈاکٹری کی علامت بھی کہتے ہیں۔ قدیم و جدید کے تمام دست شناس اس پر متفق ہیں کہ ایسے افراد میں رحمدلی کا جذبہ دوسرے افراد کی نسبت زیادہ ہوتا ہے۔ ٹیکنیکل ذہن کے مالک ہوتے ہیں۔ شعبہ طب سے منسلک ہوں تو سرجری کے میدان میں کارہائے نمایاں سرانجام دیتے ہیں۔

## دائرہ

ابھار عطارد پر دائرہ کا نشان حادثے کی علامت کے طور پر پڑھا جاتا ہے۔ اس حادثے میں انسان کی آنکھوں کو زیادہ نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

## حلقہ عطارد

بعض ہاتھوں پر ابھار عطارد کو گھیرے ہوئے ایک قوس نما نشان دیکھنے کو ملتا ہے۔ یہ علامت مربع یا کسی مثبت ہاتھ پر دیکھنے کو ملے تو انسان پر مثبت اثرات دیکھنے کو ملتے ہیں۔ ایسے افراد ذہنی اور جسمانی طور پر بڑے چست ہوتے ہیں۔ زندگی میں کبھی ہمت نہیں ہارتے اور اپنی مضبوط قوت ارادی کے بل پر کامرانیاں حاصل کرتے ہیں۔


## کتب دستیاب ہیں

| | |
|---|---|
| راہنمائے عملیات (ماہنامہ) | 20 روپے |
| خزینہ اعداد | 50روپے |
| روحانی مشورے | 38 روپے |
| مستحصلہ قادرالکلام | 50 روپے |
| بانڈریس اور لاٹری کے نمبر | 100روپے |
| 10 سالہ جنتری | 115روپے |
| خالد روحانی جنتری 2000 | 55 روپے |
| علم الحروف | 100روپے |
| ساعات حقیقی | 90روپے |
| اسباق دست شناسی | 60روپے |

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

از: ایچ خان محمد، چارسدہ۔

# اسباق الاعداد

## اپنا حاکم ستارہ و حالات معلوم کریں

اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام سے شروع کیا ہے۔ جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے محترم قارئین اسباق الاعداد کے اس مضمون میں یہ بتایا جائے گا کہ عددی زائچہ کے لحاظ سے انسان اپنا حاکم ستارہ اور اس کے حالات کیسے معلوم کر سکتے ہیں۔ کیونکہ انسان کا حاکم ستارہ ہی انسانی زندگی میں سب سے زیادہ اثرات مرتب کرتا ہے۔ اس کے بغیر عددی زائچہ ترتیب نہیں دیا جا سکتا ہے۔ یہ ستارہ تاریخ پیدائش سے ہی حاصل ہوتا ہے۔ تاریخ پیدائش کا عدد نکالیں اور دیئے ہوئے نقشہ کی مدد سے اپنا حاکم ستارہ معلوم کر کے اپنی زندگی کے اندر جھانک کر معلوم کریں کہ آپ کیا ہیں؟ یہ ایک مخصوص ستارہ ہے جو عوام الناس کی نظروں سے اوجھل ہوتا ہے۔ پہلی بار یہ کالم مشرق اخبار میں 16 اپریل 93 کو سلسلہ وار شائع ہوا تھا۔ جو حاجی صابر حسین سلطانی صاحب ماہر علم الاعداد، نجوم، فلکیات نے عوام الناس کی بھلائی و اضافہ علم اور نشاندہی کے لیے پیش کیا تھا کہ یہ کلیہ درست اور صحیح ہے میں نے بھی اس پر تجربہ کیا صحیح اور درست پایا۔ اس لیے ان دوستوں کے لیے جنہوں نے ابھی ابھی اس میدان میں قدم رکھا ہے کے لیے پیش کرتا ہوں۔ امید ہے آپ ضرور اس سے ان گنت فوائد حاصل کریں گے۔ جن نمبروں کے تحت یہ ستارہ ہو وہی آپ کے نمبر ہوں گے۔ اس نقشہ کے بعد ان عددی ستاروں کے اثرات بھی ترتیب دوں گا۔ تاکہ آپ کو معلوم ہو سکے انسانی زندگی کے مطالعہ کے لیے اس سے بہتر، کارآمد موثر و مجرب کلیہ اور کوئی نہیں ہے۔ طریقہ بہت آسان ہے۔ اس مضمون کو بغور سمجھ کر اس سے معلومات حاصل کریں۔ حاکم ستاروں کا عددی جدول یہ ہے۔

### نقشہ حاکم ستارہ و خواص

| تاریخ پیدائش کے اعداد کا مجموعہ | حاکم ستارہ اور نمبر | انگریزی میں |
|---|---|---|
| ۱۴، ۲۳، ۳۲، ۴۱ | شمس نمبر ۵ | SUN. |
| ۱۳، ۲۲، ۳۱، ۴۹ | قمر نمبر ۴ | MOON |
| ۱۷، ۲۶، ۳۵، ۴۴، ۴۷، ۴۲، ۲۹، ۵۳ | مریخ نمبر ۱، ۸ | MARS |
| ۱۲، ۱۵، ۳۳، ۲۱، ۲۴، ۳۹، ۴۲، ۴۸، ۵۱ | عطارد نمبر ۳، ۶ | MERCURY |
| ۱۸، ۲۷، ۳۶، ۴۵، ۵۴ | مشتری نمبر ۹ | JUPITER |
| ۱۱، ۱۶، ۲۵، ۳۴، ۳۸، ۴۳ | زہرہ نمبر ۲، ۷ | VENUS |
| ۱۰، ۱۹، ۲۰، ۲۸، ۳۰، ۳۷، ۴۰، ۴۶، ۵۰، ۵۵ | زحل صفر ۱۰ | SATURN |

اس نقشہ سے مندرجہ ذیل طریق سے استفادہ کریں۔ اور ساتھ ساتھ یہ جان لیں کہ ہر انسان کے تاریخ پیدائش کے مجموعہ کو مدنظر رکھیں۔ اگر کسی کو تاریخ پیدائش مکمل یاد نہیں ہے تو صرف سن سے ہی یعنی اس کے مجموعہ سے کام لے سکتا ہے۔ اور کسی کو سن بھی یاد نہیں ہے تو اپنی عمر سے ہی کام لے سکتا ہے۔ جیسے کسی کا عمر موجودہ ۱۸، ۲۷، ۳۶، ۴۵ یا ۵۴ ہیں نقشہ میں دیکھنے پر معلوم ہوا کہ یہ نمبر مشتری کے ہیں اب اگر کوئی سائل عمر کے اس ادوار میں ہو تو ان کا ستارہ مشتری ہے۔ ہر ستارے کے نمبر موجود ہیں۔ مگر یہ یاد رہے کہ یہ نمبر صرف اسی نقشہ کے لیے ماہرین نے ترتیب دیئے ہیں اور کسی جگہ کام نہ دیں گے۔ یہ نمبر صرف اس عمل کے لیے مخصوص ہیں۔ اب مثال سے واضح کروں گا۔ اگر کسی کا ستارہ حاکم شمس ہے تو اس کے خواص کیا ہوں گے۔

**مثال**: قائد اعظم محمد علی جناح 'بانی پاکستان' تاریخ پیدائش ۱۸۷۶-۱۲-۲۵ ان کا حاکم ستارہ معلوم کرنا ہے تو تاریخ پیدائش کے تمام اعداد کو جمع کریں اور مجموعہ کو نقشہ میں دیکھیں اسی سے حاکم ستارہ معلوم ہوگا۔ پیدائشی مجموعہ محمد علی جناح = ۶ + ۷ + ۸ + ۱ + ۲ + ۱ + ۵ + ۲ = مجموعہ ۳۲ ہے۔ دراصل ۵ ہے۔ یعنی ۳۲ کا مفرد ۵۔ اور یہ ستارہ شمس ہے۔ یہ ان کا اہم ستارہ تھا جو ستاروں میں نیر اعظم کہلاتا ہے۔ یہ اقتدار سے متعلق ہے اور اس سے

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

تعلق رکھنے والے لوگ عموماً زندگی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ مثبت ستارہ ہے۔ اور یہ بھی یاد رہے کہ یہ ستارہ دوسرے تمام سیاروں پر حاکم ہے۔ ترتیب وار ہر ستارے کے خواص بیان کروں گا کہ انسانی زندگی پر ستارے کیا اثرات مرتب کرتے ہیں۔ ہٹلر کا بھی ستارہ شمس تھا۔ ہٹلر کی تاریخ پیدائش ۱۸۸۹-۴-۲۰۔ ۹+۸+۸+۱+۴+۰+۲=۳۲ مجموعہ پانچ ہے اس لیے ریڈلف ہٹلر کا حاکم ستارہ شمس تھا۔

اب جن دوستوں کا اس نقشہ کی رو سے ستارہ شمس ہے اس کے اثرات و خواص مندرجہ ذیل ہیں ستارہ شمس اقتدار اور حکمرانی کا ستارہ ہے۔ دوسرے ستاروں پر بھی فوقیت رکھتا ہے۔ اور ان پر حاکم ہے۔ ماہرین اسے نیر اعظم کا نام دیتے ہیں۔ یہ اچھے اور برے دونوں اثرات دیتا ہے۔ مگر اس کے زیر اثر لوگ اپنی زندگی میں اہم کام کرتے ہیں۔ اور دنیا میں مشہور و معروف ہوتے ہیں۔ یہ لوگ مستقل مزاج، بلند ہمت اور محنتی ہوتے ہیں۔ رعب جاہ و جلال کی جانب توجہ رکھتے ہیں۔ ذہانت کی وجہ سے بہت اہم فیصلے کرتے ہیں ان کا دماغ ہر وقت تعمیری یا تخریبی کاموں میں رواں دواں رہتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ حوصلہ مند، جرات مند، آزاد خیال، مغرور، اعلیٰ تعلیم یافتہ اونچی سوسائٹی اور اونچے ماحول میں رہنا پسند کرتے ہیں۔ اپنی شخصیت کو ہمیشہ اونچا رکھتے ہیں۔ اور اعلیٰ مقام پیدا کرتے ہیں۔ دوسرے منفی پہلوؤں میں یہ لوگ غصہ اور، خودسر، حاکمانہ رویہ غرور وغیرہ جیسے منفی اثرات رکھتے ہیں۔ یہ لوگ عموماً مفکر، قانون دان، گورنمنٹ کے بڑے عہدے محسوبیت، وزیروں کسی ادارہ کے مینجنگ ڈائریکٹر، فلاسفر وغیرہ ہوتے ہیں۔ ان لوگوں میں بے پناہ اور جاذب دل خصوصیات پائی جاتی ہیں اور دوسروں سے سبقت لے جانے کا عزم حد درجہ پایا جاتا ہے۔ اس وجہ سے بہت سی باتوں کو نظر انداز بھی کر دیتے ہیں۔ ماہرین کے قول کے مطابق ان کا مبارک پتھر نیلم، دن اتوار ہے۔ اور مہینوں میں مئی کا مہینہ بہت اہم اور بہتر ہے۔ موافق تاریخیں ۵، ۱۴، ۲۳ ہیں سال قسمت بھی انہی کا مفرد ہے۔ مبارک رنگ ہلکا نیلا اور بھورا ہے۔

فطرت، آزادانہ روش اور انتہاء پسندی ہے۔ یہ لوگ دل کے امراض، آشوب چشم سرطان، ہائی بلڈ پریشر میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔

## ستارہ حاکم قمر کے خواص اور اثرات

**حاکم ستارہ معلوم کرنے کا طریقہ:** مثلاً کسی کی تاریخ پیدائش ۱۹۷۰-۵-۹ ہے اس تاریخ پیدائش کا حاکم ستارہ معلوم کرنا ہے۔ سب اعداد پیدائش جمع کریں اور مجموعہ حاصل کریں۔ ۰+۷+۹+۱+۵+۹=۳۱ مجموعہ ہے نقشہ میں دیکھیں جو قمر کا ہے۔ لہٰذا اس شخص کا ستارہ قمر ہے۔ اس کے اثرات و خواص مندرجہ ذیل ہیں۔ اگر آپ کا حاکم ستارہ قمر ہے تو اس کا نمبر ۴ ہے۔ اس لیے یہ لوگ روپیہ پیسہ کے معاملے میں اچھی قسمت کے حامل ہوتے ہیں۔ ستارہ قمر فلک پر اچھا اور خوش بخت سیارہ ہے۔ اس کی مثبت روش یہ ہے کہ یہ لوگ اچھے کام سرانجام دیتے ہیں۔ لیکن جب روپیہ پیسہ ملتا ہے تو اس کو سنبھال کر رکھنے میں ناکام ہوتے ہیں۔ حالانکہ یہ لوگ بہت محتاط ہوتے ہیں۔ ترقیوں کے زینے طے کرتے ہیں۔ اور بہت جلد کسی بات کسی واقعہ کا اثر قبول کر لیتے ہیں۔ دوسرے یہ لوگ منصوبہ بندی میں تھوڑی کوتاہی کر جاتے ہیں۔ اور اپنی کوششوں میں جلد بازی کی وجہ سے اکثر ناکامی ہوتی ہے۔ اور غصہ میں آکر خود کو محصور کر لیتے ہیں۔ اپنی خواہشات کی تکمیل جلد از جلد چاہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے خود غرضی اور خود پرستی کے جذبات میں ڈوب جاتے ہیں۔ ماہرین ان کو یہی مشورہ دیتے ہیں کہ وہ ہر کام ٹھنڈے دل و دماغ اور پرسکون طریقے سے طے کریں تو کامیابی کے امکانات زیادہ ہو سکتے ہیں۔ تیز مزاجی اور ہر وقت سیمابی کیفیت ان کی فطرت میں شامل ہوتی ہے۔ حالانکہ انسان اپنی فطرت کو جھٹک کر بدل سکتا ہے۔ یہ لوگ زیادہ تر موجد، سائنسدان، شاعر، ادیب، ٹیچرز، پروفیسر اور علوم مخفیہ سے تعلق رکھنے والے ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کا موافق رنگ سفید اور دودھیا ہے۔ مبارک پتھر سنگ دودھیا اور حجر القمر جسے مون سٹون بھی کہتے ہیں۔ ان کا مبارک دن سوموار ہے اس کلیہ کے تحت سیارہ حاکم قمر کا نمبر '۴' اور اسی ہندسے مفرد ۴ کے تحت مبارک تاریخیں ۴، ۱۳، ۲۲، ۳۱ اور مبارک اور نفع بخش مہینہ اپریل ہے۔

جوڑوں کا درد، فربہ پن، پھیپھڑوں کی بیماری، جلدی امراض اور عورتوں اے امراض میں ہسٹیریا اور رحم کی بیماریاں۔ یہ لوگ خوش لباس، خوش رہائش اور اچھے خوبصورت چہرے اور خدوخال کے مالک ہوتے ہیں۔

## حاکم ستارہ مریخ کے خواص اور اثرات

نجوم' پامسٹری' اعداد' جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

یہ سیارہ جنگ وجدل اور لڑائی جھگڑے کے لیے بہت باقوت ہے۔

ان خواص کی وجہ سے اس سیارے کے تحت اشخاص جب جنگ کے میدان میں اترتے ہیں تو رحم ومہربانی کے جذبات سے عاری ہو جاتے ہیں اور ظلم مار دھاڑ کا رویہ اختیار کرتے ہیں۔ اور کسی کو دکھ دے کر راحت محسوس کرتے ہیں۔ عام حالات میں کبھی کبھی اپنی زندگی میں اصولوں کو پامال کر دیتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ مضبوط ارادہ اور دل رکھتے ہیں۔ مگر جذبات کی رو میں بہہ کر اپنی اصل لائن سے ہٹ جاتے ہیں۔ اور ہمیشہ قوت بازو سے عہدہ اقتدار وغیرہ کا حصول چاہتے ہیں۔ اور عموماً اس کوشش میں کامیاب بھی ہوتے ہیں۔ آرمی اور پولیس بھی مریخ کے ماتحت ہے۔ مریخی لوگ مغروری، انانیت اور خود غرضی و خود پسندی جیسے خیالات اپناتے ہیں۔ جو کہ منفی اثرات ہے۔ ان کی کوشش و خواہش ہوتی ہے کہ وہ ایک سے زائد شادیاں کریں۔ عورتوں کی جانب زیادہ جھکاؤ رکھتے ہیں۔ مگر بعض اوقات مضبوط اور پختہ ہوتے ہوئے بھی اپنا توازن نہیں رکھ پاتے۔ اور مختلف دھوکہ دہی کی چالوں سے اپنے مخالف کو پریشان کرتے ہیں۔ تاہم زیادہ تر یہ لوگ بہادر، نڈر، بے خوف وخطر ہوتے ہیں۔ ان کی صحت بہتر اور مضبوط جسم اور غصہ ور ہوتے ہیں۔ تیز آنکھیں بال عموماً گھنگھریالے ہوتے ہیں۔

امراض میں زخمی ہونا تلوار سے، چاقو، بندوق، پستول وغیرہ اور دل کے امراض اور بہرے پن کے شکار ہوتے ہیں۔ جنگ لڑائی میں مجروح ہونا وغیرہ۔ ماہرین نے یہ سب علامتیں وضع کی ہیں۔ ان کا مبارک پتھر سرخ عقیق ہے۔ اسے بلڈ سٹون بھی کہتے ہیں۔ بہتر دن منگل وار ہے۔ بہتر رنگ سرخ، موافق تاریخیں ۸، ۱۷، ۲۶ ہیں موافق مہینے جنوری اور اگست، اس طرح موافق سال بھی مناسبت بہ موافق تاریخیں بہتر ہوتے ہیں۔ اس ستارے کی مشہور شخصیات عبدالناصر مصری، برنارڈ شاہ، صدر ولسن چرچل وغیرہ ہیں۔

## حاکم ستارہ عطارد کے خواص واثرات

ذیل کا نقشہ دیکھ کر اپنا حاکم ستارہ اس کے خواص واثرات، فطرت مبارک رنگ، پتھر، دن، ماہ وسال معلوم کریں۔

اب اگر کسی کی تاریخ پیدائش ۱۳-۱-۱۹۹۹ ہے تو اس کا حاکم ستارہ کیا ہوگا؟ اس پیدائش کا کل مجموعہ معلوم کریں یعنی جمع کریں۔ ۹+۹+۹+۱+۱+۳+۱=اس کا مجموعہ ۳۳ ہے۔ نقشہ میں یہ مجموعہ عطارد حاکم سے تعلق رکھتا ہے۔ دوستو یہ بہت آسان، بہتر اور موثر بھی ہے۔ اگر کسی کو مکمل تاریخ پیدائش یاد نہیں تو صرف سن پیدائش سے یہ بھی یاد نہ ہوں تو موجودہ کل عمر سے یعنی ایک شخص کی ٹوٹل موجودہ عمر ۳۳ سال ہے یہ بھی عطارد سے متعلق ہے۔ انشاء اللہ تینوں طریقے صحیح معلومات فراہم کرے گا۔ یعنی ان تینوں طریقوں سے یہ نقش استعمال ہوتا ہے۔ یعنی پوری تاریخ پیدائش، صرف سن پیدائش سے یا کل عمر نقشہ میں دیکھیں اور اپنا حاکم ستارہ معلوم کر کے اپنے بارے میں پڑھیں۔

اب سیارہ عطارد کے خواص واثرات مندرجہ ذیل ہیں۔ یہ سیارہ عقل وشعور، ذہانت اور دانائی کا علمبردار ہے۔ سیاروں کی دنیا میں اس کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ اس سیارے کے تحت لوگ خداداد ذہانت وعقل کے مالک ہوتے ہیں۔ اس کے تحت دنیا کے نامور اور شہرت یافتہ انسان پیدا ہوئے اور ہوں گے۔ یہ لوگ اپنی زندگی بہت سلیقے، جدوجہد اور لگن سے گزارتے ہیں۔ اور اپنی زندگی میں ہی بین الاقوامی شہرت حاصل کرتے ہیں۔ ان کی زندگیاں کامیابیوں سے بھری ہوتی ہیں۔ یہ لوگ مفکر، مصنف، ماہرین علوم، شاعر، ادیب، پروفیسر، راہب، عالم دین، حساب دان، سائنسدان، موجد اور فن کتابت سے منسلک ہوتے ہیں۔ لیڈر، مقرر، ٹائپسٹ، منشی قانون دان، سیکرٹری وغیرہ بھی اسی سیارے کے تحت ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کی زندگی پر ستارہ ہی اثر انداز ہوتا ہے۔

یہ لوگ عوام الناس میں بہت جلد مقبول ہوتے ہیں۔ اور لوگوں کے دلوں کی دھڑکن بن جاتے ہیں۔ یہ لوگ عموماً خوبصورتی سے متاثر ہوتے ہیں۔ خوبصورت رنگ، خوبصورت چہرے خوبصورت لباس، رہائش، ماحول کو پسند کرتے ہیں۔ خوب محنت کرتے ہیں۔ اور ساتھ ساتھ بہت قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔ ہر فن مولا بھی ہوتے ہیں۔ دینی خیالات کو اپناتے ہیں۔ یہ لوگ دولت کے خواہاں اور لوگوں پر تنقید کرنے والے اور ضدی بھی ہوتے ہیں۔ کسی چیز کے حصول کے لیے ہر روپ بدل لیتے ہیں۔ ان کا مبارک نگینہ پکھراج اور عقیق ہے۔ مبارک رنگ تمام ہلکے قسم کے رنگ، پھیکا نیلا اور مبارک دن بدھ وار اور مبارک مہینے مارچ، جون، دسمبر ہیں۔ ان مہینوں میں کام کرنا

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

بہتری لاتا ہے۔ موافق تاریخیں ۶، ۱۵، ۲۴، ۳، ۱۲، ۳۰ ہیں۔

امراض۔ قوت حافظہ کا کمزور ہونا، پاگل پن، دیوانگی، ہاتھ پاؤں کے امراض، گردہ مثانہ کی تکالیف، مگر زیادہ تر دماغی امراض کا شکار ہوتے ہیں۔

## حاکم سیارہ مشتری دولت کا عظیم ستارہ

ہماری کوشش ہے کہ ہر شخص علم الاعداد اور ستاروں کے متعلق قیمتی ونایاب معلومات جان سکے۔ تاکہ کسی نام نہاد عامل کا دست نگر نہ بن جائے اور اپنے بارے میں معلومات خود حاصل کر سکے۔ حاکم ستارہ معلوم کرنے کے لیے نقشہ سے مدد لیں۔ نقشہ میں جو عدد دیئے گئے ہیں صرف اسی کلیہ میں ہی استعمال ہونگے اور کسی جگہ استعمال نہ ہونگے۔

**مثال**: کسی شخص کی تاریخ پیدائش ۱۹۶۱-۹-۱ ہے۔ وہ اپنا حاکم ستارہ معلوم کرنا چاہتا ہے اس لیے ان اعداد کو جمع کریں اور مجموعہ حاصل کریں مثلاً ۱+۶+۹+۱ +۹+۱= ۲۷ مجموعہ۔ نقشہ میں دیکھا تو ۱۸، ۲۷، ۳۶، ۴۵، اور ۵۴ نمبرز مشتری کے ہیں۔

سیارہ مشتری حاکم کے خواص واثرات مندرجہ ذیل ہیں۔ اگر آپ کا سیارہ مشتری ہے تو مشتری سب سیاروں سے طاقتور، قوی حاکم سیارہ ہے۔ یہ مثبت سیارہ ہے اور ماہرین اسے دولت کا عظیم سیارہ کہتے ہیں۔ اس کے تحت لوگ صاحب مال اور بہت ایماندارانہ صفت رکھتے ہیں۔ اگر کسی کی تاریخ پیدائش سے بھی یہ سیارہ منسلک ہو تو بہت خوشگوار اثرات رکھتا ہے۔ یہ لوگ اپنی شخصیت میں مکمل ہوتے ہیں۔ اور بڑے سکون سے منزل کو طے کرتے ہیں۔ یہ لوگ بہت محنتی اور سلجھے ہوئے خیالات رکھتے ہیں۔ ان میں بیشمار خوبیاں ہوتی ہیں۔ روحانیت اور روحانی علوم سے بھی متعلق ہے۔ مذہبی معاملات میں بھی ان کی سوچ مثبت ہوتی ہے۔ لوگوں کو جلد متاثر کر لیتے ہیں۔ یہ لوگ قانون اور عدالتوں، ایڈمنسٹریٹر، سماجی اداروں کے اچھے عہدوں پر فائض ہوتے ہیں۔ اگر ان کو کسی ادارے یا محکمہ کا انچارج بنادیا جائے تو اپنی ڈیوٹی نہایت سلیقے اور لگن سے سرانجام دیتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ لوگ حاکمانہ روش، خود پسندی اور جلد غصہ میں آتے ہیں مگر اپنے حالات پر قابو پانا جانتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے اپنی پوزیشن سے گر بھی جائیں تو جلد اپنا مقام حاصل کر لیتے ہیں اور انجام بہتر ہوتا ہے۔ لیڈر شپ میں کامیابی حاصل کرتے ہیں۔ کامیابی کے لیے ہر حربہ استعمال کرتے ہیں چاہے جائز ہو یا ناجائز منزل کو پانا ان کا جنون ہوتا ہے۔ ان لوگوں کی گھریلو زندگی الجھن کا شکار رہتی ہے اور عزیزوں سے جھگڑا لڑائی رہتا ہے۔ ان لوگوں کا تعلق علوم مخفیہ سے بھی ہوتا ہے۔ نیز کھلاڑی، تاریخ دان، مذہب پسند بھی ہوتے ہیں۔ ان کا مبارک نگینہ زمرد اور مرجان ہیں۔

مبارک دن جمعرات، تاریخیں ۹، ۱۸، ۲۷ ہیں۔ یہ لوگ دمہ، سانس کی بیماری، امراض جگر و خون میں عموماً مبتلا ہوتے ہیں۔ موافق سال ۹، ۱۸، ۲۷ کے تحت جن کا مفرد ۹ ہے۔

## حاکم ستارہ زہرہ کے خواص واثرات

زہرہ مثبت اور قوت بخش ستارہ ہے۔ یہ انسان دوستی اور تعلقات عامہ سے متعلق ہے۔ مغربی مفکرین اسے محبت کا ستارہ کہتے ہیں۔ یہ لوگ بہت حسین فطرتی لحاظ نقوش کے لحاظ سے، اور تعلق استوار کرنے کے معاملہ میں پیش پیش ہوتے ہیں۔ اعلیٰ سوچ، پاکیزہ خیالات اور معاشرہ میں گھل مل کر رہتے ہیں۔ لوگوں کے دلوں میں سماتے ہیں۔ خود پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ مہمان نواز، خوش گفتار وخوش اخلاق ہوتے ہیں۔ خوبصورت چیزیں پسند کرتے ہیں۔ عیش وعشرت سے بھی متعلق ہے۔ یہ لوگ تاجر کھیتی باڑی والے، ساہوکار، فلم ایکٹرز، موسیقار، ڈرامہ نگار وغیرہ۔ اس کے علاوہ یہ لوگ شاعر، آرٹسٹ، ڈریسرز، ڈیکوریٹرز، فوٹو گرافر، عورتوں کی اشیاء ضرورت بیچنے والے بھی تقریباً اسی سیارے کے تحت ہوتے ہیں۔ یہ سیارہ فنکارانہ صلاحیتوں کا علمبردار ہے۔ یہ لوگ نازک بدن وکمزور دل رکھتے ہیں۔ ماہرین زہرہ کو امن کی دیوی بھی کہتے ہیں۔ یہ لوگ مجموعی طور پر عوام سے منسلک ہوتے ہیں۔ ان لوگوں کو قدرتی مناظر بہت پسند ہوتے ہیں۔ ان کا موافق نگینہ و پتھر سفید عقیق وہیرا ہے۔ مبارک دن جمعہ دوسرے نمبر پر سوموار، موافق مہینے فروری اور جولائی جو نفع بخش ہیں۔ یہ لوگ کھانسی، گلے کے امراض، سانس پھولنا، ذیابیطس، گردوں کی تکالیف میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔

## حاکم سیارہ زحل کے خواص واثرات

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

اب اگر کسی کی تاریخ پیدائش ۱۵۴۲-۱۱-۲۳ ہے۔ ان اعداد کو جمع کریں۔ ۲+۴+۵+۱+۱+۱+۳+۲=۱۹ مجموعہ زحل ہے۔ اس کے علاوہ ۱۰، ۲۰، ۳۰ وغیرہ کیونکہ جس مفرد میں صفر آئے وہ بھی زحل سے متعلق ہے جیسے ۷ ۳ کو جمع کیا ۱۰ حاصل ہوئے ۱۰ میں بھی صفر ہے۔ یہ زحل نمبر ہے۔ اس طریقے سے آپ اپنا حاکم ستارہ معلوم کر کے اپنے اندر جھانک سکتے ہیں۔ اگر تاریخ پیدائش یاد نہیں ہے تو دوسرے نمبر پر سن پیدائش اگر یہ بھی یاد نہ ہو تو کل عمر سے معلومات اپنے بارے میں حاصل کر سکتے ہیں۔ ان طریقوں سے آپ بھی اپنا حاکم ستارہ معلوم کریں جو زائچہ میں اول نمبر پر آتا ہے۔ اور تمام زندگی اثرات وخواص مرتب کرتا ہے۔ یہی ستارہ زندگی پر حکمرانی کرتا ہے۔ بہت سے لوگ حاکم ستارہ نہیں بتاتے ہیں۔ اور تاریخ پیدائش کی ستارہ یا نام کے حرف اول کا ستارہ ہی بتا کر چلتا کرتے ہیں۔ یہ غلط ہے وہ ستارے بھی اثرات کرتے ہیں۔ مگر علم نجوم میں حاکم ستارہ کا مقام اول نمبر پر ہے۔ جب تک یہی معلوم نہ ہو نجوم و زائچہ نامکمل ہو گا۔ اب مذکورہ بالا تاریخ پیدائش ۱۵۴۲-۱۱-۲۳ مغل بادشاہ جلال الدین کی ہے اس کا حاکم ستارہ زحل ہے۔

## سیارہ زحل کے خواص واثرات ☆ حاکم زحل

سیارہ زحل تباہی وبربادی، جنگ، لڑائی، فتنہ وفسادی اثرات کا حامل ہے۔ نپولین بوناپارٹ بھی سیارہ زحل کے تحت تھا۔ یہ سیارہ منفی اثرات کو زیادہ اجاگر کرتا ہے۔ جرم وسزا، تند خوئی اور بے مروتی جیسے اثرات وخواص رکھتا ہے۔ ان کی زندگی کا مقصد ترقی، اونچائی، نفع اور کامیابی ہی ہوتی ہیں۔ اپنی فطرت کے تابع ہو کر یہ لوگ چلیں اور مواقع سے فائدہ اٹھا کر زندگی استوار کرتے ہیں۔ یہ لوگ عنان حکومت گورنمنٹ کے اچھے عہدوں پر فائض ہوتے ہیں۔ مگر زیادہ تر مایوسیوں، پریشانیوں اور الجھنوں کا شکار رہتے ہیں۔ ہاں اگر کسی اور پیدائشی ستارے کا اثر عود کر جائے تو بہت ترقی پاتے ہیں۔ یہ لوگ اعلیٰ حکام سے منسلک، خفیہ سروس، بڑی بڑی فرموں کے ایڈمنسٹریٹر، مینجر، ڈائریکٹر، سربراہ وغیرہ ہوتے ہیں۔ زمینی معدنیات بھی زحل کے تحت ہیں۔ ان کا مبارک رنگ کالا اور بھورا ہے۔ موافق پتھر نیلم۔ موافق دن ہفتہ اور بہتر مہینہ اکتوبر ہے۔ امراض میں اندھا پن، بہرہ ہونا، جوڑوں کا درد، گھٹنیا، گیس بدہضمی وغیرہ درد گردہ، پیشاب کی بیماریاں لاحق ہوتی ہیں۔

## بقیہ شعبہ تعلیم

(xv) چوتھے یا دسویں گھر میں مشتری ہو تو وکالت کی طرف رجحان ہو گا۔

(xvi) دسویں گھر میں زہرہ ہو تو طب کی طرف رجحان ہو گا۔

(xvii) دسویں گھر میں شمس ہو تو سیاسیات اور ایڈمنسٹریشن کی طرف رجحان ہو گا۔

(xviii) آٹھویں گھر میں عطارد ہو تو دستکاری اور انجنئرنگ کی طرف رجحان ہو گا۔

(xix) پہلے گھر میں عطارد یا مشتری اچھی حالت میں ہو تو اچھی یاداشت کا مالک اور ذہین طالب علم ہو گا۔

(xx) قمر زہرہ پانچویں یا گیارھویں میں ہوں تو شاعری اور ادب کی طرف رجحان ہو گا۔

(xxi) چوتھے گھر میں زحل ہو تو زراعت، بیالوجی، تاریخ، جغرافیہ اور فلسفہ کی طرف رجحان ہو گا۔

(xxii) مریخ اگر دسویں گھر میں ہو تو عسکری علوم کی طرف رجحان ہو گا۔

(xxiii) نویں گھر میں مشتری ہو تو لسانیات، مذہبی علوم، فلسفہ اور منطق کی طرف رجحان ہو گا۔

نوٹ:

زائچہ میں غالب کو اکب کو بھی مد نظر رکھنا چاہیے۔ مثلاً وہ آدمی اچھا شاعر نہیں بن سکتا۔ جس کے زائچہ میں قمر اچھی حالت میں نہ ہو۔ (اچھی حالت سے مراد شرف، اچھا گھر، اچھی نظر وغیرہ)۔ وہ آدمی اچھا عالم نہیں بن سکتا جس کے زائچہ میں مشتری اچھی حالت میں نہ ہو۔ وہ فوجی اچھا سپاہی نہیں بن سکتا جس کے زائچہ میں مریخ اچھی حالت میں نہ ہو۔ اس طرح دوسرے سٹارز کو پڑھنا چاہیے۔ (واللہ علم الصواب)۔

230 روپے
میں سال بھر راہنمائے عملیات گھر بیٹھے حاصل کریں

نجوم 'پامسٹری' اعداد' جفر' عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

# کلید اسرار

**کلید اسرار ماخوذ از کتب ہائے مختلفہ نادرہ مترجمہ سید یسین علی نظامی خواہر زادہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیا محبوب الٰہی قدس سرہٗ تاریخ دوازدہم ماہ ذی الحجہ ۱۳۲۷ھ**

**وصل اول رماد اول** کی خاصیت کے بیان میں اس کی خاصیت یہ ہے کہ انسان کو جس صورت میں چاہے بناوے اس عمل میں جزو اصل ہے جس کی ترکیب یہ ہے کہ **حب الخروع وحب الاس وحب الورد وحب یبروج** ایک ایک درم ہر ایک کو جدا جدا خوب باریک پیسے مثل غبار کے پھر ملالے اور اس سب کے ہم وزن رماد مذکور ملائے اور بقدر ضرورت خون فصد ملا کر مثل خمیر کے کرلے اور گولیاں بنالے پھر جب عمل کرنا چاہیے تو قدرے رماد مذکور کو انسان کے خون اور گلاب میں ملا کر سیاہی بنائے پھر تین ورق کاغذ کے لے کر ہر ایک پر ایک ایک اسم اسماء ثلثہ سے حرف حرف جدا جدا کر کے قلم داؤدی سے لکھے اور خاتم بھی بطریق مذکور لکھے اور ہر ایک کے ساتھ جو اسماء مخصوص ہیں ان کو بھی پڑھے پھر حاضرین مجلس کے سامنے ایک شخص کے ہاتھ میں وہ ورق دے کر اس کے دامن کے نیچے ان گولیوں کی دھونی روشن کرے اور کہے کہ فلانے پرندہ یا فلاں حیوان بن جا بقدرت الٰہی وہ انسان لوگوں کو وہی حیوان معلوم ہوگا جس کا اس نے نام لیا ہے۔ کسی رسالہ میں قلم داؤدی کا بیان نہیں کیا گیا اس فقیر نے بڑی تلاش سے اس کو حاصل کیا تاکہ عامل کا عمل ناقص نہ رہے چنانچہ اسماء ثلثہ حروف مفردہ کے ساتھ اس طرح ہیں شمعون ۱۸ اور زیتون اس طرح ہے اور سیمون اس طرح ہے اور ایک نسخہ میں سیمون اس طرح ہے -

**وصل دوئم:** دوسری رماد کا عمل ایک تو مداد بنا کر کرتے ہیں جس کا بیان فصل ثالث میں ہوگا اور دوسرے بغیر مداد بنائے اس کی ترکیب یہ ہے کہ سات دانہ تخم ارنڈی یا لوبیا کے لے کر ان کو کالے سانپ کے خون میں سات شبانہ روز بھگوئے پھر سات روز سیاہ بلی کے خون میں بھگوئے پھر نکال کر کسی جگہ خاک میں یہ رماد ثانی ملا کہ ان کو دفن کرے اور سیاہ بلی کا خون اوپر سے چھڑک دے یا خاک ملادے تھوڑے ہی عرصہ میں یہ دانے پھوٹ نکلیں گے اور انجام یہ کہ ان میں پھل آئے گا جس وقت تخم ارنڈی یا لوبیا پک جائے اس وقت ان سب دانوں کو جمع کر کے ایک آئینہ اپنے سامنے رکھ کر ایک ایک دانہ منہ میں لے اور آئینہ میں صورت دیکھے یہاں تک کہ ایک دانہ ایسا آئے گا کہ جب اس کو منہ میں رکھ کر صورت دیکھے گا تو اپنی صورت نہ دکھائی دے گی اس دانہ کو حفاظت رکھے کیونکہ وہی کام کا ہے باقی سب دانوں کو پھینک دے۔ پھر جب ضرورت ہو اس دانہ کو منہ میں رکھ کر جہاں چاہے جائے کوئی اس کو نہ دیکھے گا اور یہ سب کو دیکھے گا۔


**وصل سوئم:** رماد ثالث کی خاصیت کے بیان میں۔ یہ رماد بھی اخفا کی تاثیر رکھتی ہے یعنی وہ جو تخم ارنڈی بلی کے دل میں سے نکلے تھے ان کو مونہہ میں رکھ لو اسماء ظہیری پڑھے اور قدرے رماد اپنے گریبان اور آستین میں ڈال لے پھر جس جگہ چاہے چلا جائے کوئی اس کو نہ دیکھے گا۔ باقی خواص اس کے مداد کے بیان میں مذکور ہونگے۔


**فصل سوئم:** مداد کے بیان میں مداد اصل میں وہی رماد ہے مگر جب اس میں کوئی چیز ملا کر لکھیں تو اس سے جداگانہ خاصیت پیدا ہوتی ہے۔ مداد اول رماد اول سے بنتی ہے اور مداد ثانی رماد ثانی سے اور مداد ثالث رماد ثالث سے اور ان تینوں کے خواص تین وصل میں بیان ہونگے۔

**وصل اول:** مداد اول کی خاصیت میں۔ اس کی خاصیت پہلے بھی کچھ بیان ہو چکی ہے مگر اب مفصل بیان کی جاتی ہے۔ مثلاً اگر کسی انسان کو پرندہ بنانا چاہے تو رماد مذکور کو خون فصاد میں ملا کر ایک ورق پر وہ اسم لکھے جو طبع ہوا ہے متعلق ہے پھر ورق ایک شخص کے ہاتھ میں دے کر اس کے کپڑوں کے نیچے وہی دھونی روشن کرے اور اسماء موکلات کا زبان سے ورد کرے اور کہے کہ اے


نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں


موکلات اس شخص کو فلاں پرندہ بنادو بقدرت الٰہی لوگوں کو وہی پرندہ معلوم ہو گا مگر شرط یہ ہے کہ اس ورق پر یہ اشکال بھی لکھ لے۔





اور اگر حیوان بنانا منظور ہے تو اس ورق پر اسم ثانی کو بطریق مذکور لکھے اور شکل بھی ثبت کرنے






اور جو اسماء اس کے ساتھ مقرر ہیں ان کو پڑھ کے اور دھونی جلا کر کہے کہ فلاں جانور بن جاوہی جانور نظر آئے گا مگر کسی وقت میں شکل کے لکھنے سے غافل نہ ہونا چاہیے اور اس شکل کو لغت یونانی میں فلقطیر کہتے ہیں۔یاردمددگارراز پیش برندہ کارن

**وصل ثانی** : مداد دویم کے بیان میں یہ رماد ثانی ہے خون گربہ سیاہ میں حل شدہ۔اس کے خواص بہت ہیں۔ مجملہ ان کے پانچ خواص یہاں لکھے جاتے ہیں اور ہر خاصیت کا ظہور اس کے فلقطیر پر موقوف ہے یعنی وہ حروف جو اس مداد سے قلم طبغی کے ساتھ لکھے جاتے ہیں۔

**خاصیت اول**۔اس مداد نے اس فلقطیر کو شب شنبہ کے تیں تانبے کے ایک طشت پر لکھے اور اس میں پانی بھر کے تین برگ درخت لاولد کے ڈال کر چولہے پر رکھے اور نرم آگ جلائے اور اسی درخت کی لکڑی سے دو تین بار پانی میں سے ایک صداء خوش الحان روح حش دلپذیر پیدا ہوگی اور اگر یہ شخص گانا شروع کرے تو اس طشت میں سے بھی گانے کی آواز پیدا ہوگی۔ غرضیکہ رونے یا ہنسنے یا پڑھنے جس طرح کی آواز یہ شخص نکالے گا وہی آواز اس میں سے پیدا ہوگی اور فلقطیر اس کا یہ ہے



**خاصیت دویم**: جب چاہے کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ اڑ کر پہنچ جائے تو اس فلقطیر کو مداد مذکور سے ان جوتیوں پر لکھے جو تمساح (مگرمچھ) کی کھال سے بنائی گئی ہوں اور درخت اراک کی ایک لکڑی ہاتھ میں لے کر اسماء ظہیری کا ورد کرے اور اس طرف متوجہ ہو جدھر جانا مطلوب ہو اس قدر جلد پہنچے گا کہ کوئی پرندہ بھی اڑ کر نہ پہنچ سکے۔ فلقطیر اس کا یہ ہے




**خاصیت سویم**: اگر اس فلقطیر کو لوہے کی سلاخ پر جو ایک بالشت طویل ہو مداد مذکور سے لکھے اور کسی جگہ گاڑ دے پھر جو شخص ادھر سے گزرے اس کو ایسا دکھائے دے گا کہ ایک شخص کھڑا ہوا ہے اور ہاتھ میں اس کے ایک اژدھا ہے جس کے مونہ میں سے آگ نکل رہی ہے فوراً وہ شخص اس کو دیکھ کر بھاگ جائے گا۔ فلقطیر اس کا یہ ہے




**خاصیت چہارم**: اگر کوئی شخص اپنی دونوں ہتھیلیوں پر مداد مذکور سے اس فلقطیر کو لکھے اور کسی بلند جگہ پر کھڑے ہو کر ہاتھوں کو بلند کر کے اسماء ظہیری پڑھنا شروع کرے اس کے اوپر نور کا آسمان سے ظہور ہو اور یہ شخص نظر مردم سے غائب ہو جائے اور کسی کی اس نور پر نگاہ نہ جم سکے فلقطیر اس کا یہ ہے

**خاصیت پنجم**: اس فلقطیر کو مداد مذکور سے حریر زرد پر لکھ کر ایک انگوٹھی میں رکھ کے اوپر سے عقیق کا نگینہ جڑے پھر جب چاہے کہ لوگوں کی نظر سے پوشیدہ ہو تو انگوٹھی کو انگشت بصر میں پہنے اور نگینہ ہتھیلی کی طرف کر کے ہاتھ آستین میں چھپالے اور اسماء ظہیری کا ورد کرے لوگوں کی نظر سے پوشیدہ ہوگا جہاں چاہے جائے کوئی اس کو نہ دیکھے گا فلقطیر یہ ہے




**فصل سوئم**: مداد ثالث کا بیان۔ اس کے خواص بے شمار ہیں از انجملہ سات خواص مع فلقطیر کے یہاں بیان کئے جاتے ہیں۔

**خاصیت اول**: رماد ثالث کو قدرے سرکہ شراب میں جو سرخ رنگ ہو ملا کر عمدہ کاغذ پر اس فلقطیر کو لکھے اور اپنے عمامہ میں رکھے اور بمقدار ایک دانگ رماد موصوف پانی یا دودھ یا شیرینی میں ملا کر کسی شخص کو کھلائے پھر اس کا ہاتھ پکڑ کے جس جگہ چاہے لے جائے جو کچھ یہ خیال کرے گا اس شخص کو نظر آئے گا اور بہت عجائب و غرائب معائنہ کرے گا اور مثل دیوانہ کے ہو جائے گا پھر جب چاہے کہ اس کو حالت اصلی پر لائے اپنے عمامہ میں سے وہ کاغذ نکال کر اس کے سر پر رکھ دے فوراً ہوش میں آجائے گا اور جو کچھ دیکھا ہے سب بیان کرے گا فلقطیر اس کا یہ ہے



**خاصیت دوئم**: رماد مذکور کو زعفران یا زرد رنگ میں نالے اور دباغت دیے ہوئے رنگ چمڑے کے گول گتے روپیہ یا اشرفی کے برابر کتر کے اس فلقطیر کو اس سیاہی سے ان پر لکھے پھر بازار میں جائے اور جس شخص کے ہاتھ اس کو بیچنا منظور ہے اس کی نظر سے پوشیدہ کسی جگہ کھڑے ہو کر اسماء مذکورہ پڑھے اور قدر رماد اس کی طرف کو ڈال دے پھر اس کے سامنے جا کر وہ چمڑے کا گتہ اس کو دکھائے بالکل سونا معلوم ہوگا اور اگر رماد کو پانی میں ملا کر سفید کاغذ پر لکھے گا چاندی نظر آئے گی۔ فلقطیر یہ ہے



**خاصیت سویم**: رماد مذکورہ کو خون آدمی میں ملا کر ایک لکڑی پر فلقطیر کو

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔

لکھے اور اسماء مذکورہ کو پڑھتا جائے پھر اس لکڑی کو ایک تاریک مکان میں گاڑ دے اور ایک چراغ روشن کرے جو شخص اس کو دیکھے خیال کرے گا کہ ایک شخص کھڑا ہوا ہے اگر مرد کے خون سے لکھا ہے تو مرد معلوم ہوگا اور اگر عورت کے خون سے لکھا ہے تو عورت معلوم ہوگی۔ مرد کا مونہہ قبلہ کی طرف ہوگا اور عورت کا مونہہ مشرق کی طرف مگر دونوں نہایت حسین صاحب جمال عمدہ لباس پہنے ہوئے نظر آئیں گے۔ فلقطیر یہ ہے ۸۹ [illegible]

**خاصیت چہارم:** رماد مذکور کو بینہ کے پانی میں ملا کر اپنے پیر کے تلووں میں یہ فلقطیر لکھے پھر مسجد جامع یا اور کسی جگہ جہاں لوگ جمع ہوتے ہوں جائے جس وقت لوگ جمع ہو جائیں قدرے رماد ان کے درمیان میں چھڑکے اور اسماء مذکور پڑھتا ہوا بہت تیزی سے دوڑے لوگوں کو یہ معلوم ہوگا کہ گویا یہ ہوا میں اڑ رہا ہے پھر اگر حب خفا اس کے پاس ہے تو اس کو منہ میں رکھ لے تا کہ ان کی نظر سے پوشیدہ ہو جائے اور ان کی باتیں سن کر پھر ظاہر ہو اور جو کچھ سنا ان سے بیان کرے تا کہ ان کی حیرت اور بھی زیادہ ہو فلقطیر اس کا یہ ہے لدا ما [illegible]
[illegible] ما ۲ ۲ ۵ ۲ [illegible]

**خاصیت پنجم:** اس رماد کو جس پرندے کے خون میں چاہے حل کرے اور فلقطیر اپنی ہتھیلی پر لکھ کر کسی مجمع میں جائے اور جس مرغ کے خون سے فلقطیر لکھا ہے اس کا نام لیتا جائے اور تھوڑی رماد مجمع پر چھڑک دے تمام مجمع تجھ کو اس مرغ کی صورت دیکھے گا اور ویسے ہی پروبال اور رنگ معلوم ہوگا۔ فلقطیر یہ ہے [illegible]

**خاصیت ششم:** اگر دریا یا نہر لوگوں کو دکھانی منظور ہو تو یہ عمل کرے اور یہ عمل ابوالحسن اعمال کا ہے۔ صاحب کتاب سحر العیون ابو محمد کہتے ہیں میں نے ابوالحسن اعمالی سے اس عمل کا مشاہدہ کیا ہے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ جس جگہ سے چاہے مٹی ہٹا کر بجائے اس کے زبد البحر بچھائے اور اسماء ظہیر پڑھتا جائے اور قدرے رماد مذکور خالص اس کے اوپر چھڑک دے اور دریا یا نہر کے پانی میں تھوڑی رماد ملا کر سفید کاغذ پر یہ اسماء جو اس کا فلقطیر ہے لکھے اسما یہ ہیں۔

**ایموس سا بوسال بکلیکوش انمپلوبیعوشال** پھر لوگوں کو دکھائے سب کو ایک دریائے عظیم طوفان خیز معلوم ہوگا۔ اور دریا کا یا نہر کا دکھانا عامل کے خیال اور پانی پر جو رماد میں ملایا گیا ہے موقوف ہے۔

**خاصیت ہفتم:** دم الاخوین خوب باریک پیس کر موم میں قدرے زنگار کے ساتھ ملائے اور ایک نیا کپڑا لے کر قدرے رماد چنبیلی کے تیل میں حل کر کے اس کپڑے پر اسماء خمسہ جو خاصیت ششم میں گذرے لکھے اور اس کپڑے کو لپیٹ کر بتی بنائے اور اس کے اوپر موم لگا کر شمع بنائے پھر رات کو ایک طشت میں پانی بھر کے یہ شمع اس کے بیچ میں روشن کرے اور اسماء ظہیری پڑھتا جائے حاضرین کو ایسا معلوم ہوگا کہ ہزار طاؤس (مور) اس طشت کے گرد بیٹھے ہیں اور پانی میں نہا رہے ہیں۔ یہ عمل بہت عجیب ہے۔

## وصل دوئم

اعمال نوالیس میں۔ یہ اعظم اعمالی سیمیا ہے حکما فرماتے ہیں اس میں بہت فوائد ہیں مگر بے شمار مشقتیں بھی ہیں۔ حکیم حنین بن اسحاق جو عشرہ مقالات کا مترجم ہے کہتا ہے کہ نوالیس وہ علم ہے جس سے خلاف عادات چیزیں دکھائی جائیں اور یا عالم اکبر اور عالم اصغر دونوں میں ہوتا ہے عالم اکبر میں مثلاً آفتاب کا دن کو پوشیدہ کر دینا اور رات کو ظاہر کرنا اور دن کو ستارے دکھا دینا اور عالم اصغر میں مثلاً پانی پر چلنا یا درخت کا غیر موسم میں پھل لانا۔ اور خشک درخت کا سر سبز ہونا اور درخت کا زمین پر جھک جانا۔ اور ابر اور نہ تجلی وغیرہ کا دکھلانا اور انسان کا غیر صورت میں بدل دینا لوگوں کی نظر سے غائب ہونا اور مختلف صورتوں میں اپنے آپ کو دکھانا وغیرہ۔ اور ناموس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک اکبر۔ دوسری اصغر۔ ناموس اکبر امور کلیہ اور مہمات عظیمہ پر مشتمل ہے اور اس کی تاثیر کی کیفیت کچھ معلوم نہیں ہے اور اس کو ناموس اعظم بھی کہتے ہیں۔ اور ناموس اصغر کی کیفیت اہل عقل پر روشن ہے۔ ہم دونوں ناموسوں کے اعمال ایک ایک فصل میں بیان کرتے ہیں۔

(جاری ہے)

## خط لکھنے والے

دوست اس بات کا خیال رکھیں کہ خط کے ایک کونے پر نمایاں طور پر خط کا مقصد تحریر کریں۔ یعنی سالانہ خریداری، فنی مسائل، مشورہ، عملیاتی مدد، شعبہ اشتہارات، شعبہ مضامین وغیرہ۔
آپ کا خط فوراً متعلقہ شعبے میں پہنچے گا اور بلا تاخیر آپ کو جواب مل سکے گا۔ ایک خط میں ایک سوال تحریر کریں۔ زیادہ ہونے کی صورت میں ایک کے سوا باقی کا جواب دینا ممکن نہ ہوگا۔ جوابی لفافہ جس پر آپ کا مکمل پتہ تحریر ہو ضرور ارسال کریں۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
ماہنامہ راہنمائے عملیات
UrduTech
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

# عملیات

## خواجہ معین الدین چشتیؒ

زیر نظر عملیات حضرت خواجہ معین الدین چشتی کے فرمودہ وظائف پر مشتمل ہیں۔ ان کے انتخاب اور مرتبے کا سہرا عبدالمجید صاحب کے سر آتا ہے۔ انہوں نے عملیات و غزلیات کے عنوان سے خواجہ صاحب کے وظائف اور صوفیانہ کلام شائع کروایا تھا۔

**صحت کے لیے:** خواجہ غریب نواز فرماتے ہیں کہ سورہ فاتحہ تمام بیماریوں کے لئے دوا ہے۔ جب کوئی بیمار کسی دوا سے اچھا نہ ہو تو صبح کے فرض اور سنتوں کے درمیان بسم اللہ کے ساتھ اکتالیس بارہ سورہ فاتحہ دل سے پڑھ کر مریض پر دم کرائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفائے کلی حاصل ہوگی۔

**حاجات و مشکلات کے لیے:** خواجہ غریب نواز فرماتے ہیں کہ حاجات و مشکلات کے دفع کرانے کے لئے اس طرح پڑھنا چاہیے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی میم الحمد کے لام سے ملا کر پڑھے۔ اور آخر میں تین مرتبہ آہستہ آہستہ آمین کہے۔ قرآن شریف میں ہر صورت کا ایک نام اور سورہ فاتحہ کے سات نام ہیں اور اس سورۃ میں سات حرف ہیں۔ ان سے مطلب یہ ہے کہ الحمد پڑھنے والے کو یہ سات باتیں نہیں ہوتیں۔ وہ ساتوں یہ ہیں۔ اول ثبور۔ دوم جنم۔ سوم زقوم۔ چہارم شقاوت۔ پنجم ظلمت۔ ششم فراق۔ ہفتم خواری۔ الحمد میں سات آیات ہیں جو شخص ان کو پڑھے گا ہفت اندام کو آتش دوزخ سے نجات ہوگی۔

**دریا کو عبور کرنا:** آپ فرماتے ہیں کہ ہم نے اپنے پیر و مرشد کے ساتھ پانچ مرتبہ الحمد پڑھ کر پانی پر قدم رکھا اور پار اتر گئے۔

سورۃ فاتحہ واسطے انصرام مہمات و حاجات و مشکلات کے بہت بڑا عمل ہے۔

**مناجات:** آپ فرماتے ہیں کہ اگر کسی شخص کو کوئی مہم درپیش آئے تو یہ مناجات ہر روز ایک مرتبہ وقت مقررہ پر پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی۔ یہ مناجات تمام دینی اور دنیوی ضرورتوں کے لئے نہایت مفید ہے۔

### بسم الله الرحمن الرحيم

بسم الله الرحمن الرحيم۔ لا اله الا الله بزرگی و جباری لا اله الا الله رحیمی و غفاری لا اله الا الله مرا بخلق نه گزاری لا اله الا الله محمد الرسول الله۔ الٰہی بحرمت و برکت یکصد و چہار ده سوره قرآن الٰہی بحرمت و برکت شش ہزار و شش صد و شصت وشش آیت قرآن الٰہی بحرمت و برکت ہصتا دو شش ہزار وہشتا دوشش کلمات قرآن الٰہی بحرمت و برکت حروف مقطعات قرآن الٰہی بحرمت و برکت سد صد و بست ویك لكه ویكہزار وشش صد دنودونه حروف قرآن الٰہی بحرمت و برکت نودنه نام باری تعالٰی الٰہی بحرمت و برکت ملائکه مقربین الٰہی بحرمت و برکت اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم الٰہی بحرمت و برکت سادات الٰہی بحرمت و برکت سه صدمردنقبا الٰہی بحرمت و برکت ہفتا و مردنجبا الٰہی بحرمت و برکت چہل مرد ابدال الٰہی بحرمت و برکت ہفت مرد اوتاد۔ الٰہی بحرمت و برکت یك مرد غوث الٰہی بحرمت و برکت یك مردقطب الٰہی بحرمت و برکت جمیع علما و فقہائے الٰہی بحرمت و برکت زہاد و عباد الٰہی بحرمت و برکت شہدائے اُمت محمد مصطفی صلی الله علیه و آله وسلم الٰہی بحرمت و برکت جمیع

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

مشائخان طریقت رحمت اللہ علیہم اجمعین خداوند المکا بادشاہا مہمات دینی و دنیوی من بندہ رابنظر درخودراست آریا جمیع مسلمانان آمین یا رب العالمین سبحان ربك رب العزت عما یصفون وسلام علی المرسلین والحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ تعالی علی خیر خلق محمد و علی آلہ و اصحابہ اجمعین برحمتك یا ارحم الرحمین۔ آمین آمین یا رب العالمین۔

## کشف قبور

کسی کامل بزرگ سے بیعت کر کے ہر روز نماز عشاء کے بعد سونے سے پیشتر آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھ کر سینہ پر دم کیا کرے۔ بعدہ دس بار سورہ فاتحہ اور ۹۹ نام باری تعالی اور اسمائے رسول مقبول صلعم پڑھ کر اپنے دائیں بائیں پہلو پر دم کرتا رہے۔ پھر درود شریف سو بار پڑھ کر ہر کی جانب پھونکے۔ اور سورہ الم نشرح پڑھتا پڑھتا بستر پر سو جائے۔ انشاء اللہ تعالی جس بزرگ کا خیال دل میں لا کر سوئے گا۔ اس کی زیارت سے مشرف ہو گا۔ اکتالیس دن کے بعد جب سب بزرگوں کی زیارت کرے گا۔ تو پھر جس قبر کے پاس باوضو دوزانو بیٹھ کر مراقبہ کرے گا۔ بحکم خدا صاحب قبر کی زیارت ہو گی۔ اگر دل زیادہ صاف ہو تو اس کو بات چیت کرنے کی بھی توفیق ہو جائے گی اور صاحب قبر سے فیوض باطنی بھی حاصل کرے گا۔

## زیارت رسول مقبول صلعم

خواجہ صاحب" فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص خواب میں زیارت رسول کا متمنی ہو تو جمعہ کی رات کو دو رکعت نماز نفل اس طرح سے پڑھے۔ کہ ہر رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے ایک بار آیۃ الکرسی اور پندرہ بار سورہ اخلاص نہایت ہی خلوص دل سے پڑھ کر پاک بستر پر چپ چاپ سو رہے۔ بحکم خدا رسول مقبول صلعم کی زیارت ہو گی۔

## درد شکم

خواجہ صاحب" فرماتے ہیں کہ اگر کسی کے پیٹ میں شدید درد ہو تو سورہ الم نشرح کو پانی پر سات بار دم کر کے پی لے۔ انشاء اللہ تعالی فوراً آرام ہو جائے گا۔ اگر سات بار پڑھ کر پیٹ پر دم کر دے تو بھی صحت کلی ہو جائے گی۔ نہایت ہی مجرب و آزمودہ ہے۔

## سکرات موت

خواجہ صاحب" فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص حالت نزع میں گرفتار ہو اور سکرات موت کی تکلیف شدید ہو رہی ہو تو وضو کر کے سورہ یٰسین کو بحضور قلب پڑھائیے۔ انشاء اللہ تعالی سکرات موت کی سختی آسان ہو جائے گی بارہا آزمایا گیا ہے۔

## تلاش معاش کا مجرب عمل

خواجہ صاحب" فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو کوئی ملازمت نہ ملتی ہو اور ذریعہ معاش کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو اس کو چاہیئے کہ اتوار کے غرہ سے سورہ یٰسین کو اس ترتیب سے پڑھے کہ صبح کی نماز کے بعد طلوع آفتاب سے پہلے اکتالیس بار اول و آخر درود شریف پڑھے پھر اس سورت کو اول سے لفظ مبین تک پڑھے۔ پھر لفظ مبین سات بار کہہ کر شروع سے پھر پڑھے اور دوسرے لفظ مبین پر پہنچ کر مبین کو سات بار پڑھے۔ پھر شروع سے پڑھے اور تیسرے لفظ مبین پر بھی اسی طرح کرے۔ غرض ہر مبین پر پہنچ کر مبین کے لفظ کو سات بار پڑھے اور شروع سورت سے پڑھے۔ ساتویں مبین پر اسی طرح کرنے کے بعد تمام سورت کو ایک بار پڑھے۔ پھر درود شریف پڑھ کر دعا مانگے چالیس روز تک اسی طرح بلاناغہ کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالی اول تو امید قوی ہے کہ پہلے چلہ میں ہی کوئی صورت نکل آئے گی۔ ورنہ دوسرا چلہ بھی اسی طرح کرے۔ پھر بھی اگر خاطر خواہ نتیجہ نہ نکلے تو تیسرا چلہ شروع کر دے انشاء اللہ تعالی تیسرے چلہ میں تو ضرور بالضرور معاش کی کوئی نہ کوئی بہتر صورت نکل آئے گی۔

## خوف دشمن

خواجہ صاحب" فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو دشمنوں کا خوف ستائے تو وضو کر کے فجر کی نماز کے بعد سو بار درود شریف پڑھے۔ پھر سورہ قریش ایک ہزار بار پڑھے پھر سو بار درود شریف پڑھے۔ پھر ہاتھ اٹھا کر نہایت عجز و انکساری کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالی ایک ہفتہ کامل پڑھنے سے تمام دشمن مغلوب ہو جائیں گے۔ مجرب ہے۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

## لا علاج بیماری کا علاج

خواجہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی لا علاج مرض میں مبتلا ہو تو اس کو چاہئے کہ جمعہ کے دن نماز عصر سے نماز مغرب تک یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم کو پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکیس دن تک ہر روز بلاناغہ پڑھنے سے بیماری رفع ہو جائے گی۔ اور اگر وہ مرض الموت ہو گی تو اس کو یہ پڑھنے کی توفیق نہ ہو گی۔

## کشائش رزق

خواجہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کشائش رزق چاہے تو ہر روز بعد نماز فجر کے کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ایک سو بار بلاناغہ پڑھے۔ بحکم خدا ایک سو اکیس دن میں غیب سے کشائش رزق کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

## ادائے قرض

خواجہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص قرض سے نجات چاہے تو ذیل کی آیات کو پانچ دفعہ ہر روز ہر نماز کے بعد اکتالیس روز تک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کو قرض سے بہت جلد رہائی ہو گی:-

**قل اللھم ملک الملک توتی الملک من تشآء وتنزع الملک ممن تشآء وتعز من تشاء و تذل من تشآء بیدک الخیر انک علی کل شی قدیر۔ تولج الیل فی النھار و تولج النھار فی الیل وتخرج الحی من المیت و تخرج المیت من الحی وترزق من تشآء بغیر حساب۔**

## آنکھ نہ پھڑکے

خواجہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اگر آنکھ بہت پھڑکتی ہو تو قرآن مجید کی کسی ایک آیت کے ساتھ ذیل کی دعا پڑھ کر انگلی پر لب لگا کر دم کرے اور انگلی کو آنکھ پر ملے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً آرام ہو۔ وہ دعا یہ ہے **اللھم لا خیر الا خیرک ولا طیر الا طیرک ولا ضرّ الا ضرک ولا الہ غیرک۔**

## مرض اٹھرا کا علاج

خواجہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ جس عورت کا بچہ نہ جیتا ہو اس کے لئے پیر کے دن دوپہر کو اجوائن اور سیاہ مرچوں پر سورہ والشمس چالیس بار پڑھے اور ہر دفعہ اول و آخر درود شریف پڑھے اور اس دوا کو عورت حمل سے لے کر بچہ کے دودھ چھڑانے تک روزانہ کھائے بحکم خدا اس کا مرض دور ہو جائے گا مجرب ہے۔

## لقوے کا تریاق

خواجہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو لقوے کی بیماری ہو جائے تو کسی کامل بزرگ سے سورہ زلزال مع بسم اللہ کے کسی پاک برتن میں لکھوا کر اکیس دن تک لگاتار گھول کر پیئے انشاء اللہ تعالیٰ اکیس دن کے اندر مرض کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## دیوانہ کتے کے کاٹے کا علاج

خواجہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اگر کسی شخص کو دیوانہ کتے نے کاٹا ہو اور اس کو جنون اور ہڑک کا خوف ہو تو یہ تینوں آتیں **انھم یکیدون کیدا و اکید کیدا۰فمھل الکفرین امھلھم رویدا۰** روٹی کے چالیس ٹکڑوں پر لکھے۔ ہر روز ایک ٹکڑا چالیس روز تک کھلائے بحکم خدا وہ شخص ہڑک سے محفوظ رہے گا۔

## تسخیر عام

خواجہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی چاہے کہ لوگ میری عزت کریں اور رجوعات بکثرت ہو تو چاہیے کہ جب آفتاب ایک نیزہ بلند ہو تو اس وقت اس کی طرف منہ کر کے سورہ الرحمٰن کو بحضور قلب پڑھے۔ اور ہر فبای الاء ربکما تکذبن پر آفتاب کی طرف انگلی سے اشارہ کرے۔ اول چالیس دفعہ پڑھ کر زکوۃ دے پھر روزانہ ایک دفعہ پڑھ لیا کرے۔ اور جب کسی کے سامنے جائے تو یہ سورت ایک بار پڑھ کر جائے۔ اگر وقت کم ہو تو صرف فبای الاء ربکما تکذبن تین بار پڑھ لے۔ نہایت ہی مجرب ہے۔

## دافعہ چیچک

صابر صاحبؒ ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص چیچک کے

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔

عارضہ میں سخت مبتلا ہو جائے تو چاہیے کہ ایک نیا ڈورا لے کر سورہ الرحمٰن پڑھنی شروع کرے اور ہر فبای الاء ربکما تکذبٰن پر ڈورہ میں گرہ دے دے کر پھونکتا جائے۔ پھر اس ڈورے کو مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دو تین یوم کے اندر ہی چیچک کا نام ونشان ہی نہ رہے گا۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

## قید سے رہائی

خواجہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص قید میں مبتلا ہو تو چالیس روز تک بلاناغہ سورہ یوسف پڑھتا رہے انشاء اللہ العزیز چالیس دن نہ گزرنے پائیں گے کہ وہ قید سے رہا ہو جائے گا۔ اگر سورہ یوسف یاد نہ ہو تو ذیل کی آیات کو ایک جگہ ہزار بار پڑھا کرے۔ انشاء اللہ چند ہی روز میں اسے آزادی نصیب ہو گی۔ **ماشاء الله كان ولا حول ولا قوه الا بالله العلى العظيم○حسبنا الله ونعم الوكيل و نعم المولى ونعم النصير۔**

## سانپ یا بچھو کا زہر

خواجہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو سانپ یا بچھو کاٹے تو سورہ کافرون اور تینوں قل سات بار پڑھ کر دم کرے۔ فی الفور آرام ہو جائے گا۔ اگر یہ سورتیں یاد نہ ہوں تو صرف نمک کو پانی میں گھول کر اس پر دس بار سورہ فاتحہ پڑھ کر اس پر ملے۔ درد کافور ہو جائے گا۔

# خدائے تعالے کے ۹۹

# نام

**اللہ:** اس اسم کی یہ خاصیت ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن نماز جمعہ سے پہلے پاک صاف ہو کر اس اسم مبارک کو خلوت میں دو سو بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا مطلوب خواہ کیسا ہی مشکل ہو۔ آسان ہو۔

**الرحمن:** جو شخص ہر روز نماز کے بعد سو بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے قلب کی غفلت اور نسیان دور ہو۔

**الرحیم:** اگر اس کو لکھ کر پانی سے دھو کر کسی درخت کی جڑ میں ڈال دیں تو اس کے پھل میں برکت پیدا ہو۔

**الملك:** جو کوئی اول زوال کے وقت ایک سو بیس بار پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کو صفائی قلب اور غنا حاصل ہو۔

**القدوس:** جو کوئی بصدق دل بعد نماز جمعہ کے ۱۸۵ بار پڑھے۔ پھر اس کو ایک روٹی پر لکھ کر کھا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جمیع بلیات سے محفوظ رہے۔ لیکن اس اسم کو اس طرح پڑھے سبوح قدوس رب الملئکۃ والروح۔

**السلام:** اگر مریض کے پاس اس کے سرہانے بیٹھ کر دونوں ہاتھ اٹھا کر اس کو ۱۳۶ دفعہ با آواز بلند پڑھے۔ یہاں تک کہ مریض بھی سن لے۔ انشاء اللہ فوراً کامل صحت ہو۔

**المومن:** اگر کوئی اس کا بکثرت ذکر کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کو امن اور قوت ایمان عطا ہو (۲) اگر خوف زدہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ اس کو ۳۶ بار کہے۔ انشاء اللہ وہ اپنی جان ومال میں مامون ہو۔

**مهیمن:** اگر کوئی اس اسم مبارک کو سو بار بحضور قلب خلوت میں اس طریق سے پڑھے کہ پہلے غسل کرے۔ پھر وضو کر کے دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ پھر اس اسم مبارک کو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی عالی ہمتی پیدا ہو۔

**العزیز:** اگر کوئی ہر روز بلاناغہ چالیس روز تک اکتالیس بار پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ غنائے ظاہری یا باطنی اور عزت نصیب ہو۔

**الجبار:** اگر کوئی اس اسم مبارک کو صبح وشام ۲۲۶ بار پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ظالموں کے شر سے محفوظ رہے۔

**المتکبر:** اگر کوئی شب زفاف میں بیوی کے پاس جا کر قبل مباشرت دس بار بحضور قلب پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد نرینہ اور نیک بخت پیدا ہو۔

**الخالق:** اگر کوئی بحضور قلب اس اسم مبارک کو سات روز تک بلاناغہ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ جمیع بلیات سے محفوظ رہے۔

**الباری المصور:** اگر کوئی بانجھ عورت سات روز تک روزہ رکھے اور پانی سے افطار کرے۔ بعد افطار کے اکیس بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے۔

**الغفار:** اگر کوئی بعد نماز جمعہ کے سو بار پڑھے تو آثار مغفرت پیدا ہوں۔ اور ہر طرح کی تنگی و سختی دفع ہو۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

**القہار:** اگر کوئی اس کو کثرت سے پڑھے تو اس کے دل سے دنیا کی محبت اور ماسوائے اللہ کی عظمت جاتی رہے۔ دشمنوں پر غلبہ ہو۔ اگر چینی کے برتن پر لکھ کر ایسے شخص کو پلایا جائے جو بوجہ سحر کے عورت پر قادر نہ ہو سحر دفع ہو۔

**الوھاب:** اگر کوئی چاشت کے نفلوں کے آخری سجدہ میں چودہ بار کہے تو غنا اور قبولیت اور ہیبت و بزرگی پیدا ہو۔

**الرزاق:** اگر کوئی نماز فجر سے پہلے گھر کے تمام گوشوں میں دس دس بار کہے اور جو گوشہ سمت قبلہ کے داہنی طرف ہو اس سے شروع کرے۔ تو وسعت رزق حاصل ہو۔

**الفتاح:** اگر کوئی نماز فجر کے بعد سینہ پر ہاتھ رکھ کر ۷۱ بار پڑھے تو تمام امور میں آسانی ہو اور قلب میں طہارت و نورانیت ہو۔

**العلیم:** اگر کوئی اس اسم کو کثرت سے پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس سے حقائق و معارف منکشف ہوتے ہیں اور حافظہ قوی ہوتا ہے اور مجرب ہے۔

**القابض:** اگر کوئی چالیس روز تک بلاناغہ روٹی کے لقمہ پر لکھ کر کھائے تو بھوک سے کبھی بھی تکلیف نہ ہو۔

**الباسط:** اگر کوئی نماز چاشت کے بعد ہر روز دس بار پڑھا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں فراخی ہو۔

**الخافض:** اگر کوئی اس کو پانچ سو بار پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت بر آئے گی۔

**الرافع:** اگر کوئی بحضور قلب ستر بار پڑھے تو ظالموں اور دشمنوں کے شر سے امن میں رہے۔

**المعز:** اگر کوئی بحضور قلب شب دوشنبہ اور شب جمعہ کو بعد نماز مغرب چالیس بار پڑھے تو اس کی ہیبت لوگوں کے دلوں میں پیدا ہو۔

**المذل:** اگر کوئی نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ ۷۵ بار پڑھ کر سر بسجود ہو کر دعا کرے تو حاسد کے حسد سے محفوظ رہے۔

**السمیع:** اگر کوئی جمعرات کے روز نماز چاشت کے بعد پانچسو بار پڑھ کر بحضور قلب دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس اسم کی برکت سے قبول ہو گی۔

**البصیر:** اس اسم کی یہ خاصیت ہے کہ جو کوئی اس اسم مبارک کو نماز جمعہ کے بعد سو بار پڑھے تو اس کی بصیرت میں صفائی ہو اور نیک اعمال کی توفیق ہو۔

**الحکیم:** اگر کوئی آدھی رات کے وقت باوضو اور بحضور قلب بہت دیر تک پڑھتا رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا قلب محل اسرار ہو۔

**العدل:** اگر کوئی شب جمعہ کو روٹی کے تین ٹکڑوں پر لکھ کر کھائے تو انشاء اللہ تعالیٰ قلوب مخلوق کے مسخر ہو جائیں۔

**اللطیف:** اگر کوئی اس اسم کو ۱۳۳ بار پڑھے تو رزق میں وسعت ہو اور تمام کام باسہولت سرانجام ہوں۔

**الخبیر:** اگر سات روز تک بکثرت پڑھے تو اس کو اخبار خفیہ معلوم ہونے لگیں اور جو کسی موذی کے پنجہ میں گرفتار ہو تو اس کو بکثرت پڑھنے سے مخلصی ہو جائے۔

**الحلیم:** اگر کوئی رئیس لگاور متمول آدمی اس اسم مبارک کو بکثرت پڑھا کرے تو اس کی سرداری اور امیری قائم رہے۔ اگر کسی کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر اپنے پیشہ کے آلات و اوزار پر ملے تو اس پیشہ میں برکت ہو۔ اگر کشتی ہو تو غرق سے محفوظ رہے۔ اگر جانور ہو تو ہر آفت سے مامون رہے۔

**العظیم:** اگر کوئی اس اسم کو بحضور قلب بکثرت پڑھے وہ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مرض سے محفوظ رہے اور اس کی عزت قائم رہے۔

**الغفور:** اگر بحضور قلب تین بار لکھ کر بخار والے کے گلے میں ڈالا جائے انشاء اللہ تعالیٰ بخار فی الفور جاتا رہے۔

**الشکور:** اگر کوئی اس اسم مبارک کو لکھ کر بدن پر پھیرے اور دھو کر پئے تو ضیق النفس یا تکان یا گرانی اعضاء کی شکایت فی الفور جاتی رہے۔ اگر ضیف البصر اس کو اپنی آنکھ پر پھیرے تو اس کی نگاہ میں ترقی ہو اور ضعف بصر سے آرام ہو۔

**العلی:** اگر اس اسم کو لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھ دیا جائے تو بچہ بہت جلد جوان ہو۔ اگر کوئی مسافر اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تو بہت جلد اپنے عزیزوں میں آملے۔ اگر محتاج ہو تو غنی ہو جائے۔

**الکبیر:** اگر کوئی اس کو بکثرت ہر روز پڑھے تو علم و معرفت کشادہ ہو۔ اگر کھانے کی چیز پر پڑھ کر زوجین کو کھلایا جائے تو باہم الفت و محبت ہو۔

**الحفیظ:** اگر کوئی اس کو لکھ کر اپنے پاس رکھے یا ہر روز بکثرت پڑھا کرے تو وہ ہر طرح کے خوف سے محفوظ رہے۔ اگر درندوں کے درمیان سورہے تو اس کو کچھ ضرر نہ پہنچے۔

**المقیت:** اگر کوئی روزہ دار اس کو لکھ کر یا مٹی پر پڑھ کر اس کو تر کر کے سونگھے تو اس کو قوت اور غذا حاصل ہو۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

## بچے کا نام

علم نجوم کی روشنی میں بچے کا نام استخراج کرواکر آپ اپنے بچے کو کواکب کے نحس اثرات سے محفوظ اور سعد اثرات کے تحت کر سکتے ہیں۔ آپ کے بچے کے بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ فیس: ۲۰۰ روپے کوائف: وقت، تاریخ اور مقام پیدائش

## پتھر اور جواہرات

☆خوش قسمتی کا پتھر کون سا ہے؟
☆کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے موزوں ہے؟
☆کوائف: نام، وقت، تاریخ اور مقام پیدائش۔ فیس ۲۰۰ روپے

## نجومی روحانی راہنمائی

☆اگر آپ پریشان ہیں اور منزل کھو چکے ہیں۔
☆اگر آپ دنیا سے لڑ جھگڑ رہے ہیں اور آگے بڑھنا چاہتے ہیں۔
☆اگر آپ ناکام زندگی بسر کر رہے ہیں اور کامیابی چاہتے ہیں

تو خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر راہنمائے عملیات آپ کے زائچے کی روشنی میں اپنی وجدانی قوتوں اور ارتکاز توجہ کے ذریعے آپ کے معاملے کے تمام پہلوؤں کا جامع جائزہ لینے کے بعد آپ کی مکمل اور درست راہنمائی کریں گے۔ اس خدمت کے لیے آپ کو ادا کرنے ہوں گے صرف پانچ سو روپے۔ کوائف نام بمعہ نام والدہ تاریخ پیدائش، وقت پیدائش، مقام پیدائش، درپیش مسئلہ۔

## انگوٹھیاں

کاروبار اور تجارت میں اضافہ، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر و رجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، رد سحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لئے آپ ادارے کی تیار کردہ خصوصی انگوٹھی حاصل کر سکتے ہیں۔ ہدیہ: ۴۵۰ روپے (ڈاک خرچ ۵۰ روپے)

## لوح خوش قسمتی

آپ اگر خوش قسمتی کے طالب ہیں اور زندگی میں درپیش مختلف مسائل کے حل کے لیے موثر اور زود اثر روحانی و عملیاتی مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ماہر عملیات و نجوم خالد اسحاق راٹھور، ایڈیٹر ماہنامہ راہنمائے عملیات سے خاص کوکبی حالتوں یعنی کواکب کی سعد نظرات، شرف، لوح اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کروالیں۔ اپنے کوائف بذریعہ ڈاک اور ہدیہ ۱۷۰۰ روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔

## طلسم تسخیر و حاجت

یہ لوح ایک طویل عرصے سے تیار کر رہا ہوں۔ یہ ایک خاص روحانی و عملیاتی طریقہ کار کے تحت تیار کی جاتی ہے۔ اس کی تیاری میں مختلف کوکبی حالتوں کو بھی مد نظر رکھا جاتا ہے۔ آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عمدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو وسحر سے حفاظت، حفظ امن یا کسی بھی مطلب کے لیے یہ خصوصی عمل تیار کرواسکتے ہیں۔ ہدیہ ۳۵۹۹ روپے۔ کوائف نام بمعہ نام والدہ تاریخ پیدائش، وقت پیدائش، مقام پیدائش، درپیش مسئلہ۔

## تفصیل زائچہ جات

ایک سوال۔۔۔100 روپے
ایک مکمل امر / سوال۔۔۔500 روپے
پیدائشی زائچہ۔۔۔200 روپے
پیدائشی زائچہ بمعہ تفصیلی حالات ذاتی رابطہ

## خط لکھنے والے

ایک خط میں ایک سوال تحریر کریں۔ زیادہ ہونے کی صورت میں ایک کے سوا باقی کا جواب دینا ممکن نہ ہوگا۔ جوابی لفافہ جس پر آپ کا مکمل پتہ تحریر ہو ضرور ارسال کریں۔

## نقش/لوح قمر

ہر ماہ شرف قمر کے مبارک موقعہ پر مختلف مقاصد کے حصول کے لیے خصوصی نقوش اور الواح قمر تیار کی جاتی ہیں جو اپنی مثال آپ ہیں۔ آپ بھی اپنے مقاصد کے حصول کے لیے رجوع کریں۔ کاغذ پر نقش کا ہدیہ 300 روپے، چاندی پر 900 روپے۔

## کورسز

خالد انسٹی ٹیوٹ آف اکلٹ سائنسز کے تحت مختلف علوم مخفی کی کلاسیں اور کورسز بذریعہ ڈاک جاری ہیں۔ تفصیلی پمفلٹ کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں۔

جواب طلب امور کے لیے جوابی لفافہ ارسال کریں ورنہ جواب سے معذرت

free copy
khalidrathore.com

# مراۃ النجوم

## شادی بیاہ

وقتی زائچہ یا زائچہ ولادت میں ساتواں گھر نکاح شادی محبت وغیرہ سے منسوب ہے۔ پس اگر سائل کا زائچہ ولادت موجود ہو تو وقتی زائچہ تیار کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر زائچہ ولادت نہ ہو تو پھر وقتی زائچہ تیار کریں۔ اس کے بعد زائچہ کے خانہ ہفتم کو دیکھیں۔ اگر زائچہ میں ساتویں گھر سیارہ شمس واقع ہو تو سائل کی بینائی میں نقص یا جس لڑکی سے نسبت نکاح وغیرہ کا سلسلہ قائم ہو۔ اس کی بائیں آنکھ میں نقص واقع ہو یا نکاح کے بعد ایک قلیل عرصہ میں نقص واقع ہو جائے (۲) نیز سیارہ قمر ساتویں گھر آجائے تو سائل خواہشات نفسانی کا پابند بیوی کی فرمانبرداری سے وقت گزارے اور نکاح کے بعد تین سال تک زرومال کا فائدہ بہت کم ہو (۳) سیارہ مریخ یا سیارہ راس۔ ان دونوں سیاروں میں سے کوئی ایک سیارہ اگر ساتویں گھر میں واقع ہو تو نکاح کے بعد اس کی بیوی جلد مر جائے یا طلاق دینے پر مجبور ہو جائے (۴) اگر ساتویں گھر سیارہ ذنب واقع ہو تو نکاح کے بعد بیوی بیمار رہے۔ اختناق الرحم یا دیگر عوارضات کے تحت اولاد سے محروم رہے (۵) ساتویں گھر میں اگر سیارہ عطارد آجائے تو بیوی کفایت شعار ذی عقل، صاحب اولاد خود کو مرض جریان یا بیوی کو مرض سیلان الرحم کا عارضہ لاحق رہے (۶) ساتویں گھر میں اگر مشتری آجائے تو نکاح کا ہونا نہایت مبارک ہووے شادی کے بعد ملک املاک جائیداد کا حاصل ہونا ضروری ہے لیکن خود بیوی سے زیادہ محبت نہ رکھے اور بیوی حسین صاحب علم ہو گی (۷) ساتویں گھر میں اگر سیارہ زحل واقع ہو تو بیوی بد صورت بد اخلاق ملے۔ یا دائم المریض ہو۔

## ساتویں گھر کے مالک سیارہ کا دوسرے گھروں میں ثمرہ

ساتویں گھر کا مالک سیارہ زائچہ کے خانہ اول یعنی طالع میں آجائے تو بیوی کنجوس لڑاکی نافرمان ملے۔ دوسرے گھر میں آوے تو بیوی کو مرض صرع اختناق الرحم یا سیلان الرحم کے باعث اولاد میں قلت رہے یا حمل ضائع ہو جایا کریں۔ ساتویں گھر کا مالک تیسرے گھر میں آجائے تو دونوں میاں بیوی عیش پسند لیکن اس کی بیوی کو اس کے خاندانی لوگ تکلیف دینے پر آمادہ رہا کریں۔ ساتویں گھر کا مالک سیارہ چوتھے گھر میں آجائے تو دونوں میاں بیوی ایک دوسرے کے تابعدار رہیں۔ قناعت پسند، زیادہ روپیہ پیسہ کے مالک نہ ہو سکیں۔ ساتویں گھر کا مالک سیارہ اگر پانچویں گھر میں آجائے تو بیوی صاحب جمال ملے اولاد کا سکھ نصیب ہووے۔ نیز بیوی کم زبان اور اعلیٰ نسب سے ہووے اس کے علاوہ اگر ساتویں گھر کا مالک چھٹے گھر میں آجائے سائل یا مولود بیوی کا آرام پاوے۔ نکاح یا شادی اتفاقیہ یا جھگڑے سے ہو۔ نیز بیوی کو موت سے قبل خاوند کی موت واقع ہو۔ ساتویں گھر کا مالک سیارہ اگر ساتویں میں ہو تو بیوی حسین ملے اور تابعداری کرنے والی ہووئے اولاد کا سکھ نصیب ہو۔ دشمنوں پر غالب رہے۔ ساتویں کا مالک اگر آٹھویں گھر میں آجائے تو نکاح کے بعد تھوڑے ہی عرصہ میں بیوی کا انتقال ہو جائے یا ہر وقت بیمار۔ لڑائی جھگڑا ہونے کے باعث دوسری شادی کرنی پڑے۔ ساتویں گھر کا مالک اگر نانویں گھر میں آجائے تو بیوی حلیم طبع، فرمانبردار ہووے۔ لیکن نکاح کے بعد کسی وجہ سے قوت مردمی میں نقص واقع ہو جائے۔ ساتویں گھر کا مالک سیارہ اگر دسویں گھر واقع ہووے تو بیوی خود پسند، سینہ زور، عیش پرست فضول خرچ لیکن صاحب اولاد ہو جائے ساتویں گھر کا مالک سیارہ اگر گیارھویں گھر میں آجائے تو بیوی نرم مزاج شوہر سے وفاداری کرے لیکن امراض رحم سے تکلیف میں رہے۔ ساتویں گھر کا مالک سیارہ اگر بارھویں گھر میں آجائے تو دونوں میاں بیوی فضول خرچ، عیش و عشرت میں روپیہ کا نقصان کریں۔

## زائچہ کے ساتویں گھر میں سیارگان کا ثمرہ

اگر زائچہ ولادت کے پانچویں، ساتویں، نانویں گھر میں سیارگان شمس و زہرہ واقع ہوں تو سائل یا مولود کی شادی کے بعد کسی نہ کسی باعث سے

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

اس کی بیوی کی بائیں آنکھ جاتی رہے یا نقص واقع ہو جاوے۔ اگر ساتویں گھر میں مریخ واقع ہو تو نکاح کے بعد تھوڑے ہی عرصہ میں اس کی بیوی مر جائے۔ نیز یہ شخص قوت مردی سے محروم ہو یا ہو جائے۔ اس کے علاوہ اگر زائچہ میں مریخ چوتھے گھر اور راس ساتویں گھر آ جائے تو بھی اس کی بیوی زندہ نہ رہے اور مولود خلاف فطرت بد فعلی کیا کرے۔ اگر ساتویں گھر میں عطارد آ جائے تو مولود اپنی بیوی کو چھوڑ کر بازاری عورتوں سے میل ملاپ رکھے۔

زائچہ ولادت کے ساتویں گھر میں اگر سیارہ قمر، زحل، راس تینوں واقع ہوں تو سائل کی دو بیویاں ہوویں۔ ایک کم صورت والی دوسری خوبصورت زائچہ کے ساتویں گھر میں جتنے سیارے واقع ہوں یا جتنے سیاروں کی نظر کامل اس گھر پر پڑتی ہو اتنی ہی شادیاں ہوویں۔ ساتویں گھر میں زہرہ و عطارد دونوں واقع ہوں تو کم عمری میں شادی ہو جائے۔ ساتویں گھر میں سیارہ شمس اپنے گھر کو نظر کامل سے دیکھتا ہو تو مولود کی چھ شادیاں ہوویں۔ اگر کوئی اور سیارہ بھی نظر کامل سے دیکھتا ہو تو چھ سے زائد شادیاں ہووں۔ ساتویں گھر زائچہ میں سیارہ زحل و زہرہ دونوں واقع ہوں تو مولود کی دو شادیاں ہوں جن میں سے ایک بیوہ یا مطلقہ سے نکاح ہو اور دونوں بیویاں گھر میں ایک وقت موجود رہیں۔ ساتویں گھر کا مالک سیارہ یا زہرہ سیارہ برج حوت میں واقع ہوں تو شادی مرضی کے خلاف ہووے۔ ساتویں گھر میں سیارگان قمر و زحل واقع ہوں تو دو شادیاں ہوں۔ ساتویں گھر میں سیارہ راس آ جائے اور سیارہ مریخ زائچہ کے نانویں سیارہ زحل زائچہ میں چھٹے گھر واقع ہوں تو شادی کے آٹھ سال بعد اس کی بیوی مر جائے۔ ساتویں گھر میں مریخ واقع ہو اور سیارہ زحل نظر کامل سے دیکھتا ہو تو شادی کے بعد جلد ہی اس کی عورت مر جائے۔ اس کے علاوہ ساتویں گھر میں اگر مریخ واقع ہو اور سیارہ زحل کی نظر کامل نہ بھی ہو تو بھی اس کی عورت مر جائے۔ نوٹ: یہ میرے اپنے مشاہدہ میں آیا ہے۔

ساتویں گھر میں سیارگان زہرہ و عطارد آ جائیں تو عورت مرد میں ہمیشہ تکرار لڑائی جھگڑا ہوتا رہے۔ ساتویں گھر کا مالک سیارہ ہمراہ سیارگان شمس و زہرہ زائچہ میں چھٹے، آٹھویں، بارھویں آ جائیں تو مولود کی شادی اندھی عورت سے ہوئے یا شادی کے بعد کسی باعث سے اندھی ہو جائے۔ ساتویں گھر میں شمس دسویں گھر سیارہ زحل آ جائے اور سیارہ مشتری ان دونوں گھروں میں سے کسی ایک گھر کو نظر کامل سے دیکھتا ہو یا سیارہ قمر ساتویں میں ہو۔

ساتویں گھر کا مالک سیارہ اپنے گھر ہمراہ سیارہ زحل واقع ہووے تو اس کی بیوی کو اسقاط حمل کا عارضہ رہے یا کم سنی میں بچے ضائع ہو جایا کریں۔ ساتویں گھر کا مالک سیارہ و طالع کا مالک سیارہ زائچہ میں چھٹے گھر واقع ہوں تو میاں بیوی میں ہر وقت تکرار لڑائی جھگڑا ہوتا رہے۔ ساتویں گھر میں سیارہ زحل اور خانہ اول میں مریخ آ جائے تو اول بیوی زندہ نہ رہے۔ اس کے بعد جو شادی ہو وہ عیش پسند بیوی ہووے۔ ساتویں گھر کا مالک سیارہ زائچہ کے خانہ اول میں ہو اور خانہ اول کا مالک سیارہ ساتویں میں ہو تو دونوں میاں بیوی آرام سے زندگی بسر کریں۔ ساتویں گھر میں اگر سیارہ زحل آ جائے تو نیچ ذات کی عورت سے شادی ہو نیز آوارہ عورتوں سے میل ملاپ رکھے یا غیر مذہب سے شادی ہو۔ ساتویں گھر میں سیارہ راس چھٹے گھر مریخ آٹھویں گھر زحل واقع ہوں تو عورت مر جائے۔ اس کے علاوہ سیارہ شمس، مریخ، زحل زائچہ کے خانہ اول میں آ جائیں تو شادی کے بعد مرد جلد مر جائے۔ ساتویں گھر میں سیارہ راس ہو۔ اور اس گھر کو کوئی دیگر نحس سیارہ دیکھتا ہو تو نکاح کے بعد عورت جلد مر جائے۔ زائچہ کے پانچویں، ساتویں، نانویں ان تینوں گھروں میں کسی ایک گھر میں سیارہ شمس و زہرہ آ جاویں تو شادی جذامی عورت سے ہو یا شادی کے بعد اس کو جذام، برص وغیرہ کا عارضہ لاحق ہو جائے۔ زائچہ میں نانویں گھر کا مالک اگر طاقت ور ہو تو مرد کی وجہ سے عورت کی زندگی و خوش نصیبی ظاہر ہو۔ اگر زائچہ میں دوسرے گھر کا مالک سیارہ طاقت ور ہو تو شادی کے بعد عورت کے نصیب سے مرد کی خوش قسمتی ظاہر ہووے۔ بربادی، تباہی کرنے والی عورت کی پیدائش کے تھہ دوسری، ساتویں، دسویں، بارھویں ہو اور سیارہ شمس در (منزل پچھتر) ثریا، طرفہ جدر، سعد السعود بزبان ہندی کرتکا، اشلیکھا، مگھ، ست بھکھا، پچھتر ہو تو سنیچر وار اتوار یا منگل کو پیدا ہووے اور زائچہ ولادت کے خانہ اول میں مریخ یا زحل یا راس یا شمس واقع ہو تو وہ عورت جس گھر میں آ جائے اس گھر کو تباہ کر دے۔ ساتویں گھر میں سیارہ راس زحل مریخ شمس ان میں سے کوئی ایک آ جائے اور چوتھے گھر میں سیارہ قمر، عطارد و زہرہ، مشتری ان میں سے کوئی ایک واقع ہووے تو مولود کی شادی کے بعد اس کی عورت مر جائے اور کوئی دوستی کی عورت اس کے پاس رہے۔ اور اگر زائچہ میں ساتویں گھر و چوتھے گھر دونوں جگہوں پر نحس سیارے واقع ہوں تو نہ شادی کی عورت رہے اور نہ ہی محبت والی عورت اس کے قبضے میں رہے۔ پس زائچہ کے ساتویں اور چوتھے گھر میں اگر

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

نحس سیارے واقع ہوں اور سیارہ زہرہ کمزور حالت میں مقیم ہو تو تمام عمر مجرد رہنا پڑے۔ اس کے علاوہ اگر زائچہ کے خانہ اول میں سیارہ شمس، مریخ، زحل تینوں آجائیں تو شادی کے جلد ہی بعد مرد مر جائے۔ ساتویں گھر میں مریخ ہو اور زحل وزہرہ آجائیں تو عورت طلاق یافتہ سے شادی ہو۔

**نکتہ:**

مرد کے زائچہ ولادت کے خانہ اول، چہارم، ہفتم، ہشتم، یاز دہم گھر میں اگر سیارہ ماسوائے زحل کے آجائے تو وہ شخص ہندی جوتشیوں کے عقائد کے لحاظ سے منگلیک کہلاتا ہے۔ جس کا ثمرہ یہ ہے کہ شادی کے بعد جلد اس کی بیوی مر جائے اور اگر لڑکی کے زائچہ ولادت میں سیارہ مریخ انہی مندرجہ بالا گھروں میں آجائے یعنی واقع ہو تو شادی کے بعد اس کا خاوند جلد مر جائے اور اگر دونوں کے زائچہ ولادت میں سیارہ مریخ مندرجہ گھروں میں واقع ہووے تو لڑکی و لڑکا دونوں منگلیک کہلائیں گے۔ جس کا ثمرہ یہ ہے کہ شادی کے بعد دونوں میاں بیوی کو کسی قسم کا خطرہ لاحق ہونے کا اندیشہ نہیں ہوگا۔

## سیارہ مریخ کا خاص اثر

منگلیک لڑکا ہو یا لڑکی اپنی عمر کے ۱۹، ۲۲، ۲۵، ۳۵ سال میں نکاح یا شادی نہ کریں کیونکہ یہ اس کی نحوست کے خاص سال ہیں۔

## مریخ کی نحوست

مریخ کی نحوست کو سیارہ زحل زائل کر دیتا ہے۔ مثلاً ایک مرد یا لڑکی کے زائچہ ولادت میں چوتھے گھر سیارہ مریخ مقیم ہے اور سیارہ زحل اس کی زائچہ میں ساتویں آٹھوں، بارھویں یا خانہ اول میں واقع ہو تو منگل کا نحس اثر زائل ہو جاتا ہے اسی طرح سیارہ مریخ کے ہمراہ اگر سیارہ زحل آجائے تو بھی منگل کی تاثیر زائل ہو جاتی ہے۔ پس بروقت نکاح نسبت وغیرہ ان چیزوں کا خیال کر لینا ضروری ہے۔

## اولاد

زائچہ ولادت میں اس کا پانچواں گھر علم و عقل و اولاد سے وابستہ ہے اگر طالع کا مالک سیارہ یا سیارہ قمر، لگن یعنی زائچہ کے خانہ اول میں آیا ہو تو صاحب اولاد ہو۔ زائچہ کے پانچویں یا گیارھویں گھر میں سیارہ قمر زہرہ یا مالک طالع کا سیارہ آجائیں تو صاحب اولاد ہو۔ زائچہ کے خانہ اول یا نانویں گھر میں سیارہ مشتری مقیم ہو تو صاحب اولاد ہووے۔ زائچہ کے پانچویں گھر کا مالک سیارہ زہرہ مشتری قمر ان سیاروں کی پانچویں گھر پر نظر ہو تو اولاد کثرت سے ہو اور زندہ رہے۔ اگر زائچہ کے پانچویں گھر میں کوئی نحس سیارہ واقع ہو۔ اور اس گھر کے مالک سیارہ کی اس گھر پر نظر نہ ہوئے تو اولاد نہ ہووے۔ اگر زائچہ میں پانچویں گھر کو سیارہ قمر یا زہرہ نہ دیکھتے ہوں تو اولاد ہرگز نہ ہووے۔ اگر زائچہ میں چوتھے، ساتویں، دسویں سیارہ قمر وزہرہ کے ہمراہ کوئی نحس سیارہ واقع ہو تو اولاد سے محروم رہے۔ اگر ہو تو زندہ نہ رہے اگر طالع کا مالک سیارہ مذکر برج میں واقع ہو اور پانچویں کا مالک بھی مذکر برج میں ہو اور پانچویں گھر پر طالع کے مالک سیارہ کی نظر ہو تو اول لڑکا پیدا ہووے اور زندہ رہے۔

۱) اس کے علاوہ زائچہ کے تیسرے، پانچویں، ساتویں، نانویں، گیارھویں گھر میں سیارہ زحل واقع ہو تو اول اولاد لڑکا ہو۔

۲) اور اگر بوقت ولادت زحل رجعت میں غروب حالت میں تھا تو لڑکی پیدا ہووے۔

۳) طالع اور پانچویں گھر دونوں مذکر برج کے ہوں تو اول اولاد لڑکا پیدا ہووے۔

۴) زائچہ میں دو یا چار سیارے دو سبھاؤ برج میں واقع ہوں اور سیارہ عطارد اس گھر پر ناظر ہو تو بیک وقت دو لڑکے پیدا ہوں۔

۵) دو یا چار سیاروں کا اجتماع دو سبھاؤ برج میں ایسا واقع ہو کہ ان میں مذکر سیارے کم ہیں، مونث زیادہ ہیں یا مذکر سیارے اگر طاقت ور نہیں ہیں یا رجعت میں ہیں یا رجعت میں ہیں یا بحالت غروب کے ہوں اور ناظر سیارہ عطارد غروب ہو یا رجعت میں ہو تو دو لڑکیاں بیک وقت پیدا ہوں اور دونوں زندہ رہیں اور اگر اجتماع سیارگان ہم پلہ ہوں تو بیک وقت ایک لڑکا اور لڑکی پیدا ہووے۔

۶) زائچہ ولادت کے پانچویں گھر میں اگر سیارہ زہرہ طاقت ور ہو کر واقع ہو تو یکے بعد دیگرے چھ لڑکیاں پیدا ہوں۔ اس کے علاوہ جتنے مونث سیارے پانچویں گھر پر ناظر ہوں اتنی ہی لڑکیاں پیدا ہوں۔

۷) پانچویں گھر میں سیارہ عطارد بحالت رجعت یا غروب حالت میں واقع ہووے تو اول اولاد مخنث پیدا ہو یا مثل مونث اولاد پیدا ہووے۔

۸) سیارہ قمر و طالع یعنی لگن دو نحس سیاروں کے درمیان میں واقع

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
LuraTech Document Processing Solutions

ہوں تو اول اولاد پیدا ہوتے ہی مر جائے اور ساتھ ہی اس کی والدہ بھی مر جائے۔ جن دو نحس سیاروں کے درمیان سیارہ قمر وطالع واقع ہوں اگر وہ دونوں سیارے بحالت رجعت یا غروب ہوں تو پیدا ہونے پر بچہ زندہ نہ رہے۔ اور اس کی والدہ بچ جائے۔

۹) اگر زائچہ کے ساتویں گھر میں سیارہ قمر زہرہ آجاویں تو اولاد میں لڑکیاں زیادہ ہوں۔

۱۰) زائچہ کے ساتویں گھر پر سیارہ قمر و زہرہ ناظر ہوں تو اول اولاد لڑکی پیدا ہووے اور بہت خوش قسمت واقع ہووے۔

۱۱) پانچویں گھر میں جتنے مذکر سیارے واقع ہوں یا جتنے مذکر سیارے پانچویں گھر پر ناظر ہوں اتنے ہی لڑکے پیدا ہوں اور جتنے مونث سیارے پانچویں گھر واقع ہو یا ناظر ہوں اتنی ہی لڑکیاں پیدا ہوں۔

۱۲) جتنے نحس سیارے پانچویں گھر پر ناظر ہوں اتنی ہی اولادیں ہو کر مر جایا کریں۔ یا اتنے ہی حمل ضائع ہو جاویں۔

۱۳) اگر کوئی سعد سیارہ مذکر خانہ پنجم میں بحالت رجعت واقع ہو یا پانچویں گھر پر ناظر ہو تو تین لڑکے پیدا ہوں۔ اور اگر کوئی مونث سیارہ پانچویں گھر میں بحالت رجعت واقع ہو یا ناظر ہو تین لڑکیاں یکے بعد دیگر پیدا ہوں۔

## مولود کس ذریعہ سے امیر ہوگا

۱) وقتی زائچہ یا زائچہ ولادت کے دسویں گھر کا مالک اپنے گھر میں یا شرف میں خانہ اول چوتھے، ساتویں، ناویں، دسویں واقع ہو تو مولود وقت حاکم صاحب املاک اعلیٰ درجہ کی ملازمت پر فائز ہووے۔

۲) اگر سیارگان قمر، عطارد، زہرہ، مشتری زائچہ کے خانہ اول، چہارم، پنجم، ہفتم، دہم میں آجاویں تو سائل یا مولود کو حکومت کے جانب سے درجہ سفراء وزارت، جج یا کوئی دیگر عدالتی کام سپرد ہووے یا کوئی اعلیٰ تجارتی کام ٹھیکیداری کے کام سے دولت حاصل کرے۔

۳) اگر سیارہ مشتری و زہرہ زائچہ میں جفت برج میں واقع ہوں اور عطارد سیارہ خانہ اول میں ہو مریخ دسویں گھر ہو تو سائل کو زمینداری، کھیتی باڑی کے کاموں سے نفع ہووے۔

۴) زائچہ کے خانہ اول میں مشتری سیارہ قمر، زائچہ میں چوتھے، ساتویں، دسویں واقع ہو تو اتفاقیہ روپیہ ملنے پر امیر ہو۔ اگر زائچہ کے خانہ اول میں زحل واقع ہو تو بیشک سائل یا مولود صاحب ثروت ہو لیکن بوجہ دائم المریض ہونے کے زیادہ تر خرچ اپنی بیماری کیا کرے۔

۵) اگر زائچہ کے خانہ اول میں مریخ واقع ہو تو کسی سوسائٹی کا صدر یا ممبر، دشمنوں کی جانب سے اسلحہ وغیرہ کے ذریعہ سے حملہ کا خطرہ لاحق رہے اور اس کے بچنے کے متعلق اس پر خرچ کیا کرے۔

۶) اگر زائچہ کے خانہ دوئم میں ایک سے زیادہ نحس سیارے واقع ہوں تو سائل یا مولود بذریعہ تجارت یا دستکاری کافی روپیہ حاصل کرے۔ لیکن اس کا کمایا ہوا روپیہ عدالتی کاموں میں خرچ ہو جایا کرے۔ اور جوان عمر میں کسی امور کے تحت سزا قید یا جرمانہ وغیرہ کے ہونے کا امکان ہے۔

۷) اگر زائچہ کے خانہ اول سے یا جس گھر میں سیارہ قمر واقع ہو وہاں سے دسویں گھر سیارہ شمس واقع ہووے۔ تو جدی پشتی رئیس، جاگیزدار والدہ یا والد کے خاندان کے باعث امیر ہووے۔

۸) زائچہ کے خانہ اول سے دسویں گھر سیارہ قمر واقع ہووے تو والدہ کے نسب یعنی ننھیال کے خاندان سے یا کسی کے بطور متبنے ہونے کے جائداد یا میراث کا مالک بن جائے۔

۹) اگر زائچہ کے خانہ اول سے دسویں گھر سیارہ مریخ واقع ہو تو بہن بھائیوں یا کسی خاص دوست کا درشہ ہاتھ میں آوے۔ نیز ستارہ مشتری کا بھی یہی ثمرہ ہے۔

۱۰) زائچہ کے خانہ اول سے دسویں گھر سیارہ عطارد آجاوے تو تجارت علم کے ذریعہ سے دولت حاصل ہووے۔ نیز کسی دشمن کی جائداد بھی ہاتھ لگے۔

۱۱) زائچہ کے خانہ اول سے اگر زہرہ دسویں واقع ہووے تو بیوی کے آبائی خاندان یا سسرال کے کسی مرد کی جائداد کا مالک بن جائے اگر زائچہ کے خانہ اول سے دسویں گھر سیارہ زحل واقع ہووے تو نیچ ذات کے لوگوں سے مفاد حاصل کرے یا کسی نوکر، خدمت گار کی دولت ملے وغیرہ وغیرہ۔

نوٹ: سیارگان راس، ذنب کے لئے بھی وہ حکم ہے جو کہ زحل کا ہے۔

## دشمن مقدمہ بیماری

۱) زائچہ کے چھٹے گھر سے بیماری دشمن مقدمہ وغیرہ کا پتہ معلوم کیا جاتا ہے۔ اور اسی گھر سے جادو، سحر، مال مویشی کا حال معلوم کیا جاتا ہے۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

اس گھر میں اگر سیارہ شمس واقع ہو تو نقل و حرکت و عدالتی کاموں میں نقصان دکھاوے۔

۲) سیارہ قمر آ جائے تو دشمنوں سے خوف و ہراس، مخبوط الحواسی، کھانسی دمہ، دق وغیرہ کے عارضہ سے تکلیف اٹھاوے۔

۳) سیارہ مریخ واقع ہو تو معدہ یا انتڑیوں میں نقص، دشمنوں پر فتح، ملکی معاملات میں مشہور، سیاسی کارکن ہو۔

۴) عطارد ہو تو حلال کی کمائی کے کھانے والا، متقی، پرہیزگار، پاک محبت کا متلاشی، صاف گوئی سے دوسروں کو دشمن بنا لیا کرے۔ ظاہری نمائش کو پسند نہ کرے۔

۵) مشتری چھٹے گھر میں ہو تو والدہ بیمار رہے یا کوئی دیگر فکر اس کی جانب سے لاحق رہے۔ ننیال کے گھر سے مفاد حاصل کرے۔

۶) چھٹے گھر میں سیارہ زہرہ آ جائے تو میاں بیوی میں ناچاقی رہے۔ شراکتی تجارت سے نقصان اٹھاوے۔

۷) زحل چھٹے گھر واقع ہو تو دشمنوں پر غالب صاحب جائیداد زرعی اراضی پر قابض، عدالتی کام سپرد ہوں اور اس کا کمایا ہوا روپیہ اس کے استعمال کے علاوہ اس کے خویش و اقارب کے کاموں میں زیادہ صرف ہوا کرے۔

۸) چھٹے گھر میں سیارہ راس ہو تو دشمنوں کے مقابلہ میں کامیاب رہا کرے۔ دماغی بیماری، مالیخولیا، نسیان یا دیگر اعصابی امراض سے تکلیف اٹھاوے۔

۹) زائچہ کے چھٹے گھر میں سیارہ ذنب ہو تو مرض اسہال، بواسیر یا دیگر امراض مقعد، ناسور، بھگندر کے باعث تکلیف اٹھاوے نیز اوائل عمر میں کسی چھوت دار مرض کے لاحق ہونے کا اندیشہ ہو۔

## چھٹے گھر کے مالک سیارہ کا ثمرہ

چھٹے گھر کا مالک سیارہ اگر اپنے ہی گھر میں ہو تو اس کے خویش و اقارب اس کے ہم خیال نہ رہیں۔ لیکن دشمن کے مقابلہ میں کامیابی حاصل کرے۔ عدالتی کاموں میں زیادہ وقت صرف کرے۔

۲) چھٹے گھر کا مالک سیارہ، زائچہ کے دوسرے گھر میں واقع ہو، تو صاحب زائچہ، آرٹسٹ، مصور، انجینئر یا دیگر دست کاری میں کمال حاصل کرے لیکن اس کی صحت حال نہ رہا کرے۔

۳) چھٹے گھر کا مالک سیارہ زائچہ کے تیسرے گھر میں واقع ہو، تو جوان عمر میں عیاشی یا بد صحبت سے اپنے کمائے ہوئے روپے کے علاوہ اپنا جدی ورثہ بھی اس کے قبضے سے نکل جائے۔

۴) زائچہ کے چھٹے گھر کا مالک سیارہ زائچہ کے چوتھے گھر میں واقع ہو، تو ابتدائی عمر میں والدین سے علیحدگی یا نافرمانی، ادھیڑ عمر میں اولاد سے ناچاقی رہے۔

۵) چھٹے گھر کا مالک سیارہ زائچہ کے پانچویں گھر میں واقع ہو، تو کسی خراب صحبت سے اپنے جسم کو اور اپنے علم و عقل کو نقصان پہنچائے۔

۶) چھٹے گھر کا مالک سیارہ زائچہ کے چھٹے گھر میں آ جائے تو خود غرضی سے زندگی بسر کرے۔ دشمنوں پر غالب رہے دوسروں کی بات پسند نہ کیا کرے۔

۷) چھٹے گھر کا مالک سیارہ زائچہ کے ساتویں گھر میں ہو، تو عدالتی کاموں، بحث مباحثہ کے پیشہ سے روزی کمائے اور اس کی کمائی کا بیشتر حصہ عشق و محبت کے کاموں میں صرف ہوا کرے۔ حسن پرست اور راگ رنگ کا شائق ہووے۔

۸) چھٹے گھر کا مالک سیارہ زائچہ کے آٹھویں گھر میں ہو تو صاحب زائچہ کی اچانک موت اسلحہ، زہر یا کسی زہریلے جانور کے ڈس جانے سے ہو۔

۹) چھٹے گھر کا مالک سیارہ زائچہ کے نانویں گھر میں ہو، تو کسی نہ کسی وجہ سے اولاد کی تکلیف رہے۔ نیز کسی مرض کے تحت دائیں یا بائیں ٹانگ میں نقص واقع ہو جائے۔

۱۰) زائچہ کے چھٹے گھر کا مالک سیارہ دسویں گھر میں ہو تو والد کے نقش قدم پر نہ چلے، ویسے مالدار اور ذی عزت ہو۔

۱۱) چھٹے گھر کا مالک سیارہ زائچہ کے گیارھویں گھر میں ہو، تو دشمنوں سے خوف اور اپنے مخالفوں کے مقابلہ میں روپیہ خرچ کیا کرے۔ بلکہ کوئی ایسا باعث بھی ہوگا کہ یکایک اس کا زر اور مال ضائع ہو۔

۱۲) چھٹے گھر کا مالک سیارہ زائچہ کے بارھویں گھر میں ہو، تو مال مویشی پالنے کا شائق ہو، سیر و سیاحت میں حصہ لینے والا ہو، مختلف ممالک کا سفر کرے، اور زر و مال اوسط درجہ کا ہو۔

## زائچہ کے چھٹے گھر میں قابض سیارگان کا

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy khalidrathore.com
Document Processing Solutions

## ثمرہ

۱) چھٹے گھر کا مالک سیارہ طالع میں ہو، اور اس کے ہمراہ سیارہ شمس ہو، یا سیارہ شمس آٹھویں گھر میں مقیم ہو، تو مولود کو جلدی امراض یا امراض برص وغیرہ کے لاحق ہونے سے جلد خراب ہو جائے اور بدن بدصورت ہو جانے کا خدشہ ہو۔

۲) زائچہ میں جنم لگن برج دلو ہو اور چھٹے گھر کا مالک سیارہ، ہمراہ سیارہ قمر طالع میں ہو، یا زائچہ کے آٹھویں گھر میں واقع ہوں، تو مولود کے منہ پر داغ ہو۔

۳) چھٹے گھر میں سیارہ زہرہ و مریخ واقع ہوں اور سیارہ شمس نظر کامل سے دیکھتا ہو، تو مولود دائم المریض ہو۔

۴) چھٹے گھر میں سیارہ زحل واقع ہو تو مرض وجع المفاصل پیدا ہو یا پاؤں کو کوئی تکلیف دے۔ سیارہ راس واقع ہو، تو دانتوں کو ماخورہ یا پائیوریا وغیرہ کا مرض ہو مریخ یا زحل زائچہ کے چھٹے یا آٹھویں گھر میں واقع ہوں، تو مرض ہسٹریا یا اختناق الرحم مرگی وغیرہ کا مرض ہووے۔ سیارہ قمر و عطارد چھٹے گھر میں واقع ہوں، تو کسی زہریلی چیز کے کھانے سے موت واقع ہو۔

۵) جنم لگن برج سرطان ہو۔ سیارہ مریخ و عطارد چھٹے گھر میں آجائیں تو مولود جعل سازی بدصحبت سے نقصان اٹھایا کرے۔

۶) زائچہ کے چھٹے گھر میں قمر، مریخ، راس، زحل یہ چاروں سیارے اکٹھے ہوں، تو سست الوجود، دوسروں کا دست نگر، مفت کا مال کھانے والا ہو۔

۷) زائچہ کے چھٹے گھر میں شمس، مریخ، زحل یہ تینوں سیارے آجائیں تو مولود کو کوئی لاعلاج مرض لاحق ہو۔

۸) طالع کا مالک سیارہ چھٹے گھر میں ہو، اور چھٹے گھر کا مالک سیارہ طالع میں ہو تو وہ شخص جذامی ہو۔

۹) چھٹے گھر کا مالک سیارہ ہمراہ سیارہ شمس طالع میں آجائیں تو فساد خون سے تکلیف پہنچے۔

۱۰) چھٹے گھر کا مالک سیارہ ہمراہ سیارہ راس زائچہ کے ساتویں گھر واقع ہو تو ضعف معدہ انتڑیوں میں نقص وغیرہ کی تکلیف ہو۔

۱۱) چھٹے گھر کا مالک سیارہ زائچہ کے چوتھے، آٹھویں، بارھویں گھر میں واقع ہو، اور سیارہ زحل نظر کامل رکھتا ہو، تو مولود کانوں سے بہرہ ہو جائے۔

۱۲) چھٹے گھر میں زحل و مریخ آجائیں تو مولود کی بیوی کو اسقاط حمل کا عارضہ لاحق ہو۔

## زائچہ کے چھٹے گھر پر سیارگان کی نظرات کا ثمرہ

۱) زائچہ کے چھٹے گھر کو سیارہ شمس نظر کامل سے دیکھتا ہو، تو مولود کی دائیں آنکھ میں نقص ہو۔ دشمنوں پر فتح پائے، والد کا ورثہ حاصل کرے۔

۲) زائچہ کے چھٹے گھر کو سیارہ قمر نظر کامل سے دیکھتا ہو، تو مولود کی بائیں آنکھ میں نقص ہو، مرض جریان ہو، قوت مردمی میں کمی ہو مخالف زیادہ رہیں۔

۳) زائچہ کے چھٹے گھر کو مریخ نظر کامل سے دیکھتا ہو، تو مولود ننہال سے تکلیف پائے کسی لڑائی جھگڑے یا اتفاقیہ اسلحہ وغیرہ سے چوٹ کھائے۔

۴) زائچہ کے چھٹے گھر کو سیارہ عطارد نظر کامل سے دیکھتا ہو تو چغلیوں، چغل خوروں کی صحبت سے نقصان اٹھائے، اور ان کی پاسداری میں روپیہ کا نقصان، وقت کے حاکم کی نظروں میں حقیر خیال کیا جائے۔

۵) زائچہ کے چھٹے گھر کو سیارہ مشتری نظر کامل سے دیکھتا ہو، تو والدہ کی خدمت کرے، جھوٹ، فریب، جعل سازی وغیرہ کے ذریعے سے روپیہ پیدا کرنے والا ہووے۔

۶) زائچہ کے چھٹے گھر کو سیارہ زہرہ نظر کامل سے دیکھتا ہو تو عیش پرستی، شراب نوشی اور حسن پرستی میں روپیہ ضائع کرے، اور اس کے مخالف بھی زیادہ ہوں۔

۷) زائچہ کے چھٹے گھر کو سیارہ زحل نظر کامل سے دیکھتا ہو، تو دشمنوں پر غالب ہو، ننہال سے یا تو اتفاق نہ رہے یا کسی باعث سے ان کی جانب سے تکلیف میں رہے، اور دائم المریض رہے۔

۸) زائچہ کے چھٹے گھر کو سیارہ راس نظر کامل سے دیکھتا ہو تو دشمنوں پر غالب رہے۔

۹) زائچہ کے چھٹے گھر کو سیارہ ذنب دیکھتا ہو، تو پاؤں کو تکلیف ہو، اعضائے تناسل کے مرض سے تکلیف اٹھائے، خویش و اقارب سے نفع نہ ہو۔

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy
khalidrathore.com
Document Processing Solutions

عبدالفتاح السید الطوخی بیروت

# السحر العجیب فی جلب الحبیب

## حبیب کی کشش میں عجیب جادو

**زیر نظر مضمون عبدالفتاح السید الطوخی کی کتاب السحر العجیب فی جلب الحبیب سے لیا۔ ہر ماہ یہ سلسلے وار مضمون آپ کے لیے ترجمہ کر کے پیش کیے جائیں گے۔ (ایڈیٹر خالد اسحاق راٹھور)**

### بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اے خالق عظیم تیرے لیے تعریف ہے تو وہ ذات ہے جس نے انسان کو پیدا کیا اور اسے تعلیم دی۔ اور تمہاری کثیر مخلوق پر تمہارا افضل ہے۔ اور تیرا سلام اور درود تمہارے نبیؐ محبوب پر ہو جسے تو نے ہر طالب اور مطلوب کے لیے بھیجا اور ہر راغب اور مرغوب کے لیے اور مشرق سے مغرب تک ان کی آل اور ان کے اصحاب پر سلام ہو۔ اور تابعین و تبع تابعین پر اور ان کے ساتھ ہم پر بھی سلام ہو اس دن تک جب حلق تک دل پہنچیں گے۔ اور اس کے بعد اطوخی الفلکی عبدالفتاح ابن سید محمد عبدہ کہتا ہے جو اللہ تعالیٰ سے نجات اور کامیابی کی امید رکھتا ہے۔ اللہ اسے، اس سے پہلے اور بعد میں آنے والوں کو بخش دے۔

### محبوب کو (کھینچ کر) حاصل کرنے میں عجیب جادو

میں نے اسے اسباق پر بنایا ہے۔ تفصیل کے ساتھ اس کے حصے بنائے ہیں۔ اور میں نے ظاہر کر دیا ان (معاملات) کو جن کو قدماء نے چھپایا تھا۔ یہاں تک کہ میں آپ سے خوشی اور دعاء حاصل کروں۔ اور ہم اللہ تعالیٰ سے توفیق اور حسن خاتمہ مانگتے ہیں۔ آمین۔ تمام لوگوں کے لیے مخلص 'عبدالفتاح السید عبدہ الطوخی۔

(زہرہ کی شعاؤں کا نقش)

زنداش ما سوناش هملیوش دهاذیش کلیماش شملوش
ازھوش مطاریش

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | ١٨ | ١٩ | ٧٧ | ٩ | |
| | ٧١ | ١٠ | ١٠ | ٧٠ | |
| | ١١ | ٧٤ | ١٧ | ١٤ | |
| | ١٨ | ١٣ | ١٧ | ٤٣ | |

احیبوا واجلیوا وحبحوا وعطفوا قلب کدااِل کر واجیبوش ضیما اُریدہ

### (اور یہ زہرہ کا پیغام ہے جو کہتا ہے)

اوقات کے لیے بہار آگئی ہے۔ اور گھڑیاں معطر (خوشبودار) ہو گئی ہیں۔ کرنیں قریب ہو گئی ہیں۔ اور دعاؤں کے منظور ہونے کا حصول ہو گیا ہے۔ اور روحانی انعامات میں سے کرامات ظاہر ہو گئی ہیں۔ اور سال میں زہرہ کی روحانی وجوہ ہیں **زنداش و علیوناش و هملیوش و دهاذلیش و کلیماش و شملوش وازھوش ومطاریش** تمہارے انوار کو منور کر دیا اور تمہارے اسرار کے ساتھ سرعت پیدا کر دی۔ (اپنی کوششوں کو اکٹھا کریں)۔ پرجوش ہوں اور اسی طرح پر ملائیں **کھیراش کیراش کوریوش دکھیوش دھمیالخ بشھطوف میلاخ ندراخ اپنا مقصد پانے والا ہو گا کریوش شھطلاش** جواز داح کو پالے گا۔ **اھیاشراھیا صریال صدریال الرحمن** عرش پر موجود ہے۔ اس کے بہت خوبصورت نام ہیں اور اس کی بہت بلند صفات ہیں۔ اس کی ذات مغرور و طاقتور لوگوں کو ذلیل و

نجوم 'پامسٹری 'اعداد 'جفر 'عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

پست کر دیتی ہے۔ اور کسریٰ بادشاہوں کو بھی وہ دینے والا ہے۔ **مہلیاخ میلاخ** جو بہت طاقتور ہے اور کبریا والا ہے۔ سال میں روحانی عزتیں ہونگی۔ روشن کر دیا (اوقات کو) پس شہب ستارے سے نہ کوئی مفر ہے۔ اور نہ ہی قرار۔ وہ اپنے ساتھ لائے گا۔ اے ربانی **ھطیثاسار ھطف کلوسمھطیونا**۔ جو خوش بختی کو جلدی لائے گا۔ جس کا میں ارادہ کرتا ہوں۔ پلک (آنکھ) جھپکنے میں **اھیاشر آھیاغامیاتی ھیا ادونای اصبآئوت آل شدای العجل**۔

## (ستارے عطارد کے پیغام کا باب)

اور یہ سفروں، پتھروں، ملاپ، بغض، جدائی اور اختلافات کے لیے ہے ازدواجی ملاپ اور سفر ہونگے۔ اور یہ جواز ہوگا کہ ملک اس کا ہے۔ اور (ساتھی) نیک ہوگا۔ اور ان سب کے لیے تمام اعمال میں خاص نقش (مہر) ہے۔

## (جب تو ارادہ کرے بغض کا جن لوگوں کے درمیان تو چاہتا ہے)

پس آنے والے نقش کو ٹھیکری پر لکھو۔ اور چاند برج سنبلہ میں ہوگا اور یہ وقت زحل کے لیے ہے۔ مقل اور بدر کتان کے ساتھ بخور ہے۔ اور اس پر ۴۵ دفعہ دعوۃ پڑھیں اور پھر ٹھیکری کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کیجئے۔ اس سے ہوا میں خاک اڑے۔ انہیں مطلوب کے گھر میں یا اس کے راستے میں رکھیں بے شک وہ الگ الگ ہو جائیں گے اور اللہ کے حکم کے ساتھ کبھی بھی اکٹھے نہیں ہونگے۔

## (اور بغض جدائی اور دشمنی کے لیے بھی)

آنے والے نقش کو بکری کی رنگی ہوئی کھال پر لکھیے۔ اور چاند برج جوزاء میں ہوگا اور یہ گھڑی مریخ کی ہے اور پہلے گزرے ہوئے پر بخور ہو اور دعوۃ کو ۴۵ دفعہ پڑھیں۔ اور کھال ویران جگہ قبر میں دفن کریں۔ بے شک معمول (جس کا ارادہ کیا گیا ہے) کے لیے جدائی ہوگی اور ان کے درمیان شر واقع ہو جائے گا۔

## (اور جس کے بارے میں تو اختلاف چاہے شہر سے یا مکان سے)

عطارد کی شعاؤں کے نقش کو چار اوراق پر لکھیں اور چاند بادی برج میں ہو۔ اور وقت عطارد کے لیے ہے۔ اور ابو ریاح کا عمل کیجئے (یعنی اسے گول پنکھے کے ساتھ لپیٹ لیں) اور اسے اپنے آگے نصب کر دیں۔ اور پھر دعوۃ (کلام) ۴۵ مرتبہ پڑھیں پھر اسے ہوا میں نصب کریں۔ جب تک چلتا رہے گا اللہ کے حکم سے مطلوب جلد ہی منتشر ہو جائے گا۔

## (اور جس کو چاہے اُس کے گھر کو پتھر پڑیں)

آنے والے نقش کو سرخ رنگ کی بکری کے رنگ شدہ چمڑے پر لکھیں اور چاند برج منقلب میں ہوگا اور طالع برج دو اجسام والا ہوگا۔ اور بخور ہو جیسے گزر چکا۔ اور اس دعوۃ کو ۴۵ دفعہ پڑھیں پھر اسے ایک بھاری پتھر کے نیچے دبا دیں اور پتھر پر لوہے کی سلاخ کو مضبوطی سے پکڑیں اور تم ایک دفعہ دعوۃ کو پڑھو۔ پھر اس کھال کو لو اور اسے مکان کے سامنے دفن کر دو۔ بے شک رات دن پتھر برسیں گے یہاں تک کہ وہ تباہ و برباد ہو جائے گا اور اس مکان کے رہنے والے وہاں سے بھاگ جائیں گے۔

## (اور جس کے ساتھ تو چاہے شادی ہو یعنی ازدواج ہو)

نقش کو سیسے کی لوح پر لکھیں۔ اور چاند برج ثابت میں ہوگا۔ اور وقت زحل کے لیے ہے۔ دعوۃ ۴۵ دفعہ پڑھیں اور پھر لوح کو تاریک مکان میں دفن کر دیں۔ پھر جس کے ساتھ آپ نے ارادہ کیا یعنی معمول کے ساتھ ازدواجی تعلقات منعقد ہونگے یا سفر (سعید) ہوگا۔

## (اور جس کے ساتھ تو چاہے ملاپ اور عقد ہو)

ایک بڑا تالا لیں اور اس کی پشت پر نقش کو لکھیں۔ اور چاند برج ثابت میں ہوگا۔ اور بخور ہو۔ اور اس پر ۴۵ مرتبہ دعوۃ کو پڑھیں۔ اور قفل کو بند کر دیں۔ اس کی چابی کی حفاظت کیجئے۔ قفل کو پانی کی جگہ کے نیچے دفن کریں۔ بے شک ان عورتوں کے ساتھ عقد ہوگا اور مضبوط تعلقات و ملاپ ہونگے۔ آپکے سوا کوئی کھول نہیں سکے گا اور اسی طرح رہیں گے جب تک چابی کے ساتھ قفل کو کھول نہ دیا جائے اسی طرح سابقین حکماء نے کہا۔ پس ان کے راز کی حفاظت کریں۔

کتاب ہذا کا سلسلہ وار بیان انشاء اللہ اگلے ماہ بھی جاری رہے گا۔

وقت ملاقات
شام 5 تا 8 رات صرف

نجوم، پامسٹری، اعداد، جفر، عملیات اور ساعات پر کورسز کا اجراء کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے لیے 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کریں

free copy khalidrathore.com UniPatech Document Processing Solutions

# بارہ مصالحے سولہ سنگھار

## تبسم نبوی ﷺ

### ام المومنین کی برات پر تبسم

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر جب تہمت لگی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سخت پریشان ہوئے۔ اس سلسلہ میں جب وحی کا نزول ہوا اور اللہ تعالے نے سیدہ کی برات پر شہادت عطا فرمائی۔

**فلما سری عن رسول الله صلی الله علیه وسلم و هو یضحك** جب نزولِ وحی کی کیفیت ختم ہوئی تو آپ نے تبسم فرمایا

اور کہا عائشہ

**اما الله فقد براك** اللہ تعالی نے تمہاری برات کا اعلان فرمادیا ہے

دوسری روایت میں ہے

**ما زال یضحك حتی انی لانظر الی نواجذه سرورا** آپ اتنے مسکرائے کہ ہم نے آپ کے مبارک دانتوں کی زیارت کی (فتح الباری ۸ : ۳۴۴)

ooooo

## حکایات شیریں

